★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلدنمبر 15 | منگل یکم ربیع الاول 1447ھ، 26 اگست 2025ء 10 بھادوں 2082 بِ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 271

مریم نواز کے اعزاز میں تھائی لینڈ میں عشائیہ

پنجاب کی ترقی کے وژن اقدامات کو سراہا

پاکستان اور تھائی لینڈ کی دوستی باہمی احترام اور معاشی تعاون پر مبنی، ثقافتی سفارت کاری، تعلیم اور سیاحت کا فروغ ہمارے عوام کو مزید قریب لاسکتا' خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اعزاز میں تھائی لینڈ کے سابق وزیراعظم اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبے میں ممتاز کاروباری شخصیت تھکسان شیناوترا نے عشائیہ تقریب کا انعقاد کیا۔ تھائی لینڈ کی کم عمر ترین پہلی خاتون سابق وزیراعظم پائیٹونگٹرن شیناوترا نے بھی شرکت کی۔ تھائی لینڈ کے سابق وزیراعظم تھکسان شیناوترا اوران کی صاحبزادی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔ تھکسان شیناوترا نے پاکستان مسلم(بقیہ نمبر 5)

جدہ: نائب وزیراعظم اوروزیرخارجہ سینیٹرمحمد اسحاق ڈاراو آئی سی کے 21ویں غیرمعمولی اجلاس میں خطاب کررہے ہیں

جنوبی وزیرستان لوئر' دفعہ 144 کے تحت نقل وحرکت پر پابندی عائد

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان لوئر کی تحصیل برمل میں دفعہ 144 کے تحت نقل وحرکت پر پابندی عائد کردی گئی۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی سیکیورٹی خدشات اور فورسز کے سامان کی ترسیل کے باعث (بقیہ نمبر 2)

واشنگٹن ریلی میں یاسین ملک سمیت تمام کشمیری نظربندوں کی رہائی کا مطالبہ

''سپریم کورٹ کا فیصلہ ایک فریب ہے''، ''تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کی ضرورت ہے

بھارت نے سچ بولنے پر یاسین ملک کو پھانسی دینے کا منصوبہ بنایا ہے، بیٹی یاسین ملک رضیہ سلطانہ

واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن ڈی سی میں بھارتی سفارت خانے کے سامنے ایک زبردست ریلی نکالی گئی جس میں جموں وکشمیرلبریشن فرنٹ کے چیئرمین محمد یاسین ملک اور دیگر تمام کشمیری(بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف خطاب کررہے ہیں

علی امین گنڈاپور نے سیلاب متاثرہ علاقوں سے متعلق اجلاس طلب کرلیا

اجلاس میں اب تک فراہم کی گئی امدادی رقوم پر بریفنگ' مزید امدادی رقوم کی فوری فراہمی پر حکمت عملی تیار ہوگی' ترجمان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے سیلاب متاثرہ علاقوں سے متعلق اجلاس طلب کرلیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ کے مطابق اجلاس میں اب تک فراہم(بقیہ نمبر 6)

بھارت کا پاکستان سے رابطہ، سیلاب کی پیشگی اطلاع حفاظتی بند ٹوٹنے سے بستیاں زیر آب، لاکھوں لوگ بے گھر

درجنوں دیہات کے لپیٹ میں آنے کا خدشہ' دریائے ستلج نے سرحد کے قریب علاقوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے، انسانی آبادی اور مکانات بھی متاثر ہوئے ہیں، پی ڈی ایم اے

بھارت کی طرف سے پاکستان کو ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے پیشگی' بھارتی ہائی کمیشن اسلام آباد کی جانب سے آگاہ کیا گیا' جنگ کے بعد اپنی نوعیت کا پہلا بڑا رابطہ، الرٹ جاری کر دیا گیا

لاہور' پاکپتن (این این آئی) بھارت کی جانب سے پانی چھوڑنے کے بعد دریائے ستلج کے کئی مقامات پر حفاظتی بند ٹوٹ گئے جس سے کئی بستیاں زیرآب آ گئی ہیں اور ہزاروں لوگ بے گھر (بقیہ نمبر 1)

قائمہ کمیٹی کا متفقہ طور پر اگلے اجلاس میں رانا ثناء اللہ کو طلب کرنے کا فیصلہ

رانا ثناء اللہ کمیٹی میں نہیں آتے، اگلی بار وہ نہ آئے تو اجلاس نہیں ہوگا، ممبران کا اظہار برہمی

اگست کا مہینہ مقدس، عوام متحد، ملک سب سے پہلے، سیاست بعد میں ہوتی رہے گی، شاہ اللہ مستی خیل

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی [illegible] رانا ثناء اللہ [illegible] (بقیہ نمبر 4)

انڈیپینڈنٹ عربیہ کی صحافی مریم ابودقہ اسرائیلی حملے میں ہلاک ہوگئی

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے کیلئے ہماری فورسز پرعزم ہیں: وزیر داخلہ

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا بین ثبوت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ [illegible] (بقیہ نمبر 10)

غزہ کے لوگ جہنم میں رہ رہے ہیں، انروا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے امدادی [illegible] (بقیہ نمبر 11)

روس نے یوکرین امن معاہدے کیلئے خاطر خواہ رعایتیں دیں، امریکی نائب صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی (بقیہ نمبر12)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم کا معائنہ کررہے ہیں

بارشوں اور سیلاب کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد 800

زیادہ جانی نقصان خیبر پختونخوا میں ہوا' این ڈی ایم اے اعدادوشمار جاری

مجموعی طور پر 1080 افراد زخمی ہوئے جن میں 286 بچے، 531 مرد اور 257 خواتین شامل

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھرمیں جون سے ہونے والی موسلادھار بارشوں اور اچانک آنے والے سیلابوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے واقعات میں اب تک 799 افراد جاں بحق اور 1080 افراد زخمی ہوچکے ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی جانب سے 26 جو(بقیہ نمبر 3)

گورنر سندھ نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن ترمیمی بل اعتراض لگا کر واپس بھیج دیا

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ترمیمی بل 2025 اعتراض لگا کر واپس بھیج دیا۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے سیکشن 15 کی(بقیہ نمبر8)

زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں سالانہ بنیادوں پر 3.643 ارب ڈالر کا اضافہ

سٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 14.25 ارب ڈالر ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) زرمبادلہ کے ملکی ذخائر میں جاری کیلنڈر سال سے لے کر اب تک مجموعی طور پر 3.643 ارب ڈالر کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کر(بقیہ نمبر 9)

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ہیڈکوارٹرز میں شعبہ کیمیکل کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بھارت، ہندوانتہاپسندوں کا مسلمان نوجوان پر وحشیانہ تشدد

لکھنو (این این آئی) بھارتی ریاست اترپردیش میں ضلع مظفرنگر کے علاقے برلا میں ہندوانتہاپسندوں نے ایک مسلمان نوجوان کو وحشیانہ (بقیہ نمبر 13)

حکومت متاثرین کی فوری بحالی اور نقصانات کے ازالے کیلئے عملی اقدامات کرے، سردار عتیق

مظفرآباد (این این آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیراعظم (بقیہ نمبر 14)

عالمی بینک نے پنجاب میں پرائمری تعلیم کیلئے 4 کروڑ 79 لاکھ ڈالر کی منظوری دیدی

پنجاب میں اسکولوں کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے یہ منصوبہ مددگار ثابت ہوگا، رقم پاکستان کو جلد فراہم کی جائے گی جس کے بعد منصوبے پر عمل درآمد کا آغاز کیا جائے گا

اس سے قبل جون 2025 میں عالمی بینک نے پاکستان کے لیے 15 کروڑ ڈالرز فنڈز کی منظوری دی تھی، رقم پنجاب میں لڑکوں اور لڑکیوں کی پرائمری تعلیم پر خرچ کے لیے دی گئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پیر کو پاکستان کے صوبہ پنجاب میں پرائمری تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے 4 کروڑ 79 لاکھ ڈالر کے امدادی پیکیج کی منظوری دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس منصوبے کے تحت ابتدائی تعلیم کو فروغ دیا جائے گا، سکول سے باہر بچوں کو دوبارہ داخل کیا جائے گا اور اساتذہ کی معاونت کو مضبوط بنایا جائے گا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جون 2025 میں عالمی بینک نے پاکستان کے لیے 15 کروڑ ڈالرز فنڈز کی منظوری دی تھی، رقم پنجاب میں لڑکوں اور لڑکیوں کی پرائمری تعلیم پر خرچ کے لیے دی گئی تھی۔ عالمی بینک کے ایگزیکٹو بورڈ نے پاکستان کے لیے 15 کروڑ ڈا(بقیہ نمبر 15)

شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل، وزیراعلیٰ کا نوٹس، ملزم کی گرفتاری کا حکم

حنا پرویز بٹ نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کرلی

لاہور (زیڈ این این) مناواں میں گھریلو جھگڑے کے دوران شوہر نے اپنی 60 سالہ بیوی کو قتل کردیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا گیا (بقیہ نمبر 20)

تحریک آزادی کشمیر کی کامیابی نوشتہ دیوار ہے، چوہدری نعیم اختر

پیرس (این این آئی) چیئرمین جموں وکشمیر فورم فرانس چوہدری نعیم اختر نے کہا ہے کہ تحریک آزادی کشمیر کی کامیابی نوشتہ دیوار ہے، کشمیر(بقیہ نمبر19)

قوم دشمن کے ہر وار کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے: حنیف عباسی

فتنہ الہندوستان کے خلاف جہادِ حق جاری رہے گا اور پاکستان ہرقسم کی سازشوں کے خلاف مستحکم اور متحد رہے گا

پاکستان کے شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور قوم، فوج اور پولیس مل کر دشمن کو ناکام بنائیں گے، وفاقی وزیر

لاہور (زیڈ این این) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ہنگو میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی ہے۔(بقیہ نمبر18)

یوم نیلہ بٹ تحریک آزادی کا نقطہ آغاز ہے، نسترین اختر راجہ

مظفرآباد (این این ائی) ممبر ضلع کونسل باغ نسرین اختر راجہ کہا ہے کہ نیلہ بٹ جلسہ میں شرکت کرنے والی خواتین کی شکرگزار ہوں۔ کثیر تعداد میں خواتین نے شرکت کر کے مجاہد اول اور 23 اگست 1947 کے شہداء کو کو خ(بقیہ نمبر 17)

کشمیری نوجوانوں کو بے روزگاری اور روزگار کے عدم تحفظ کا سامنا ہے، رپورٹ

مقبوضہ کشمیر کے شہری علاقوں میں بے روزگاری کی شرح 32 فیصد تک پہنچ گئی

نئی دہلی (این این آئی) نئی دہلی میں قائم ''پیریاڈک لیبر فورس سروے'' نے اپنی 25-2024 کی رپورٹ میں کہا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر روزگار کے دوہرے بحران کی لپیٹ (بقیہ نمبر 16)

مقبوضہ کشمیر میں غیر مقامی دہشتگرد "را" کی سرپرستی میں سرگرم ہیں، رپورٹ

مختلف مقامات پر غیر مقامی دہشت گردوں کی موجودگی کے ثبوت ملے ہیں جو ممکنہ طور پر پاکستان اور کشمیریوں کے خلاف استعمال کیے جائیں گے

مقبوضہ کشمیر میں غیر مقامی دہشت گرد بدنام زمانہ را کی پشت پناہی میں سرگرم ہیں، غیر مقامی دہشت گرد قابض افواج کے اڈوں اور مورچوں کے پاس آزادانہ گھومتے پھرتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستانی انٹیلی جنس نے مقبوضہ کشمیر میں را کے مذموم مقاصد بے نقاب کرتے ہوئے آگاہ کیا ہے کہ مختلف مقامات پر غیر مقامی دہشت گردوں کی موجودگی کے ثبوت ملے ہیں جو ممکنہ طور پر پاکستان اور کشمیریوں کے خلاف استعمال کیے جائیں گے۔ انٹیلی جنس ذرائع نے بتایا کہ مقبوضہ کشمیر میں غیر مقامی دہشت گرد بدنام زمانہ را کی پشت پناہی میں سرگرم ہیں، غیر مقامی د(بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار کے خلاف کارروائیاں جاری

وائلڈ لائف رینجرز نے متعدد ملزمان کو چالان اور شکار کے اوزار قبضے میں لے لیے، ترجمان

فیصل آباد میں بھی 3 غیر قانونی ہنٹرز گرفتار اور 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا: رپورٹ

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر صوبے میں چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی قیادت میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور کاروبار کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ متعدد کامیاب کارر(بقیہ نمبر 29)

کوئٹہ، ایرانی قونصل جنرل علی رضا رجائی کا قبائلی رہنما وطن گران کے گھر آمد کے موقع پر گروپ فوٹو

یرغمالیوں کی ڈیل تیار، اسے قبول کرلینا چاہیے، اسرائیلی چیف آف سٹاف کا یاہو کا پیغام

فوج نے ڈیل تک پہنچنے کے لیے سازگار حالات پیدا کردیے، مسئلے سے احتیاط سے نمٹنے کی ضرورت ہے، ایال زامیر

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کے چیف آف سٹاف ایال زامیر نے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کو ایک براہ راست پیغام بھیجا ہے جس میں انہوں نے غزہ کی پٹی میں یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی کے لیے موجودہ دستیاب موقع سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ چیف (بقیہ نمبر22)

آزاد کشمیر میں بارشوں سے 23 افراد جاں بحق، 290 گھر مکمل تباہ

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر میں مون سون بارشوں کے دوران نقصانات کی تفصیلی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ ایس(بقیہ نمبر 23)

ہنگو' ایف سی قلعے پر حملے میں 3 اہلکار شہید، 17 زخمی

ہنگو (این این آئی) ہنگو کی تحصیل ٹل کے علاقے دوآبہ میں فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے قلعے پر حملے میں 3 اہلکار شہید اور (بقیہ نمبر 24)

کراچی، مسلسل تاخیر کا شکار کریم آباد انڈر پاس بارش کے پانی سے بھر گیا

کراچی (این این آئی) افتتاح کی کئی تاریخیں گزرنے کے بعد بھی تکمیل میں مسلسل تاخیر کا شکار کریم آباد انڈر پاس میں حالیہ بارشوں سے پانی بھر گیا جس سے منصوبے کے ٹھیکیدار کو مزید تا(بقیہ نمبر 25)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کا کلوب ٹریڈ اینڈ ایکسپو سنٹر پاکستان کے ساتھ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تعاون کے معاہدے کے موقع پر گروپ فوٹو

اپر دیر میں سی ٹی ڈی کا آپریشن، پولیس موبائل پر حملے میں ملوث 2 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں کی فائرنگ کی زد میں آکر ایک شہری شہید اور 5 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے، زخمیوں کو فوری طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کیا

شہید شہری یار محمد کی نمازِ جنازہ پولیس ہیڈکوارٹر دیربالا میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی جہاں پولیس کے چاق چوبند دستے نے سلامی دی

اپردیر (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے اپردیر میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاع پر آپریشن کرتے ہوئے 2 دہشت گرد ہلاک کردیے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گرد ایک ہفتہ قبل پولیس موبائل پر حملے میں ملوث تھے۔ دہشت گردوں کی فائرنگ (بقیہ نمبر 30)

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن سرویلنس ومانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) باہر علاؤ الدین کوٹ رادھا کشن کے دورے کے موقع پر اراضی ریکارڈ سینٹر کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان ریلوے کا کراچی سے لاہور بلٹ ٹرین چلانے کا منصوبہ

1215 کلومیٹر طویل ہائی اسپیڈ ریل لائن سی پیک منصوبے کے تحت 6.8 ارب ڈالر سے اپ گریڈ مین لائن ون کا حصہ ہوگی: حنیف عباسی

یہ ٹرین 250 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرے گی جب کہ حیدرآباد، ملتان اور ساہیوال میں اس ٹرین کے اسٹاپ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے نے کراچی سے لاہور کے درمیان تیز رفتار بلٹ ٹرین چلانے کا اعلان کیا ہے۔ ایک رپورٹ میں وزیر ریلوے حنیف عباسی کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان ریلوے سال 2030 تک کراچی سے لاہور کے درمیان تیز رفتار بلٹ ٹر(بقیہ نمبر 28)

قصور' حضرت بابا بلھے شاہؒ کے 256 ویں عرس کی تقریبات اختتام پذیر

قصور (این این آئی) حضرت بابا بلھے شاہؒ کے 256 ویں عرس کی تقریبات اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئیں۔ عرس کی اختتامی دعا رات 3 بجے پیر علی حیدر شاہ نے کرائی، جس میں ملک کی سلامتی، پاک افواج کے شہداء اور ان (بقیہ نمبر 31)

اسرائیل سے سیکورٹی معاہدہ، مذاکرات آگے بڑھ رہے ہیں، شامی صدر

لبنانی، شامی تعلقات کی نئی تاریخ رقم کرنے اور یادداشت کو ماضی کی وراثت سے آزاد کرنے کے خواہاں ہیں، گفتگو

ایسے لوگ موجود ہیں جو حزب اللہ کے ساتھ حساب چکانے کے لیے نئے شام کا سہارا لینا چاہتے ہیں: شامی صدر

دمشق (این این آئی) شام کے صدر احمد الشرع نے اعلان کیا ہے کہ شامی اور اسرائیلی وفود دوطرفہ سکیورٹی معاہدے سے متعلق مذاکرات میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ الشرع نے صحافیوں سے ایک ملاقات کے دوران کہا کہ دوطرفہ معاہدے کی طرف پیش رفت ہو رہی ہے۔ انھوں نے زور دیا(بقیہ نمبر 32)

سندھ حکومت عوامی خدمت کی روایت کو مزید آگے بڑھا رہی ہے: شرجیل میمن

سندھ حکومت عوامی خدمت کی اپنی روایت کو مزید آگے بڑھا رہی ہے ہر ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے

دل کے تمام علاج مفت کئے جاتے ہیں تعلیم کے میدان میں نئے سکول، کالجز اور یونیورسٹیز قائم کی جا رہی ہیں

کراچی (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن کی زیرصدارت پیپلز پارٹی سندھ کے انفارمیشن ونگ کا اہم اجلاس ہوا۔ شرجیل انعام میمن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت عوامی خدمت کی اپنی روایت کو مزید آگے بڑھا رہی ہے، سندھ کے ہر ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا ہے، سندھ بھر میں این آئی سی وی ڈی نیٹ ورک قائم ہے، دل کے تمام علاج مفت کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم کے مید(بقیہ نمبر 26)

مودی سرکار نے حکومتی اداروں کو انسدادِ کرپشن کے بجائے سیاسی انتقام کا ہتھیار بنالیا

مودی سرکار نے عوامی مینڈیٹ کی پامالی سے بھارت کو پولیس اسٹیٹ میں بدل دیا ہے، رپورٹ

ٹرمپ کی 50 فیصد ٹیرف پالیسی، 8 کروڑ ووٹر فہرست تنازع کے بعد یہ بل عوام کی توجہ ہٹانے کی سازش

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی مودی سرکار نے حکومتی اداروں کو انسدادِ کرپشن کے بجائے سیاسی انتقام کا ہتھیار بنالیا۔ ترمیمی بل میں بھارتی اپوزیشن کو نشانہ بنانے سے ہندوانتہا پسند جماعت بی جے پی کے آمرانہ حربے کا پول کھل گیا۔ مودی سرکار نے اداروں کو انسدادِ کرپشن کے (بقیہ نمبر 27)

لاہور: دریائے راوی کے پل سے ملحقہ پیدل گزرنے والوں کے لئے بنائے گئے راستے پر حفاظتی جنگلے نہ ہونے کی وجہ سے کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش آسکتا ہے



روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد الیاس

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:00
فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے، مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

بیجنگ تحقیق اور ٹیکنالوجی کے ذریعے آثار قدیمہ کی نمائش کو فروغ دے گا

بیجنگ (شِنہوا) ایک حالیہ جاری کردہ شہری منصوبے کے تحت بیجنگ کا ہدف ہے کہ 2035 تک اپنی ثقافتی آثار کی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوامی نمائش کو نمایاں طور پر فروغ دیا جائے۔ بیجنگ میونسپل کلچرل ہیریٹیج بیورو کا کہنا ہے کہ عجائب گھروں اور تاریخی مقامات پر مصنوعی ذہانت (اے آئی)، بگ ڈیٹا اور ورچوئل ریلیٹی (وی آر) جیسی جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال کو ترجیح دی جائے گی۔ منصوبے کے اہم اقدامات میں تمام غیر منقولہ نوادرات کا ایک جامع ڈیجیٹل ڈیٹا بیس تیار کرنا شامل ہے، جس کے لئے جاری اور سابقہ قومی سروے سے حاصل کردہ معلومات کو استعمال کیا جائے گا۔ لکڑی کے قدیم ڈھانچوں کو محفوظ رکھنے کے لئے نئے مواد اور تکنیکس بھی تیار کی جائیں گی۔ عجائب گھروں کی نمائشوں کو بھی بڑے پیمانے پر اپ گریڈ کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت ورچوئل ریلیٹی، آگمینٹڈ ریلیٹی اور ہائی ریزولوشن ڈسپلے استعمال کئے جائیں گے تاکہ عوام کے لئے عجائب گھر کا تجربہ زیادہ دلچسپ اور انٹرایکٹو بنایا جا سکے۔ نوادرات کی سکیورٹی اور ذخیرہ کاری کے انتظام کو مضبوط بنانے کے لئے انٹرنیٹ آف تھنگز (آئی او ٹی) اور اے آئی جیسی ٹیکنالوجی بھی استعمال کی جائے گی۔ ان اہداف کو پورا کرنے کے لئے بیجنگ جامعات کو ایسا تعلیمی پروگرام شروع کرنے کی ترغیب دے گا جس میں ثقافتی ورثے اور ٹیکنالوجی کا امتزاج ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ تحقیق کو عملی زندگی میں استعمال کرنے کے لئے بہتر سہولتیں بھی دی جائیں گی۔

چین کے مشرقی علاقے میں ایشیا کی سب سے طویل القامت ٹائیرانوسار کی ران کی ہڈی دریافت

جنان (شِنہوا) چین کے مشرقی صوبہ شان ڈونگ کے شہر ژوچھینگ میں محققین نے غیر معمولی طور پر بڑی ٹائیرانوسار کی ران کی ہڈی دریافت کی ہے جس کی لمبائی 1.21 میٹر ہے۔ امریکہ اور کینیڈا کے ماہرین حیاتیات کے ساتھ مشترکہ تجزیے کے بعد اس بات کی تصدیق کی گئی کہ یہ ایشیا میں دریافت ہونے والی ٹائیرانوسار کی سب سے لمبی ران کی ہڈی ہے۔ تحقیقی ٹیم نے ایک اور بہت بڑی ٹائیرانوسار کی ریڑھ کی ہڈی بھی دریافت کی جس کی چوڑائی 28 سینٹی میٹر سے زیادہ ہے۔ حجم کے موازنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ریڑھ کی ہڈی "سوئے" نامی مشہور ٹائیرانوسارس ریکس نمونے سے کافی مشابہت رکھتی ہے جو سب سے بڑے ٹائیرانوسارس میں سے ایک ہے۔ محققین کے مطابق بہت بڑی ران کی ہڈی کے ساتھ اس دریافت سے پتہ چلتا ہے کہ ژوچھینگ میں کبھی ایسے ٹائیرانوسارز موجود تھے جو حجم میں سوئے کے ہم پلہ اور 12 میٹر سے زیادہ لمبے تھے۔ ژوچھینگ کو "چین کا ڈائناسور شہر" بھی کہا جاتا ہے جہاں اب تک چائنیز اکیڈمی آف سائنسز سمیت مختلف اداروں نے 10 سے زائد نئی ڈائناسور اقسام کی شناخت کی ہے۔

چوکی سوئے اصل، چوکی سبزی منڈی اور کاہنہ پولیس کی کارروائیاں 11 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی سوئے اصل، چوکی سبزی منڈی اور کاہنہ پولیس کی کارروائیاں 11 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان چوکی سوئے اصل اور چوکی سبزی منڈی پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 5 اشتہاریوں سمیت 6 ریکارڈ یافتہ ملزمان کو دوران پٹرولنگ، سنیپ چیکنگ اور خفیہ اطلاع پر گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان چوری، ناجائز اسلحہ سمیت 32 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں جبکہ اشتہاری ملزمان اقدام قتل، ہوائی فائرنگ سمیت 9 مقدمات میں مطلوب تھے ملزمان کو مزید تفتیش کیلئے متعلقہ تھانوں کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

اچھرہ کے علاقہ میں 20 سالہ گھریلو ملازم کی پھندا لگی لاش برآمد

پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے خودکشی و قتل سمیت دیگر پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اچھرہ کے علاقہ میں 20 سالہ گھریلو ملازم کی پھندا لگی لاش برآمد، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے خودکشی و قتل سمیت دیگر پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کر دیا ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق اچھرہ کے علاقے کے علاقے میں گھر میں 20 سالہ نوجوان کی ازار بند سے لٹکتی لاش ملی 20 سالہ نوجوان گھریلو ملازم تھا گھر کے مالک دوسرے شہر گئے ہوئے تھے واپس آ کر دیکھا تو پھندا لگا ہوا تھا متوفی ارشد مانسہرہ کا رہائشی تھا اطلاع ملنے پر پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ قتل ہے یا خودکشی پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1294 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1294 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 649 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 894 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 866 ڈرائیوز، 69 کم عمر ڈرائیور، 535 مسافر اور 158 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 222 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور جماعت اسلامی غربی لاہور کے امیر علی ارتضیٰ حسنی پی پی 165 کے ممبرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اس وقت سیاسی، معاشی اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے

جماعت اسلامی نوجوانوں کو نظریہ، قیادت اور عملی میدان فراہم کر رہی ہے

جماعت اسلامی ہی وہ واحد قوت ہے جو دیانت دار قیادت اور واضح لائحہ عمل کے ساتھ قوم کی رہنمائی کر سکتی ہے

جماعت اسلامی پی پی 165 کا ممبرز کنونشن سے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر غربی لاہور علی ارتضیٰ حسنی و دیگر قائدین کا خطاب

لاہور (خبرنگار) جماعت اسلامی پی پی 165 کے زیر اہتمام ممبرز کنونشن مقامی شادی ہال میں بھرپور جوش و خروش کے ساتھ منعقد ہوا۔ کنونشن کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر جماعت اسلامی غربی لاہور علی ارتضیٰ حسنی نے کی، جب کہ اس موقع پر جماعت اسلامی کی مرکزی اور ضلعی قیادت کی جانب سے اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ممبرز کنونشن کے مہمانانِ خصوصی میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ، اور نائب امیر جماعت اسلامی ضلع لاہور غربی سید راشد داؤد بخاری شامل تھے۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ جماعت اسلامی ایک نظریاتی تحریک ہے جو قرآن و سنت کی بنیاد پر ایک اسلامی، فلاحی اور منصفانہ معاشرے کے قیام کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ دعوت، خدمت اور انتخابی جدوجہد کے تینوں محاذوں پر سرگرم رہیں اور اپنے کردار سے عوام کا اعتماد حاصل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اس وقت سیاسی، معاشی اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے، اور صرف اسلامی نظام ہی اس ملک کو بحرانوں سے نکال سکتا ہے۔ جماعت اسلامی ہی وہ واحد قوت ہے جو دیانت دار قیادت اور واضح لائحہ عمل کے ساتھ قوم کی رہنمائی کر سکتی ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور غربی سید علی ارتضیٰ حسنی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ممبرز کنونشن محض رسمی تقریب نہیں بلکہ ایک تجدید عہد کا موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان کو چاہیے کہ وہ اپنی ذات، خاندان، محلہ اور حلقہ انتخاب میں ایک فعال مبلغ، خادم اور رہنما کا کردار ادا کریں۔ انہوں نے نوجوانوں کو جماعت اسلامی کا ہراول دستہ قرار دیتے ہوئے ان کی تربیت اور رہنمائی پر زور دیا۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کو منظم اور نظریاتی پلیٹ فارم کی ضرورت ہے، اور جماعت اسلامی نوجوانوں کو نظریہ، قیادت اور عملی میدان فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے جے آئی یوتھ کے کردار اور مختلف پروگرامز کا بھی مختصراً تعارف کرایا۔ نائب امیر جماعت اسلامی ضلع لاہور غربی سید راشد داؤد بخاری نے کہا کہ کارکنان کی دینی، فکری اور تنظیمی تربیت وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، اور جماعت اسلامی اس میدان میں مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔ امیر غربی لاہور علی ارتضیٰ حسنی نے تمام مہمانوں اور کارکنان کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پی پی 165 جماعت اسلامی کے مضبوط حلقوں میں سے ایک بن کر ابھرے گا۔ انہوں نے آنے والے بلدیاتی و عام انتخابات میں بھرپور تیاری کی ہدایت بھی دی۔

وائلڈ لائف رینجرز کی کارروائیاں جاری، بٹیر و دیگر پرندوں کی نیٹنگ میں ملوث 25 ملزمان کے چالان

کارروائیاں فیصل آباد، ملتان، خانیوال، وہاڑی، مظفر گڑھ، راجن پور اور بہاولپور میں کی گئیں، 27 نیٹنگ گیئرز برآمد

لاہور (خبرنگار) سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر صوبہ میں چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی قیادت میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور کاروبار کیخلاف کارروائیاں جاری و ساری ہیں اور ایسی ہی متعدد کامیاب کارروائیوں کے دوران وائلڈ لائف رینجرز نے بٹیر و دیگر جنگلی پرندوں کی غیر قانونی نیٹنگ میں مشغول 25 ملزمان کے وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالان کئے اور 27 بٹیر کے ہنٹنگ گیئرز قبضہ میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر بہاولپور طارق عباس کھوسہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناجائز شکار بٹیر کے 4 نیٹنگ گیئرز قبضہ میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی جبکہ فاختہ کے 3 غیر قانونی شکاریوں کو مبلغ ایک لاکھ جرمانہ کیا۔ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر ڈی جی خان رینجن سخی محمد جوئیہ کی سربراہی میں وائلڈ لائف رینجر مظفر گڑھ اور راجن پور نے ناجائز شکار بٹیر کے 16 نیٹنگ گیئرز برآمد کر کے کارروائی شروع کر دی جبکہ ایک فینسی برڈ ڈیلر کو 25 ہزار جرمانہ کر کے پرندے قدرتی ماحول میں آزاد کر دیئے۔ اسی طرح کی چند کامیاب کارروائیوں میں ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر ملتان رینجن سجاد حسین کی سربراہی میں وائلڈ لائف رینجر ملتان، خانیوال اور وہاڑی نے بٹیر کے ناجائز شکار کے 7 نیٹنگ گیئرز برآمد کر کے قانونی چارہ جوئی شروع کر دی جبکہ ملتان میں ناجائز قبضہ طوطوں کی پاداش میں ایک ملزم کو 10 ہزار روپے جرمانہ کیا۔ اسی طرح کی ایک کامیاب کارروائی میں اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر فیصل آباد عروج ظہیر نے بٹیر کے 3 غیر قانونی نیٹرز کو گرفتار کر کے 10 ہزار روپے جرمانہ کیا۔

سیف سٹیز اتھارٹی انسانی خدمت کے منصوبوں میں مصروف عمل

سیف سٹی کا میری پہچان سنٹر ✖ لاوارث نعشوں اور ذہنی و جسمانی کمزور افراد کو اہل خانہ سے ملانے میں سرگرم

میری پہچان سنٹر کی مدد سے 800 سے زائد لاوارث نعشیں شناخت کے بعد ورثا کے سپرد کی جا چکی ہیں

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی انسانی خدمت کے منصوبوں میں سرگرم عمل ہے۔ سیف سٹی کا 'میری پہچان سنٹر' لاوارث نعشوں اور ذہنی و جسمانی کمزور افراد کو ان کے اہل خانہ سے ملانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سنٹر کے قیام کے ابتدائی سات ماہ میں 1240 لاوارث نعشوں کی شناخت مکمل کی جا چکی ہے جبکہ 800 سے زائد نعشیں شناخت کے بعد ورثا کے حوالے کی جا چکی ہیں۔ اسی طرح، 'میری پہچان' سنٹر ذہنی و جسمانی کمزور لاوارث افراد کی شناخت میں بھی مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ میری پہچان سنٹر نے مختلف فلاحی اداروں میں موجود 1359 ذہنی و جسمانی کمزور افراد کا بائیومیٹرک ڈیٹا مکمل کیا ہے، جن میں سے 736 افراد کو اہل خانہ کے حوالے کیا جا چکا ہے۔ نادرا سے منسلک بائیومیٹرک سسٹم کے ذریعے گمشدہ افراد اور لاوارث نعشوں کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ سیف سٹیز کی 'میری پہچان' ٹیم پنجاب بھر کے ہسپتالوں، ڈیڈ ہاؤسز اور اولڈ ایج ہومز کا باقاعدہ دورہ کرتی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لاوارث افراد اور نعشوں کی شناخت کی جا سکے۔ اس کے علاوہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہونے والی کالز کی مدد سے بھی لاوارث افراد اور نعشوں کی شناخت کی جاتی ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ اگر کوئی لاوارث نعش یا ذہنی و جسمانی کمزوری کے شکار گمشدہ افراد کی اطلاع رکھتے ہوں تو فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر رابطہ کریں تاکہ انہیں ان کے اہل خانہ سے جلد ملایا جا سکے۔

لاہور: اتفاق ہومز کی جانب سے ڈویلپرز کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر ملک کاشف، چوہدری مرتضیٰ، چوہدری مصطفیٰ و دیگر کا گروپ فوٹو

لاہور اڈہ پھلیل نزد قائد اعظم انٹرچینج جی ٹی روڈ پر صابری ریسٹورنٹ کے افتتاح پر محمد اجمل شکیل رضا جٹ۔ حاجی سعید ملک نواز اعوان محمد اشرف بھٹی۔ سید گلزار شاہ۔ بابر گجر۔ حافظ اسلم۔ ملک فیصل اعوان کا گروپ فوٹو

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، شہید کانسٹیبل حیدر علی حسین کے والد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔ ہیڈ کانسٹیبل مدثر فاروق کی ٹرانسفر کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ خالد محمود کی ٹرانسفر کینسلیشن کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن اینڈ سکیورٹی کو ریلیف کی ہدایت کی۔ 03 سائکالوجسٹس ڈاکٹر نجّہ فاطمہ، نازیہ پروین اور مسرت یاسمین کی ریگولرائزیشن درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔ 04 سب انسپکٹرز عاطف مجید، وسیم احمد، کلیم اللہ اور بدر ظہیر کی پروموشن کی درخواستوں پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق غازی آباد میں ادریس سے 1 لاکھ 60 ہزار روپے اور موبائل فون، شیرا کوٹ میں غضنفر سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون، کاہنہ میں جاوید سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون، سول لائنز میں وسیم سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، مغل پورہ میں خرم سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون، ہنجروال میں وجاہت میں سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ جنوبی چھاؤنی اور گرین ٹاؤن سے گاڑیاں جبکہ مانگا منڈی ٹبی سٹی اور پرانی انارکلی سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

وزیر آبپاشی کاظم علی پیرزادہ کا سیالکوٹ میں مرالہ بیراج سے اپ سٹریم دریائے چناب اور جموں توی دریا کی صورت حال کا جائزہ

لاہور (رپورٹ علی حسین شیرازی) وزیر آبپاشی کاظم علی پیرزادہ کا سیالکوٹ میں مرالہ بیراج سے اپ سٹریم دریائے چناب اور جموں توی دریا کی صورت حال کا جائزہ بھارت کی طرف سے جموں توی میں پانی چھوڑے جانے کی خبروں کے بعد وزیر آبپاشی نے دریا میں پانی کی صورتحال کا جائزہ، سیکرٹری آبپاشی ڈاکٹر واصف خورشید بھی وزیر آبپاشی کے ہمراہ تھے چیف انجینئر لاہور راشد منہاس کے دریا کی صورتحال کے بارے میں بریفنگ میں بتایا گیا کہ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں اس وقت پانی کا بہاؤ 000,142 کیوسک ہے چناب میں گرنے والے دریا جموں توی میں پانی کا بہاؤ 10،000 کیوسک ہے۔ محکمہ آبپاشی کی مرالہ بیراج ٹیم صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے وزیر آبپاشی نے ہدایت کی کہ بیراج اور اس دریائے چناب کے اطراف کے سیلابی پشتوں کی چوبیس گھنٹے نگرانی کی جائے۔ اس سے قبل وزیر آبپاشی نے نالہ ڈیک صورتحال کا معائنہ بھی کیا۔ نالہ ڈیک میں اس وقت پانی کا بہاؤ 5000 کیوسک ہے۔ وزیر آبپاشی نے ہدایت کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایات کی روشنی میں تمام سیلابی پشتوں کی بھرپور نگرانی کی جائے۔

سمندری: پروفیشنل صحافیوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا

مستقبل میں صحافت کے معیار کو بہتر بنانے پر گفتگو کی گئی، صحافیوں کی بھرپور شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) پروفیشنل صحافیوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مستقبل میں صحافت کے معیار کو بہتر بنانے پر گفتگو کی گئی، اجلاس میں کلیم اللہ بٹ، اعظم رضا راول، محمد احمد کمبوہ، عرفان ادریس بٹ، رانا محمد سعید، پیرزادہ عبید الرحمن الٰہی، طاہر چوراہی، شہریار چوہدری، حافظ یاسر فاروق، مرزا شہزاد بیگ، چوہدری عمر فاروق گجر، میاں ثاقب امین، میاں سلمان لیاقت، دلنواز بٹ و دیگر شریک تھے، شرکاء نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی تعمیر و ترقی، عوامی مسائل کے حل اور مظلوم افراد کو انصاف کی فراہمی کیلئے بھرپور کردار ادا کرنا اور مستقبل میں صحافت کے معیار کو بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے، اس حوالے سے ورکنگ جرنلسٹس کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر کردار ادا کرنا چاہیے

پاسپورٹ آفس کے باہر ٹاؤٹ مافیا کا مکمل خاتمہ یقینی بنا دیا گیا

آن لائن فیس کے نام پر سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے والے عناصر کا بھی خاتمہ کر دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر گل آصف نے کہا ہے کہ پاسپورٹ آفس کے باہر ٹاؤٹ مافیا کا مکمل خاتمہ یقینی بنا دیا گیا ہے اور ان کے خلاف متعدد مقدمات درج کروا دیئے گئے ہیں جبکہ آن لائن فیس کے نام پر سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے والے عناصر کا بھی خاتمہ کر دیا گیا، پاسپورٹ کے حصول کے لیے شہریوں سے رقم بٹورنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کروانے کے لیے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ ان کے خلاف مزید موثر کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، گل آصف نے کہا کہ سائلین کے مسائل روزانہ کی بنیاد پر حل کئے جا رہے تاکہ انہیں پاسپورٹ کے حصول میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، انہوں نے بتایا کہ روزانہ کی بنیاد پر 350 کے قریب ٹوکن جار کئے جا رہے ہیں تمام پروٹوکول کا خاتمہ کر دیا گیا ہے جبکہ بزرگ افراد و خواتین کے لیے خصوصی کاؤنٹر قائم کر دیا گیا ہے اور انہیں بلا انتظار ٹوکن دیا جا رہا ہے ماضی کی تمام روایات کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا نعیم عباس کوان کے آفس میں ڈسٹرکٹ شیخوپورہ کا چارج سنبھالنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور گلدستہ پیش کیا

پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب پیرزادہ رؤف احمد مرکزی صدر کے ہمراہ مرکزی چیئرمین سرور سیفی اور جنرل سیکرٹری عبدالغفار ضلع لاہور بھی موجود تھے

لاہور (صابر غوری) پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب پیرزادہ رؤف احمد مرکزی صدر پنجاب پیرزادہ گروپ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا نعیم عباس کوان کے آفس میں ڈسٹرکٹ شیخوپورہ کا چارج سنبھالنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور گلدستہ پیش کیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری فضل الٰہی بھی موجود تھے۔ پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب پیرزادہ رؤف احمد مرکزی صدر کے ہمراہ مرکزی چیئرمین سرور سیفی اور جنرل سیکرٹری عبدالغفار ضلع لاہور بھی موجود تھے۔ مرکزی صدر پیرزادہ رؤف احمد نے اساتذہ کرام کے مسائل کے حوالے سے چارٹرڈ آف ڈیمانڈ پیش کیا۔ اساتذہ کرام کی پروموشن PST سے EST اور EST سے SST اور SST سے SS فوری طور پر کی جائے۔ سکولوں میں اساتذہ کرام کی کمی کو فل فور پر کیا جائے اور جن سکولوں میں ہیڈ کی کمی ہے فوری طور پر کمی کو پر کیا جائے۔ اساتذہ کرام کی اضافی ڈیوٹیاں بھی ختم کیا جائے۔ جس کی وجہ سے میٹرک کا رزلٹ خراب آیا ہے۔ اساتذہ کرام کو سزا کا سلسلہ بند کیا جائے اور سکولوں کی حالت کو بہتر بنانا جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا نعیم عباس نے مرکزی صدر پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب پیرزادہ گروپ کے مرکزی صدر کے مسائل سنے اور موقع پر احکامات جاری کیے۔ مرکزی صدر پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب پیرزادہ رؤف احمد نے چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا نعیم عباس کا شکریہ ادا کیا۔

جشن میلاد النبی ﷺ کو مذہبی جوش و خروش سے منانے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا

اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی صدارت میں اجلاس ہوا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلع شیخوپورہ میں بھی نبی کریم ﷺ کے 15 سوویں یوم پیدائش کے موقع پر جشن میلاد النبی ﷺ کو مذہبی جوش و خروش سے منانے کی تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی صدارت میں اجلاس ہوا جس میں ڈی پی او بلال ظفر شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد عثمان جلیس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملک نعمان علی ڈوگر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس میاں نذیر احمد، اسسٹنٹ کمشنر سیف السلام خٹک، مرکزی میلاد کمیٹی کے صدر رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری حاجی طاہر جاوید نقشبندی، وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، حافظ علی رضوان چوراہی، ڈاکٹر قاری فیاض الحسن جمیل الازہری، چوہدری علی احمد صابر، غلام مصطفیٰ رضوی، حکیم شبیر اسلم قادری، قاری عابد حسین رضوی و دیگر علماء کرام و عہدیداروں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، اس موقع پر مرکزی میلاد کمیٹی کے وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی نے معرکہ حق میں بھرپور خدمات سرانجام دینے پر تمغہ امتیاز ملنے پر ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور ڈی پی او بلال ظفر شیخ کو مبارکباد دی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا، ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے کہا کہ یوم ولادت نبی ﷺ کو مذہبی جوش و خروش اور احترام کے ساتھ منانے کیلئے یکم ربیع الاول سے 12 ربیع الاول تک محافل میلاد مصطفیٰ ﷺ و کانفرنس کا انعقاد کرنے کے ساتھ تمام مساجد سرکاری عمارتوں و بازاروں کو برقی قمقموں سے سجایا جائے گا سیرت النبی ﷺ کے عنوان پر تقاریری و نعت خوانی کے مقابلے منعقد ہوں گے، انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کے موقع پر ہمیں اس بات کا عہد کرنا ہوگا کہ ہم معاشرہ میں اخوت مساوات مذہبی رواداری اعتدال پسندی میانہ روی و باہمی احترام کو فروغ دے کر اپنی زندگیاں سیرت النبی ﷺ کے مطابق بسر کریں گے آپؐ کی سیرت پر عمل کر کے ہی ہم دنیا و آخرت کی بھلائیاں و کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پہلی مرتبہ نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت سرکاری پروٹوکول کے ساتھ منانے کا جو فیصلہ کیا ہے اس سے معاشرے میں عشق مصطفیٰ ﷺ کے فروغ کے ساتھ انسانی اقدار کی پاسداری و مذہبی رواداری کو بھی فروغ ملے گا، اس موقع ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے بتایا کہ جشن میلاد النبی ﷺ کے مرکزی جلوس و کانفرنسز کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی جبکہ مرکزی میلاد کمیٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی طاہر جاوید نقشبندی نے شرکاء اجلاس کو بتایا کہ میلاد کمیٹی کا مرکزی جلوس 12 ربیع الاول کو چھتری چوک (میلاد چوک) سے صبح 9 بجے برآمد ہوگا۔

ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید کے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہمارا فرض اور ہم پر قرض ہے۔ ایس ایس پی لاہور

افسران اپنے دفاتر میں آنیوالے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ اور اپنی کارکردگی بہتر کریں۔ محمد نوید

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید کے آفس میں سوموار کے روز مدعیان اور سائلین کی شکایات کی سماعت اور ان پر فوری احکامات جاری کرنے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ مختلف مقدمات کے مدعیان اور سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے انوسٹی گیشن ونگ لاہور میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید نے کھلی کچہری میں بیسیوں شہریوں کی فرداً فرداً شکایات سن کر ان پر قانونی کارروائی کیلئے احکامات صادر کئے۔ کھلی کچہری میں انچارج کمپلینٹ سیل اور پی اے سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے فرداً فرداً اپنی شکایات اور مسائل سے ایس ایس پی انوسٹی گیشن کو آگاہ کیا۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن اس دوران شہریوں کی شکایات اور مسائل سن کر متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے رہے۔ ایس ایس پی محمد نوید نے ناقص تفتیش کرنے کی پاداش میں متعدد انچارجز کی سرزنش کرتے ہوئے انہیں شوکاز نوٹسز جاری کئے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد نوید نے تفتیشی افسران کو میرٹ پر مقدمات کی یکسوئی کی سخت ہدایات کی ہیں۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان رابطے کی فضا کو برقرار رکھنا اور اسے مزید بہتر بنانا ہے۔ مدعیان اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور نے کہا کہ شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی سے ہی پائیدار امن و امان کا قیام ممکن ہے۔ مقدمات کی تفتیش کے حوالے سے عوام الناس کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جا رہا ہے۔ ایس ایس پی محمد نوید نے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد نوید نے مزید کہا کہ افسران اپنے دفاتر میں آنیوالے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں اور اپنی انفرادی و اجتماعی محکمانہ کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید کا کہنا تھا کہ شہریوں کی مشکل کی ہر گھڑی میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ میں عوام الناس کے مسائل کے حل کیلئے انہیں ہر وقت دستیاب ہوں، انہیں مجھ تک رسائی کیلئے کسی سفارش کی ضرورت نہیں ہے۔



لاہور: ایس ایس پی انوسٹی گیشن لاہور محمد نوید اپنے آفس میں کھلی کچہری میں آنیوالے شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

گلاب دیوی ہسپتال کا شعبہ صحت میں خدمات کے ساتھ معیاری تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار۔ عابد علی ہاشمی

قوموں کی ترقی میں خوشگوار تعلیمی ماحول کی فراہمی کا اہم کردار ہے۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر

لاہور (خبرنگار) پراجیکٹ ڈائریکٹر گلاب دیوی ایجوکیشنل کمپلیکس لاہور ڈاکٹر عابد علی ہاشمی نے کہا ہے کہ گلاب دیوی ہسپتال صحت کے شعبہ میں خدمات کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم فراہم کرنے میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ معیاری تعلیم ہر طالب علم کا حق ہے جس کے لئے ہم کوشاں ہیں۔ وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو تعلیمی میدان میں طلبہ کا سہولیات، آسانی اور خوشگوار تعلیمی ماحول فراہم کرتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلاب دیوی ایجوکیشنل کمپلیکس کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ کالج فار بوائز کا افتتاح کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب میں مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، ڈاکٹرز، ایڈمنسٹریشن اور طلبہ و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ افتتاح پراجیکٹ ڈائریکٹر گلاب دیوی ایجوکیشنل کمپلیکس لاہور ڈاکٹر عابد علی ہاشمی نے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میٹرک میں 80 فیصد یا اس سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو مفت تعلیم فراہم کی جائے گی تاکہ ذہین اور مستحق طلبہ آگے بڑھ سکیں۔ پرنسپل انٹرمیڈیٹ کالج نبیل احمد نے نئے آنے والے طلبہ و طالبات کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ وہ خوش قسمت ہیں جنہیں ایک ہی چھت تلے معیاری اور جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ تقریب میں ڈاکٹر عرفان ملک، ایڈمنسٹریٹر گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر احسن حفیظ، ڈائریکٹر ایڈمن اعجاز حسین سمیت طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔

فیصل ٹاؤن، CCTV فوٹیج سے 4 رکنی نقب زن و موٹر سائیکل چور گروپ گرفتار

لاہور (رمیض علی سے) ایس ایچ او فیصل ٹاؤن افضال رؤف نے ٹیم کے ہمراہ گروپ کو چونگی امرسدھو سے گرفتار کیا ✖ ملزمان صبح کے مختلف اوقات میں ریکی کر کے مطلوبہ لوکیشن پر واردات کرتے تھے ✖ سی سی ٹی وی فوٹیج میں 1 ملزم کو ریکی کے بعد موٹر سائیکل چورا کر فرار ہوتے دیکھا جا سکتا ہے ✖ گروپ کے دیگر ساتھی کو گلی کیفے میں دیوار پھلانگ کر داخل ہوتے بھی دیکھا جا سکتا ہے ✖ گرفتار گروپ میں جمشید، کامران، شاہ نواز اور علی شامل، ملزمان چوری، نقب زنی، ڈکیتی کی وارداتوں میں سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں، گرفتار گینگ سے چوری شدہ 4 موٹر سائیکلیں، اے سی اور فریج برآمد، گینگ سے پستول اور چوری شدہ دیگر سامان بھی برآمد، مقدمہ درج، ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی جانب سے ایس ایچ او و ٹیم کو تعریفی اسناد دینے کا اعلان

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

کسان اور مویشی پال حضرات کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں: ڈپٹی کمشنر چکوال

تقریب میں ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ، مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری شہریار سلطان، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک چکوال ڈاکٹر سہیل منظور سمیت محکمہ کے افسران واہلکاران نے شرکت کی

چکوال،25اگست (ایم ایوب سلطانی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کے سپیشل انیشیٹو کے تحت کسانوں اور مویشی پال حضرات کی ترقی کے لئے جدید تقاضوں کے مطابق سہولیات فراہم کرنے میں کوشاں ہیں ۔ ذرائع آمد ورفت کی سہولت میسر آنے سے ملازمین دور دراز علاقوں میں کسانوں کو بہتر خدمات مہیا کرسکیں گے ان خیالات کااظہار ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے محکمہ لائیو سٹاک کے ویٹری اسٹنٹ اور اے ٹی ٹیکنیشنز کو آسان اقساط پر 34 موٹر سائیکلوں کی چابیاں دیتے ہوئے کیا۔تقریب میں ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ،مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری شہریار سلطان، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک چکوال ڈاکٹر سہیل منظور سمیت محکمہ کے افسران واہلکاران نے شرکت کی۔تقریب سے ممبر صوبائی اسمبلی مہوش سلطانہ راجہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف ہر شعبہ کی طرح لائیو سٹاک کے شعبہ میں خصوصی اقدامات لئے ہیں تاکہ مویشی پال حضرات کو جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کو موٹر سائیکل کی فراہمی سے دور افتادہ علاقوں میں کسانوں کو ان کی دہلیز پر بروقت سہولت میسر آئے گی۔مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری شہریار سلطان نے کہا کہ موجودہ حکومت کی اس سکیم سے ملک میں گوشت اور دودھ پیداوار بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔انہوں نے ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر سہیل منظور کی قیادت میں محکمہ کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ہمیں ملکر عوام کی فلاح وبہبود کے لئے کام کرنا ہوگا۔تقریب سے ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر سہیل منظور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ کے ملازمین کو آسان اقساط پر موٹر سائیکلوں اور محکمے کے جانب سے پیٹرول کی فراہمی سے دور دراز علاقوں میں کسانوں اور مویشی پال حضرات کو خدمات کی فراہمی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ کسان اور مویشی پال جانوروں میں کسی بھی ایمرجنسی میں محکمہ کے فری ٹال نمبر 9211 پر کال کر کے محکمہ سے خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بعدازاں مہمانان گرامی نے ملازمین میں موٹر سائیکلوں کی چابیاں تقسیم کیں

بجلی چوروں کے خلاف مسلسل گھیرا تنگ کیا جارہا ہے: نوشین افضل

بجلی چوری پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے لہذا صارفین بجلی چوری سے اجتناب کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ڈی او سٹی سب ڈویژن فیسکو جھنگ نوشین افضل نے کہا کہ ایکسین فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کے احکامات کی روشنی میں بجلی چوروں کے خلاف مسلسل گھیرا تنگ کیا جارہا ہے اپنی تعیناتی کے دوران متعدد بجلی چور رنگے ہاتھوں پکڑے ہیں جنہیں لاکھوں روپے جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات بھی درج کروائے گئے ہیں بجلی چوری پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے لہذا صارفین بجلی چوری سے اجتناب کریں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نوشین افضل نے کہا کہ صارفین کی خدمت کو اپنا شعار بنا رکھا ہے صارفین ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے مسائل دلجمعی کے ساتھ حل کیے جارہے ہیں ہماری سب ڈویژن کے 38 ہزار کے قریب صارفین ہیں جن کی خدمات کے لیے ہمارا لائن سٹاف اور عملہ دن رات مصروف عمل ہے انہوں نے مزید کہا کہ سب ڈویژن میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں صارفین کی شکایات اور مسائل سن کران کا موقع پر ہی ازالہ کیا جارہا ہے انہوں نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کے لیے روزانہ کھلی کچہری میں شرکت کریں

سیالکوٹ سویٹس پنجاب فوڈ اتھارٹی سرٹیفائیڈ ادارہ ہے۔رانا محمد عرفان

سویٹس اینڈ بیکرز تمام کوالٹی چیکس کے بعد کسٹمرز کو فروخت کیجاتی ہیں۔رانا فیصل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز کی کوالٹی فوڈ پراڈکٹس ... آئٹمز روایتی مٹھائیوں اور بیکری ...

جہلم پیکرٹری سکولز ایجوکیشن نے جہلم سمیت پنجاب بھر کے سکولوں کے سرکاری دوروں کے دوران گلدستے اور تحائف پیش کرنے پر سختی سے پابندی عائد کردی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سیکرٹری سکولز ایجوکیشن نے جہلم سمیت پنجاب بھر کے سکولوں کے سرکاری دوروں کے دوران گلدستے اور تحائف پیش ...

اسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ نے جناح پارک، لالہ زار کالونی، ڈاکٹرز کالونی، دیپالپور روڈ اور فیصل آباد روڈ پر صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کا تفصیلی معائنہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ چوہدری رب نواز نے جناح پارک، لالہ زار کالونی، ڈاکٹرز کالونی، دیپالپور روڈ اور فیصل آباد روڈ پر صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کا تفصیلی معائنہ کیا ...

اربن یونین کونسل اپنے محاصل کی وصولی میں ناکام

محاصل کے حصول میں افسران کی دانستہ عدم دلچسپی سے سرکاری خزانے کو بھاری نقصان کا سامنا

انتقال پر ملال

اوکاڑہ ... پاکستان حضرت مولانا الیاس عطار قادری کے قریبی ساتھی اور جماعت اہل سنت اوکاڑہ کے سینئر رہنما الحاج محمد شفیق طور قادری انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ گھوڑے شاہ میں ادا کی گئی نماز جنازہ پیر سید سلیم حیدر شاہ گیلانی نے پڑھائی نماز جنازہ میں سیاسی،سماجی،مذہبی،کاروباری شخصیات صحافیوں اور وکلاء سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت کی مرحوم کچھ عرصہ سے علیل تھے اور لاہور کے نجی ہسپتال میں زیر علاج تھے۔

بابائے صحافت سیالکوٹ حاجی عبدالرشید باکمال شخصیت تھے۔خواجہ عامر جاوید

... دھڑوں کو یکجان و مجتمع کرنا شامل ہے۔ان باتوں کا اظہار عرصہ اٹھارہ سال سے شعبہ صحافت سے وابستہ صحافی خواجہ عامر جاوید نے ایک صحافتی نشست کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ افسوس ناک امر یہ کہ عہد ساز و صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے جدوجہد کرنے والے اس مرد مجاہد کی وفات کے بعد سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کی تالہ بندی کو سات سال سے زائد گزر چکے مگر تاحال ہم پروفیشنل ورکنگ جرنلسٹس کا گھر ہمارا سیالکوٹ پریس کلب بند ہے وجہ صحافیوں کی گروہ بندیاں جنہیں اب کوئی اٹھانہ کرسکا۔

تعلیم شخصیت کو سنوارنے اور معاشرے کی تعمیر کا بنیادی ستون ہے: کمشنر گوجرانوالہ

یہ صرف کتابوں کا علم حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ شعور، اخلاقیات، کردار سازی اور عملی زندگی کے لئے رہنمائی کا ذریعہ ہے

گوجرانوالہ (رب نواز انصاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ... تعلیم شخصیت کو سنوارنے اور معاشرے کی تعمیر کا بنیادی ستون ہے۔ یہ صرف کتابوں کا علم حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ شعور، اخلاقیات، کردار سازی اور عملی زندگی کے لئے رہنمائی کا ذریعہ ہے ...

لائن طاہر مجید کپور کی تمغہ امتیاز ملنے پر خواجہ محمد آصف کو مبارکباد

قابل فخر وفاقی وزیر دفاع کی ملک و قوم کیلئے گرانقدر خدمات ہیں۔ سابق صدر سیالکوٹ چیمبر

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید)سپوت سیالکوٹ وفاقی وزیر دفاع پاکستان خواجہ محمد آصف کو انکی گرانقدر قومی خدمات کے اعتراف میں صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان نے تمغہ امتیاز پیش کیا۔سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ لائن طاہر مجید کپور نے خواجہ محمد آصف سے خصوصی ملاقات کے موقع پر انکو پھول پیش کرتے ہوئے مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر انہوں نے میڈیا ٹاک میں کہا کہ سپوت سیالکوٹ خواجہ محمد آصف نے بطور ممبر قومی اسمبلی ناصرف سیالکوٹیوں بلکہ ملک وقوم کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ اپریشن بنیان المرصوص و معرکہ حق کے دوران ہمارے غیور لیڈر نے مئتبر بھارت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر جس مدبرانہ و بیباک انداز میں ملک وقوم کی ترجمانی کی اس پر پاکستانی کی دنیا عش عش کراٹھی۔

سروائیکل کینسر سے بچاؤ کی قومی مہم 15 ستمبر سے 27 ستمبر تک جاری رہے گی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ

اس مہم کے دوران محکمہ صحت و آبادی کی ٹیمیں 9 تا 14 سال کی بچیوں کو ایچ پی وی ویکسین فراہم کریں گی تاکہ آئندہ زندگی میں انہیں اس مہلک مرض سے محفوظ بنایا جاسکے

... سے بچاؤ کی قومی مہم 15 ستمبر سے 27 ستمبر تک جاری رہے گی۔اس مہم کے دوران محکمہ صحت وآبادی کی ٹیمیں 9 تا 14 سال کی بچیوں کو ایچ پی وی ویکسین فراہم کریں گی تاکہ آئندہ زندگی میں انہیں اس مہلک مرض سے محفوظ بنایا جاسکے۔انہوں نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی بچیوں کو اس قومی مہم کا حصہ بنائیں اور سروائیکل کینسر سے بچاؤ میں حکومت کے ساتھ تعاون کریں محکمہ صحت وآبادی کے زیر اہتمام ایچ ڈی سی ... سے ڈاکٹر عمر منیر نے کہا کہ سروائیکل کینسر سے آگاہی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام تر انتظامی و محکمانہ وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے محکمہ صحت وآبادی کے افسران کو ہدایت کی کہ عوام میں شعور وآگاہی پیدا کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس مہم سے فائدہ اٹھا سکیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیصل سلطان نے کہا کہ سروائیکل کینسر جیسے موذی مرض سے بچاؤ صرف بروقت ویکسینیشن اور ... صدر چیمبر حاجی محمد یوسف، ضلعی افسران اور محکمہ صحت و آبادی سے ڈاکٹر عدیلہ لیاقت، ڈاکٹر لبنیٰ ڈار، ڈاکٹر عمارہ ناصر و دیگر شریک تھے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فیصل سلطان نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ مہم کی کامیابی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی آگاہی اور تعاون کے بغیر یہ مہم اپنے مقاصد حاصل نہیں کر سکتی، اس لیے والدین اور اساتذہ کو بھی اس عمل میں شامل کیا جائے۔

جلالپور بھٹیاں دریائے چناب زمینی کٹاؤ تیزی سے جاری رکھے ہوئے ہے

اربوں روپے مالیت کی زرعی زمینیں اور متعدد بستیاں پہلے ہی دریا ہڑپ کرچکا بھون فاضل کے مکانات کو دریا نے پھر نشانے پر رکھ لیا لوگ نقل مکانی کررہے ہیں

جلال پور بھٹیاں:(روزنامہ قوت۔رستم علی) جلالپور بھٹیاں دریائے چناب زمینی کٹاؤ تیزی سے جاری رکھے ہوئے ہے اربوں روپے مالیت کی زرعی زمینیں اور متعدد بستیاں پہلے ہی دریا ہڑپ کر چکا بھون فاضل کے مکانات کو دریا نے پھر نشانے پر رکھ لیا لوگ نقل مکانی کر رہے ہیں ضلعی انتظامیہ اور سیاسی قیادت نے مکمل طور پر چپ سادھ لی، جلال پور بھٹیاں: دریائے چناب ضلع حافظ آباد میں دن بدن تباہی مچا رہا ہے دریائی کٹاؤ پہلے ہی کسانوں کا ہزاروں ایکڑ رقبہ نگل چکا ہر روز کئی ایکڑ زرعی اراضی دریا برد ہو رہی ہے دریا نے اب بھون فاضل گاؤں کو نشانے پر رکھ لیا علاقہ مکین نقل مکانی کر رہے ہیں متاثرہ کاشتکاروں کے گھر نوبت فاقوں تک پہنچ گئی متاثرہ افراد ضلعی انتظامیہ اور سیاسی قیادت کے خلاف احتجاج کرتے نظر آتے ہیں کہ خدا راہ ہمارے گھروں کو بچایا جائے دریائے چناب کے کٹاؤ نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنادی چناب واسیوں کی املاک دھیرے دھیرے دریا نگل چکا اب دریائے چناب سے کئی کلومیٹر دور دوسری بار آباد ہونے والا گاؤں دریا سے چند فٹ کے فاصلے پر رہ گیا علاقہ مکین کسی مسیحا کے منتظر ہیں دیہات کے مکین ارباب اختیار سے التجا کر رہے ہیں کہ دریا گردی روکنے کے لیے کوئی بھی سیاسی رہنما ہماری مدد نہیں کر رہا ہماری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر اعظم پاکستان سے اپیل کر رہے ہیں کہ دریا کے کنارے پختہ نا کو بنا کر ہمارے گھروں کو بچایا جائے

رائیونڈ: جماعت اسلامی پی پی 165 کا ممبرز کنونشن، جوش وخروش کے ساتھ منعقد

کنونشن کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ اور امیر جماعت اسلامی غربی لاہور علی ارتضیٰ حسنی نے کی

رائیونڈ(تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے)جماعت اسلامی پی پی 165 کے زیر اہتمام ... الدین انصاری ایڈووکیٹ، جبران بٹ، سید راشد داؤد بخاری، یونس انصاری، سید وقار عظیم شاہ، ارشد مجید، اصف محمود، رانا اصغر، عابد حسین، حماد احمد اور حکیم نذیر شریک ہوئے۔ اس موقع پر مشاورت سے زاہد خان کو یوسی چیئرمین رائیونڈ خورد کے لیے نامزد بھی کیا گیا۔خطاب کرتے ہوئے ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ جماعت اسلامی ایک نظریاتی تحریک ہے جو قرآن وسنت کی بنیاد پر فلاحی ومنصفانہ اسلامی معاشرے کے قیام کے لیے سرگرم عمل ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ دعوت، خدمت اور انتخابی جدوجہد کے تینوں محاذوں پر متحرک رہیں اور عوامی اعتماد حاصل کریں۔امیر جماعت اسلامی لاہور غربی سید علی ... رہنمائی پر زور دیا۔صدر جے آئی یوتھ لاہور جبران بٹ نے کہا کہ نوجوانوں کو منظم اور نظریاتی پلیٹ فارم کی ضرورت ہے اور جماعت اسلامی یہ کردار ادا کر رہی ہے۔نائب امیر ضلع لاہور غربی سید راشد ... ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ پی پی 165 جماعت اسلامی کے مضبوط حلقوں میں شمار ہوگا اور آنے والے بلدیاتی وعام انتخابات میں بھرپور تیاری کی جائے گی۔

جاری محکمہ موسمیات پاکستان دریائے چناب کے لئے خطرناک سیلابی صورتحال کی وارننگ

محکمہ موسمیات کے تازہ ترین ہائیڈرومیٹرولوجیکل تجزیے کے مطابق بارش کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دریائے چناب اور دریائے راوی کے لئے اہم سیلابی وارننگ جاری کر دی ہے۔ رپورٹ کے مطابق شمالی راجستھان پر موجود مون سون اور کشمیر وملحقہ علاقوں میں مغربی ہوا کے امتزاج سے بالائی مشرقی دریاؤں کے متصل علاقوں میں بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔جو آئندہ دنوں میں مزید تیز ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے تازہ ترین ہائیڈرومیٹرولوجیکل تجزیے کے مطابق بارش کی شدت میں نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے،جس کے باعث دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ، ہیڈ خانکی اور قادر آباد سمیت ملحقہ نالوں اور معاون دریاؤں میں پانی کی سطح انتہائی بلند(High to Very High Flood Level) ہو سکتی ہے۔دریائے راوی میں پانی کی شدت کا انحصار بھارت کے مادھوپور بیراج سے ہونے والے اخراج پر ہے۔ تاہم مادھوپور بیراج کے ڈاؤن اسٹریم اور دریائے راوی کے کیچمنٹس میں انتہائی تیز بارشوں کے باعث نالوں میں پانی کی سطح بلند ہو رہی ہے جس سے دریائے راوی میں درمیانے سے اونچے درجے کا سیلاب آنے کا خدشہ ہے۔ مزید برآں، وقفے وقفے سے ہونے والی شدید بارشوں کے باعث لاہور، گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران شہری سیلاب (Urban Flooding) کے امکانات ہیں۔اطلاعات کے مطابق بھارت کی جانب سے دریائے راوی اور دریائے ستلج کے ریزروائر پہلے ہی خطرناک سطح پر پہنچ چکے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صورتحال پر قریبی نظر رکھیں اور کسی بھی ممکنہ ہنگامی حالت سے نمٹنے کے لئے بروقت حفاظتی اقدامات کریں تاکہ جانی و مالی نقصان سے بچا جاسکے۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا صنعت زار گوجرانوالہ کا دورہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مریم نواز کا پنجاب' خوشحال پنجاب 'وزیراعلیٰ پنجاب گورننس بہتری اقدامات کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا صنعت زار گوجرانوالہ کا دورہ۔خواتین کو مالی طور پر مستحکم بنانا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔فنی مہارتیں سکھانے کے شعبہ جات کا معائنہ 'کمپیوٹر، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، فری لانسنگ کا ہنر سیکھنے والی طالبات سے گفتگو۔ضلعی انتظامیہ صنعت زار کو درکار وسائل کی فراہمی کیلئے اقدامات بروئے کار لارہی ہے۔خواتین مالی طور پر مستحکم ہوں گی تو خاندان خوشحال ہوگا۔وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی قیادت میں خواتین کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

فیصل آباد: گول بھوانہ بازار میں آئس بارز کا فٹ پاتھوں پر قبضہ، خریداروں کو شدید مشکلات

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) گول بھوانہ بازار میں تجاوزات کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے۔المدینہ آئس بار، القائم آئس بار اور المکہ آئس بار نے فٹ پاتھوں پر کرسیاں اور میزیں رکھ کر قبضہ جما رکھا ہے جس سے خریداروں اور پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔بازار میں خریداری کے لیے آنے والے افراد کا کہنا ہے کہ فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کے لیے بنائے جاتے ہیں مگر دکانداروں نے اپنی کاروباری سرگرمیوں کے لیے انہیں مکمل طور پر بند کر دیا ہے۔رش کے اوقات میں خواتین، بچے اور بزرگ افراد کو سڑک کے بیچ سے گزرنا پڑتا ہے جس سے حادثات کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔شہریوں نے شکوہ کیا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے تجاوزات کے خلاف جاری مہم صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے۔ بااثر دکانداروں کے خلاف کارروائی نہ ہونے سے یہ تاثر ابھرا ہے کہ بعض مخصوص افراد کو چھوٹ دی جا رہی ہے۔خریداروں اور سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے گول بھوانہ بازار میں ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کیا جائے اور فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کے لیے خالی کرائے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ 27 اگست کو کھلی کچہری منعقد کریں گے

کھلی کچہری میں تمام صوبائی محکموں کے خلاف شکایات سنی جائیں گی

منڈی بہاءالدین (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور کی ہدایت پر ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ 27 اگست 2025 بروز بدھ صبح 11 بجے ضلع کونسل ہال منڈی بہاءالدین میں کھلی کچہری منعقد کریں گے۔کھلی کچہری میں تمام صوبائی محکموں کے خلاف شکایات سنی جائیں گی۔جس میں پنجاب کے تمام محکموں پولیس، جیل خانہ جات، سرکاری ہسپتال، ضلع کونسل کارپوریشن، فوڈ اتھارٹی، محکمہ مال، محکمہ اوقاف، اور دیگر محکمہ جات وغیرہ کے خلاف شکایت سنی جائیں گی،شہری اپنے مسائل اور شکایات کے حل کے لیے اج ہی اپنی درخواست اینٹی کرپشن آفس منڈی بہاءالدین میں جمع کروائیں تاکہ آپ کی شکایت کا ازالہ کیا جاسکے

مہنگائی کا طوفان آٹا گھی چینی کی قیمتوں میں اضافہ انتظامیہ مہنگائی کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام ہوگئی

آٹے کی قیمت میں 10٪ اضافے سے 100 روپے فی کلو چینی کی قیمت 5٪ اضافے کے ساتھ 200 روپے فی کلو جبکہ گھی کی قیمت 3٪ اضافے کے ساتھ 550 سے 560 روپے فی کلوگرام تک پہنچ گئی ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی میں مہنگائی کا طوفان آٹا گھی چینی کی قیمتوں میں اضافہ انتظامیہ مہنگائی کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام ہوگئی آٹے کی قیمت میں 10٪ اضافے سے 100 روپے فی کلو چینی کی قیمت 5٪ اضافے کے ساتھ 200 روپے فی کلو جبکہ گھی کی قیمت 3٪ اضافے کے ساتھ 550 سے 560 روپے فی کلوگرام تک پہنچ گئی ہے انتظامیہ مہنگائی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ دکھائی نہیں دے رہی غریب عوام کیلئے دو وقت کا کھانا کھانا مشکل ہوچکا ہے آٹا چینی اور گھی روزمرہ ضرورت کی اشیاء ہیں ان کی قیمتوں میں اضافے سے غریب آدمی پس کر رہ گیا شہریوں کا گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا حکومت عوام کو ریلیف دینے میں بری طرح ناکام ہو چکی اشیاء خوردونوش میں اضافہ اور خودساختہ مہنگائی بجلی کی قیمتوں میں اضافہ عوام کو زندہ درگو کرنے کے مترادف ہے انھوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومتی ایوانوں سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ممکنہ طور پر 18 موضع جات سیلاب سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین نے جموں توی کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ سیالکوٹ دریائے چناب، جموں توی اور نالہ ڈیک میں حالیہ بارشوں اور پانی کے اخراج کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے۔ضلعی سطح پر تمام محکمے ہائی الرٹ پر ہیں اور متاثرہ دیہات میں ریسکیو اور ریلیف سرگرمیاں جاری ہیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین نے جموں توی کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں قائم ریلیف کیمپس و ریسکیو سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر نے ہیڈ مرالہ کا دورہ کیا اور موقع پر موجود ریسکیو ٹیموں اور انتظامیہ کو ضروری ہدایات جاری کیں۔اسی طرح اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار نے نالہ ڈیک کے قریبی دیہات کا دورہ کیا اور متاثرہ یا خطرے سے دوچار آبادیوں کے انخلاء کے انتظامات چیک کیے۔ انتظامیہ کی فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق جموں توی میں اس وقت پانی کا اخراج 467,18 کیوسک ہے جو بڑھ رہا ہے۔ممکنہ طور پر 18 موضع جات متاثر ہوسکتے ہیں جن کی آبادی 550,9 نفوس پر مشتمل ہے۔ان میں سے تقریباً 047,5 افراد کے بے گھر ہونے کا خدشہ ہے۔متاثرہ علاقوں میں مسجد اعلانات کے ساتھ ساتھ گھر گھر جا کر لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ دو ریلیف کیمپس گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول چپراڑ اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مرالہ میں قائم کیے گئے ہیں جبکہ ریسکیو 1122 کی ٹیمیں کشتیوں، لائف جیکٹس اور ایمبولینسز کے ساتھ تعینات ہیں۔نالہ ڈیک میں پانی کے اخراج کی سطح 545,22 کیوسک ریکارڈ کی گئی ہے جو درمیانے درجے کے سیلاب کے برابر ہے، تاہم پانی میں کمی کا رجحان موجود ہے۔نالہ ڈیک کا بہاؤ فلیش فلڈ کی نوعیت رکھتا ہے جو کٹاؤ اور فلو کے خطرات کو بڑھا دیتا ہے۔ تحصیل پسرور میں پانچ ریلیف کیمپس قائم کیے گئے ہیں

چوہدری حاجی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کو دوسری مرتبہ بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

عارفوالا (تحصیل کرائم رپورٹر امیر احمد خان) نمائندہ قوت) سے ہم چوہدری حاجی محمد اعجاز ایڈووکیٹ کو دوسری مرتبہ پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کا بلا مقابلہ صدر،میاں سہیل رضا ولد ایڈووکیٹ کو چیئرمین اور میاں جاوید رضا وٹو کو سیکرٹری جنرل منتخب ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔منجانب: راؤ محمد کامران خاں صدر میڈیا پریس کلب عارفوالا۔ اور سینئر صحافی امیر احمد خان اور جنرل سیکرٹری ملک محمد اکرام کھوکھر صاحب پاکستان میڈیا پریس کلب عارفوالا وارا کین۔

ریسلنگ ایک قومی کھیل ہے جس کی جڑیں ہماری تاریخ اور ثقافت میں گہری پیوست ہیں: میڈم شازیہ فرید

ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر خان، عثمان بابر، ریاض بل پہلوان، معروف پہلوان انعام پہلوان، نوح دستگیر و دیگر کھلاڑیوں نے تقریب میں شرکت کی

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) ریسلنگ ایک قومی کھیل ہے جس کی جڑیں ہماری تاریخ اور ثقافت میں گہری پیوست ہیں۔یہ کھیل نہ صرف جسمانی طاقت اور مہارت کا مظاہرہ ہے بلکہ برداشت، صبر، محنت اور عزم و حوصلے کی علامت بھی ہے۔یہ بات ایم این اے میڈم شازیہ فرید، صدر چیمبر آف کامرس رانا محمد صدیق خان، کوآرڈینیٹر منسٹر سپورٹس پنجاب ملک منظور کھوکھر کوآرڈینیٹر منسٹر سپورٹس پنجاب عطا فرید چیمہ ... کوآرڈینیٹر عطا فرید نے کہا کہ صدیوں سے برصغیر میں پہلوانی اور کشتی کے دنگل عوامی دلچسپی کا مرکز رہے ہیں اور آج بھی ریسلنگ نوجوانوں کو صحت مند مقابلے، قوت ارادی اور ڈسپلن سکھانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریسلنگ ایک ایسا کھیل ہے جو اتحاد، ٹیم ورک اور کھیلوں کے مثبت رویوں کو فروغ دیتا ہے۔یہ نہ صرف کھلاڑیوں کی جسمانی نشوونما کرتا ہے بلکہ ان کے اندر خود اعتمادی اور حوصلہ بھی پیدا کرتا ہے۔قومی اور بین الاقوامی سطح پر ریسلنگ کے مقابلوں میں ہمارے کھلاڑی ملک کا نام روشن کر رہے ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ کھیل ہماری قومی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ ... ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر خان، عثمان بابر، ریاض بل پہلوان، معروف پہلوان انعام پہلوان، نوح دستگیر و دیگر کھلاڑیوں نے تقریب میں شرکت کی۔ ... ریسلنگ صرف ایک کھیل نہیں بلکہ ایک قومی ورثہ ہے، جو ہماری نوجوان نسل کو طاقت، جرات اور عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کا پیغام دیتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ہوم ڈیپارٹمنٹ) کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

اجلاس میں متعلقہ اہداف کے حوالے سے محکموں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ہوم ڈیپارٹمنٹ) کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔اجلاس میں بریگیڈیئر محمد فرقان شبیر، لیفٹیننٹ کرنل حیدر امجد، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ عطیہ عنایت، اسسٹنٹ کمشنر شاہ کوٹ، شاہ شرافت، اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل ... سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں ... تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات، بھکاریوں، سمگلنگ ... اور نان کسٹم گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے، مدرسہ اور مسجد اصلاحات کے نفاذ اور مدارس کی رجسٹریشن، ٹریفک قوانین کی پاسداری یقینی بنانے اور عوامی آگاہی مہم کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں متعلقہ اہداف کے حوالے سے محکموں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ... جائے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے یونیورسٹی، کالجز اور سکولز میں آگاہی سیمینارز کروائے جائیں بھکاریوں کے خلاف بھی سخت ایکشن لیا جائے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے کہا کہ پولیس کی طرف سے مکمل تعاون اور مدد فراہم کی جائے گی ... بریگیڈیئر محمد فرقان شبیر نے کہا کہ محکمہ تعلیم بچوں کی سکلز کو ڈویلپ کرے اور محکمہ صحت ہر آنے والے شہری کو اچھے سے ٹریٹ کرے۔انہوں نے کہا کہ انصاف، صحت اور یکساں تعلیم کی فراہمی سے پاکستان ترقی کرے گا ... میں پاکستان کا مثبت پیغام جائے۔

گوجرانوالہ میں گلوبل یونین آف جرنلسٹ کے حوالے سے ایک اہم نشست کا انعقاد ہوا

گوجرانوالہ (ظہیر عباس مہر سے) گوجرانوالہ میں گلوبل یونین آف جرنلسٹ کے حوالے سے ایک اہم نشست کا انعقاد ہوا جس میں سینئر وائس چیئرمین طاہر قیوم قادری صاحب، یوتھ ونگ کے نائب صدر رانا اعظم حاجی کمیل صاحب، ظہیر عباس مہر انفارمیشن سیکرٹری گلوبل یونین آف جرنلسٹ اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔ ملاقات میں اس بات پر تفصیلی گفتگو کی گئی کہ یونین کو کس طرح مزید فعال بنایا جا سکتا ہے تاکہ اسے اعلیٰ سطح پر لے جایا جائے۔ظہیر عباس مہر نے گفتگو کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ گلوبل یونین اف جرنلسٹ کو ایک مضبوط اور مثبت قوت کے طور پر سامنے لایا جائے اور اسے صحافت کی دنیا میں ایک نمایاں مقام دلایا جائے۔اس موقع پر یہ بھی کہا گیا کہ گلوبل یونین آف جرنلسٹ کو صرف ایک تنظیم نہیں بلکہ ایک فیملی کی طرح بڑھایا جائے، جہاں باہمی تعاون، مثبت سوچ اور ایک دوسرے کی رہنمائی کو اولین ترجیح دی جائے۔یہ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی اور شرکاء نے عزم کیا کہ میڈیا کے اس پلیٹ فارم کو مزید مضبوط بنا کر نوجوانوں کے لیے نئی راہیں کھولی جائیں گی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب سے 700 افراد جاں بحق

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب سے 700 سےزیادہ افراد جاں بحق ہوئے ہیں، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی اور تعمیرنو کا کام مکمل ہونے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، متاثرین کی امداد اور بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، مل کر کام جاری رکھیں گے، پانی کے بہاؤ پر قائم غیر قانونی تعمیرات کا معاوضہ کب تک وفاقی اور صوبائی حکومتیں ادا کرتی رہیں گی، ماحولیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لئے ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں، دورہ چین کے دوران ایس سی او اجلاس میں شرکت کے علاوہ چینی قیادت سے دوطرفہ ملاقاتیں ہوں گی، سی پیک کے دوسرے مرحلے کا بھی آغاز ہوگا۔ جمعہ کو وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ملک میں طوفانی بارشوں سے دریاؤں میں طغیانی آئی ہے بالخصوص خیبر پختونخوا میں کلاؤڈ برسٹ سے آنے والے سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان ہوا ہے، دو دن پہلے ہم نے بونیر کا دورہ کیا، وہاں پر بہت زیادہ جانی اور مالی نقصان ہوا، اسی طرح سوات، شانگلہ، صوابی، مانسہرہ اور دوسرے علاقوں میں بھی بے پناہ نقصانات ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آفت کی اس گھڑی میں وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کیا ہے اور خلوص کے ساتھ تعاون کیا ہے، وفاقی وزرانے امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا، وفاقی وزیر اطلاعات نے جو کاوشیں ہوتی رہی ہیں انہیں اجاگر کیا ہے، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام کی قیادت میں بھرپور طریقے سے امدادی کام جاری ہیں، امداد اور ریلیف کے کاموں میں وفاقی وزرا اسیکرٹریز اور چیئرمین این ڈی ایم اے کا کام کلیدی رہا، ریسکیو اور ریلیف کی سرگرمیوں میں حصہ لینے والوں کا بے حد شکر گزار ہوں لیکن یہ کام ابھی جاری ہے، ریسکیو سرگرمیاں مکمل ہوگئی ہیں، ریلیف اور بحالی کا کام جب تک مکمل نہیں ہوتا چین سے نہیں بیٹھیں گے، بارشوں سے جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کو معاوضے کی ادائیگی کی جارہی ہے لیکن جن کے پیارے دنیا سے چلے جائیں ان کے لئے یہ بے معنی ہو جاتا ہے تاہم معمولات زندگی کو آگے بڑھانے، علاج معالجے، کاروبار اور دیگر ضروریات سے یہ چیزیں جڑی ہوئی ہیں، اس کے لئے ہمیں متاثرین کے لئے بھرپور تعاون کرنا اور پورے خلوص کے ساتھ سیاست سے بالاتر ہوکر ان کی مدد کرنا ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاک فوج کے سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سربراہی میں افواج پاکستان امدادی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے رہی ہیں، سپہ سالار نے میرے ساتھ بونیر کا دورہ کیا، وہاں پر ہمیں بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور امدادی سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت کے نمائندوں کے علاوہ کور کمانڈر پشاور نے بھرپور پریزنٹیشن دی، پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے دور دراز علاقوں میں جا کر متاثرین کو نکالا، ہیلی کاپٹر بھی امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں، متاثرین کی امداد اور بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، مل کر کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 2022ء میں سندھ میں شدید آفت آئی تھی اور اس وقت سندھ میں بہت زیادہ نقصان ہوا تھا، اس کے علاوہ بلوچستان، جنوبی پنجاب کے کچھ اضلاع اور کے پی میں بھی نقصان ہوا تھا، سندھ میں سب سے زیادہ تباہی ہوئی تھی، 2022ء کی تباہ کن بارشوں اور سیلاب سے 100 اموات ہوئی تھیں جبکہ اربوں ڈالر کا مالی نقصان ہوا تھا لیکن اس مرتبہ ملک بھر میں 700 سےزیادہ اموات ہوئی ہیں اور صرف خیبر پختونخوا میں 400 سے زائد افراد جاں بحق ہوئے ہیں، پہاڑوں سے بڑے بڑے پتھر اور درخت پانی کے ساتھ بہہ کر آئیں تو ان کے سامنے کون ٹھہر سکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2022ء میں معاشی نقصان بہت زیادہ ہوا تھا لیکن جانی نقصان کم تھا، اس مرتبہ جانی نقصان زیادہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لئے ہماری اس حوالے سے ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں، اس کے لئے ماحولیاتی تبدیلی کی وزارت اور متعلقہ اداروں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تین دن پہلے کراچی میں تباہ کن بارش ہوئی، وزیراعلیٰ سندھ سے بھی میری فون پر بات ہوئی، ان سے اظہار ہمدردی کیا ہے، بلاول بھٹو زردی سے بھی رابطہ ہوا ہے

گیت کہانی: رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے

تحریر: ریاض ملک

17 اکتوبر 1969 کو ایک فلم زرقا لاہور کے سینماؤں میں نمائش کے لیے پیش کی جاتی ہے جس کا ایک سپر ہٹ گیت رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے نیلو اور اعجاز پر فلمایا گیا ہے یاد رہے کہ 1957 میں نیلو پر فلمایا گیا فلم سات لاکھ کا گیت، آئے موسم رنگیلے سہانے، آج بھی سننے والو پر سحر تاری کر دیتا ہے اس کے بعد ہی نیلو کو ٹائٹل رول ملنے لگے تھے۔ اس وقت جب زرقا فلم عکسبند ہو رہی تھی تو نیلو اور اس فلم کے فلمساز و ہدایت کار ریاض شاہد رشتہ ازواج میں بندھ چکے تھے انہوں نے اپنی بیٹی کا نام بھی زرقا ہی رکھا تھا اس فلم کی کامیابی ان دونوں کی انتھک محنت اور کوششوں کا ثمر تھی۔ ایم جے رانا کی سپر ہٹ فلم یکے والی میں بھی سدھیر اور مسرت نذیر کے ساتھ نیلو بھی تھیں یہ ایک عہد ساز فلم تھی۔ کہتے ہیں کہ اسی فلم کی کمائی سے فلمساز غلام باری نے لاہور میں باری سٹوڈیو بنایا تھا

فلم زرقا کا موضوع فلسطین کی جد و جہد آزادی ہے اس فلم کے مرکزی کردار میں نیلو بیگم نے اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔ باقی نمایاں کرداروں میں اعجاز، طالش اور علاؤالدین شامل ہیں اس فلم کے فلمساز، ہدایت کار اور مصنف ریاض شاہد تھے۔ آغاز میں اس کی موسیقی رشید عطرے نے ترتیب دی تھی لیکن اسی دوران ان کا انتقال ہوگیا اور باقی کام ان کے بیٹے وجاہت عطرے نے مکمل کیا۔ گلوکاروں میں مہدی حسن، نسیم بیگم اور منیر حسین شامل ہیں حبیب جالب، خواجہ پرویز اور سلطان محمود آشفتہ نے اس فلم کے نغمات لکھے ہیں۔ اس فلم زرقا کو پاکستان کی پہلی ڈائمنڈ جوبلی فلم قرار دیا جاتا ہے۔ جس کا شہرہ آفاق گیت بھی یہی ہے "رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے" اس گیت میں مہدی حسن نے اپنی آواز کا جادو جگایا ہے۔ اس گیت کے بارے میں حبیب جالب "جالب بیتی" میں کہتے ہیں "ریاض شاہد میرا بہت اچھا دوست تھا اور بہت ذہین بھی تھا لیکن اس کا ایک مسئلہ یہ تھا کہ وہ بہت کنجوس تھا جب اس نے فلم زرقا میں میرا گیت، رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے، شامل کیا تو میرے ساتھ وعدہ کیا کہ اگر یہ گیت ہٹ ہوگیا تو وہ مجھے پانچ ہزار روپے انعام دے گا گانا ہٹ نہیں سپر ہٹ ہو گیا تو ریاض شاہد انعام دینے میں لیت و لعل سے کام لینے لگا لیکن آخر میں نے پیسے لے ہی لیے" زرقا فلم کے گانے "رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے" کی تخلیق کے پیچھے ایک اور الم ناک کہانی ہے اور وہ کہانی ہے

نیلو بیگم کی۔ اس ذی وقار اور پر اعتماد اداکارہ کا 1965 کا ایک واقعہ مختصراً عرض کرتا چلوں اس وقت نیلو بیگم اپنے عروج پر تھیں وہ صف اول کی ہیروئن مانی جاتی تھیں خوب صورت بھی تھیں جوان بھی اور اللہ تعالیٰ نے اسے فنکارانہ صلاحیتوں سے بھی مالا مال کر رکھا تھا۔ کہتے ہیں کہ 1965 میں ایک غیر ملکی شاہی مہمان کی پاکستان آمد ہوئی۔ جس کو خوش کرنے کے لیے اس وقت کے ارباب اختیار نے نیلو بیگم کو اپنا رقص دکھانے کے لیے بلا بھیجا لیکن نیلو بیگم ایک خود دار اور عزت نفس کا پاس رکھنے والی اداکارہ تھیں نیلو بیگم نے عالیجاہ کے دربار میں رقص کرنے سے دو ٹوک انکار کر دیا۔ جس پر اربابِ اختیار میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی انہوں نے اہل کاروں کے ذریعے تشدد کرتے ہوئے نیلو بیگم کو زبردستی رقص کے لیے اٹھوا لیا۔ جب نیلو نے دیکھا کہ عزت نفس بچانے کے لیے موت کے سوا اب کوئی اور چارہ نہیں ہے تو پھر نیلو بیگم نے موت کو ترجیح دی۔ نیلو نے فوراً کافی مقدار میں خواب آور گولیاں کھا لیں۔ حالت غیر ہونے پر نیلو کو اسپتال پہنچایا گیا اسپتال کے ڈاکٹروں نے فوری طبی امداد فراہم کرتے ہوئے نیلو بیگم کی جان بچا لی۔ جسے مکمل جانبر ہونے میں کافی وقت لگا۔ اس طرح نیلو اپنی جان پر کھیل گئیں۔ لیکن عزت نفس کو مجروح نہ ہونے دیا۔ اس دلخراش واقعہ کے پس منظر میں حبیب جالب نے شہرہ آفاق نظم "نیلو" لکھی۔

تو کہ ناواقفِ آدابِ شہنشاہی تھی
رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے

اس نظم میں نیلو بیگم کے ساتھ ہونے والے جبر و استبداد کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ یہی نظم رد و بدل کے ساتھ ایک گیت کی شکل میں فلم زرقا میں شامل کی گئی۔ جو کچھ اس طرح سے ہے۔

تو کہ ناواقفِ آدابِ غلامی ہے
رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے
آج قاتل کی یہ مرضی ہے کہ سرکش لڑکی
سرِ مقتل تجھے کوڑوں سے نچایا جائے
موت کا رقص زمانے کو دکھایا جائے
اس طرح ظلم کو نذرانہ دیا جاتا ہے (اللہ)
رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے
دیکھ فریاد نہ کر سر نہ جھکا، پاؤں اٹھا
کل کو جو لوگ کریں تو ابھی سے کر جا
ناچتے ناچتے آزادی کی خاطر مر جا
منزلِ عشق میں مر مر کے جیا جاتا ہے (اللہ)
رقص زنجیر پہن کر بھی کیا جاتا ہے

''خواب، جنت اور فلسطین کی پکار''

(حاجی محمد لطیف کھوکھر)

کبھی کبھی انسان کے دل و دماغ پر ایسے مناظر گزرتے ہیں جو بظاہر خواب ہوتے ہیں مگر ان میں حقیقت کی جھلکیاں چھپی ہوتی ہیں۔ گذشتہ شب میں نے ایک ایسا خواب دیکھا جس نے میری روح کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ خواب میں دیکھا کہ میں ایک ایسی سرزمین پر کھڑا ہوں جس کے حسن کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن ہی نہیں۔ میرے سامنے سبزہ زار ہیں، خوشبوئیں بکھری ہوئی ہیں، درختوں پر پھل لٹک رہے ہیں، نہریں دودھ اور شہد کی طرح بہہ رہی ہیں۔ پہاڑ اپنی شان و شوکت کے ساتھ ایستادہ ہیں مگر ان کی چوٹیوں پر نور برس رہا ہے۔ پرندے نغمہ سرا ہیں، فضاؤں میں سکون ہے۔ یہ جنت تھی۔ وہ جنت جس کا وعدہ اللہ نے اپنے نیک بندوں سے کیا ہے۔ میں حیرت اور مسرت کی کیفیت میں یہ سب کچھ دیکھ ہی رہا تھا کہ اچانک فضا میں ایک ہلچل سی پیدا ہوئی۔ میں نے دیکھا کہ دور سے لوگ جوق در جوق آرہے ہیں۔ جو خون میں لتھڑے

اربوں مسلمان، تیل کی دولت، ایٹمی طاقتیں، افواج اور بے شمار وسائل۔ مگر فلسطین جل رہا ہے، مسجد اقصیٰ لہو لہو ہے،

بچے شہید ہو رہے ہیں، ماؤں کی گودیں اجڑ رہی ہیں، بوڑھوں کے سہارے چھن رہے ہیں۔ مگر امت مسلمہ خاموش ہے۔ ان کے حکمران عالمی طاقتوں کی طرف دیکھتے ہیں، امریکی سفارتخانوں کی طرف دیکھتے ہیں، مغرب کی مرضی کے بغیر قدم نہیں اٹھاتے۔ کیا یہ وہی امت ہے جس کا ذکر قرآن میں "خیر امت" کے طور پر ہوا؟ کیا یہ وہی امت ہے جسے ایک جسم کی مانند کہا گیا کہ اگر ایک عضو کو تکلیف ہو تو سارا جسم بے چین ہو جاتا ہے؟ مگر آج ایک عضو نہیں، پورا جسم زخمی ہے۔ فلسطین چیخ رہا ہے، کشمیر سسک رہا ہے، شام جل رہا ہے، یمن بھوکا مر رہا ہے، برما کے روہنگیا پانیوں میں ڈوب

بڑا ہے، اور ایمان والے اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ مگر آج مسلم قیادت اللہ کے بجائے دنیاوی طاقتوں کے سامنے سجدہ ریز ہے۔ یہ خوف ہی اصل بیماری ہے۔ اگر مسلمان عوام بیدار ہوں، اگر وہ اپنے حکمرانوں کو جھنجھوڑیں، اگر وہ اپنے حصے کی قربانیاں دیں تو فلسطین کی آزادی کوئی خواب نہیں۔ مگر بدقسمتی یہ ہے کہ عوام بھی اپنے ہی مسائل میں الجھ چکے ہیں۔ کہیں مہنگائی ہے، کہیں سیاست کا کھیل، کہیں مسلکی جھگڑے۔ فلسطین کے لیے درد تو موجود ہے مگر عملی اقدام کم ہیں۔ میرا یہ خواب دراصل ایک پیغام تھا۔ جنت کی نعمتیں، فلسطینی شہداء کی آمد اور بچی کا سوال۔ یہ سب ہمیں جگانے کے لیے ہے۔ ہم کب تک اندھے بنے رہیں گے؟ کب تک اپنے بھائیوں کے خون پر خاموش رہیں گے؟ یہ خواب دراصل حقیقت کا آئینہ ہے۔ فلسطین کے شہداء کی منزل جنت ہے، مگر ہمارا امتحان ابھی باقی ہے۔

ڈگری یافتہ مگر فہم سے خالی - ایک فکری نوحہ

تخلیق نامہ

تخلیق صدیقی

چندروز پہلے مجھے ڈاکٹر علی رضا جو کہ ایک سرکاری افیسر بھی ہیں اور بہت ہی خوش اخلاق انسان بھی واٹس ایپ پر ان کا ایک میسج ریسیو ہوا اور ایک غزل بھی تھی جو کہ دس لائنوں پر مشتمل تھی اس غزل میں انہوں نے جو موجودہ حالات کی عکاسی کی پڑھ کر بہت اچھا لگا اور دلی خوشی بھی ہوئی کہ اچھا لکھنے والوں میں ایک اور شخص کا اضافہ ہوگیا۔ ڈاکٹر علی رضا کی اس غزل کو مکمل خلاصے کے ساتھ قارین کی نظر کر رہا ہوں اس وقت ہمارا معاشرہ ایک نازک دوراہے پر کھڑا ہے۔ ایک طرف تعلیم یافتہ افراد کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، یونیورسٹیاں کھمبیوں کی طرح اُگ رہی ہیں، مہنگی ڈگریاں کاغذ کے انبار کی صورت دیواروں کی زینت بن رہی ہیں۔ مگر دوسری طرف سوال یہ ہے کہ کیا یہ تعلیم، یہ ڈگریاں، یہ اسناد ہماری سوچ، ہمارے کردار، اور ہمارے اجتماعی ضمیر کو بھی روشن کر رہی ہیں؟

ڈگری ہے مگر روح سے ناآشنا یہ شخص
اک حرفِ کتابی ہے، نہ حکمت نہ جان ہے

یہ صرف اشعار نہیں، بلکہ ہمارے تعلیمی، طبی، اور سیاسی نظام پر ایک سخت مگر سچی تنقید ہے۔

تعلیم: مقصد یا محض ہنر برائے روزگار؟

آج ہمارے ملک میں تعلیم کو علم کے بجائے روزگار کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ والدین بچوں کو اس لیے پڑھاتے ہیں کہ وہ اچھی نوکری کر لیں، اور بچے اس لیے پڑھتے ہیں کہ اچھا پیسہ کما سکیں۔ مگر تعلیم کا اصل مقصد کیا ہے؟ کیا تعلیم صرف معاشی ترقی کا ذریعہ ہے یا وہ ایک فرد کو باکردار، صاحبِ بصیرت، اور انسان دوست بناتی ہے؟

تعلیم کی کوکھ سے جب صرف مفاد پرست، خودغرض اور موقع پرست نکلیں، تو وہ سماج کو ترقی نہیں دیتے، بلکہ بگاڑ پیدا کرتے ہیں۔ اساتذہ، جو کسی زمانے میں "روحانی باپ" کہلاتے تھے، آج اکثر اوقات ٹیوشن کے نام پر "علم فروشی" میں مصروف ہیں۔ نہ تربیت کا عنصر باقی رہا، نہ کردار سازی کا

علم اس کا فقط رزق کی خاطر ہے بار
نہ خدمتِ انساں ہے، نہ کردار کی جان ہے

ہمارے ہاں ڈاکٹر کو "مسیحا" کہا جاتا ہے، مگر افسوس کہ آج کا مسیحا خود ایک "زخم" بن چکا ہے۔ نجی ہسپتالوں میں علاج ایک "پیکج" بن چکا ہے۔ ایک عام مریض کے لیے مناسب علاج کا حصول تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ طبی تعلیم حاصل کرنے والے اکثر طلبہ کا مقصد صرف مالی فوائد حاصل کرنا ہوتا ہے، خدمتِ خلق کا جذبہ خال خال ہی نظر آتا ہے۔

میڈیکل کالجز میں داخلے سفارش، پیسے یا کوٹے کی بنیاد پر دیے جاتے ہیں۔ ایسے افراد جب مسیحائی کے میدان میں آتے ہیں تو انسانیت سسکنے لگتی ہے۔ نہ اخلاقی تربیت ہوتی ہے، نہ خدمت کا جذبہ۔

بازارِ جہاں میں بکتا ہے علاج کا نام
خود زخم ہے اندر سے، مسیحا کی شان ہے

سیاست: قیادت یا اقتدار کی جنگ؟

سیاست، جو کبھی خدمتِ خلق کا میدان ہوا کرتی تھی، اب ذاتی مفادات، لوٹ مار اور اقتدار کی جنگ بن چکی ہے۔ آج سیاسی قائدین کے پاس بڑی بڑی ڈگریاں تو ہیں، مگر سوچنے سمجھنے کی صلاحیت، قومی درد، اور اخلاقی جرات ناپید ہے۔ جعلی ڈگریوں کی داستانیں اب نئی نہیں رہیں، یہ تو ایک معمول بن چکا ہے۔

یہ فکری بددیانتی، قوم کی جڑوں میں زہر بن کر سرایت کر چکی ہے۔ اسمبلیوں میں بیٹھے ہوئے بہت سے افراد کو شاید قانون، معیشت یا بین الاقوامی معاملات کی الف ب بھی معلوم نہ ہو، مگر وہ قوم کی قسمت کے فیصلے کرتے ہیں۔

یہ فکری بددیانتی، یہ جھوٹی سندوں کا جال
قوموں کی رگوں میں یہی زہرِ پُران ہے

نتیجہ: خالی ظرف اور نااہلی کا انجام

ہر شعبے میں ایسی شخصیات کی بھرمار ہے جو عہدہ تو رکھتی ہیں، مگر قابلیت، خلوص، اور وژن سے محروم ہیں۔ ایسے لوگ اپنے شعبے کے ساتھ ناانصافی کرتے ہیں، اور اس کا نتیجہ پوری قوم بھگتتی ہے۔ جب تعلیم تجارت، طب کاروبار، اور سیاست کرپشن بن جائے، تو پھر بگاڑ کا ذمہ دار کون ہے؟ ہم سب۔

اے مردِ خدا! خالی نہ ہو دل تر او ظرف
ورنہ تری پہچان "طبیبِ نااہل" ہے

یہ وقت ہے خود احتسابی کا ہمیں چاہیے کہ ہم صرف "ڈگری" پر اکتفا نہ کریں، بلکہ اپنے اندر علم کی روشنی، کردار کی پختگی، اور انسان دوستی کا جذبہ پیدا کریں۔ تعلیم کو کاروبار نہیں، عبادت سمجھیں۔ طب کو ذریعہ روزگار نہیں، ذریعہ خدمت بنائیں۔ سیاست کو صرف اقتدار کی سیڑھی نہیں، قوم کی خدمت کا پلیٹ فارم بنائیں۔ بصورتِ دیگر، ہم ڈگری یافتہ تو کہلائیں گے، مگر "فہم سے خالی"، "کردار سے محروم" اور "نااہل" کے طعنوں کا سامنا کرتے رہیں گے۔

گداگری ایک معاشرتی ناسور

ملک ثاقب شاد تنولی ایڈوکیٹ

گداگری ایک ایسا لفظ جو سماج کے ضمیر کو جھنجھوڑتا ہے، ایک ایسا منظر جو ہر شہر، ہر گلی، ہر چوراہے پر روزانہ ہماری آنکھوں کے سامنے آتا ہے۔ کبھی ایک معصوم بچہ ہاتھ پھیلائے کھڑا ہوتا ہے، کبھی ایک بوڑھی عورت لرزتے ہاتھوں سے مدد کی طلبگار ہوتی ہے، اور کبھی ایک معذور شخص اپنی بے بسی کی داستان سناتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ سب واقعی مجبور ہیں یا یہ سب ایک منظم پیشے کا حصہ بن چکے ہیں؟ کیا گداگری واقعی مجبوری ہے یا ایک منافع بخش کاروبار؟ ہمارے معاشرے میں گداگری ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے۔ شہروں کی سڑکوں، بازاروں، اور گلیوں میں بھکاریوں کی بھرمار ہے جو مختلف طریقوں سے لوگوں سے مدد مانگتے ہیں۔ کچھ واقعی ضرورت مند ہوتے ہیں، جبکہ کچھ نے اسے پیشہ بنا لیا ہے۔ گداگری کا خاتمہ ایک صحت مند اور ترقی یافتہ معاشرے کے لیے ضروری ہے۔

گداگری کے کئی اسباب ہیں، جن میں سب سے بڑی وجہ غربت اور بے روزگاری ہے۔ جب لوگوں کو روزگار نہیں ملتا یا ان کے پاس مالی وسائل نہیں ہوتے، تو وہ مجبوری میں بھیک مانگنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ دیگر وجوہات میں تعلیم کی کمی، معاشرتی ناانصافی، معذوری اور بیماری شامل ہیں۔ کچھ افراد جسمانی معذوری یا سنگین بیماری کی وجہ سے کام نہیں کر سکتے، جس کی وجہ سے وہ لوگوں سے مدد مانگنے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ، کئی جگہوں پر بھکاریوں کے منظم گروہ کام کرتے ہیں، جو بچوں، خواتین اور بوڑھوں کو زبردستی بھیک مانگنے پر مجبور کرتے ہیں اور ان کی کمائی خود رکھ لیتے ہیں۔ گداگری صرف ایک معاشی مسئلہ نہیں بلکہ یہ کئی سماجی برائیوں کو بھی جنم دیتی ہے۔ یہ معاشرے پر بوجھ بنتی ہے، کیونکہ یہ کام کرنے کی بجائے دوسروں پر انحصار کرنے کی عادت پیدا کرتی ہے۔ بہت سے بھکاری چوری، دھوکہ دہی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ بعض گداگر معصوم بچوں کو بھیک مانگنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، جو ان کے مستقبل کو تاریک بنا دیتا ہے۔ جب لوگ ہر جگہ بھکاریوں کو دیکھتے ہیں، تو وہ حقیقی ضرورت مندوں کی مدد کرنے میں ہچکچاتے ہیں۔ اسلام میں گداگری کی ممانعت ہے۔ حضرت سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے، اوپر والا ہاتھ خرچ کرنے والا ہے، اور نیچے والا ہاتھ سوال کرنے والا ہے۔" اسی طرح، ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص رسی لے کر اپنی پیٹھ پر لکڑیاں لاد کر لائے، یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ کسی شخص کے پاس آئے اور اس سے سوال کرے، وہ اسے دے یا نہ دے۔"

گداگری کا بڑھتا رجحان شہر میں بدامنی کا ایک ذریعہ ہے۔ جرائم پیشہ افراد گداگری کا روپ دھار کر چوری، ڈکیتی، دہشتگردی اور دیگر وارداتوں کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ بعض اوقات یہ گداگر ہی جرائم پیشہ افراد سے مل کر ڈکیتی اور دیگر جرائم میں مدد کرتے ہیں۔ کراچی کے ہر چوراہے پر گداگروں نے ڈیرے جمائے ہوئے ہیں جن کو روکنے والا کوئی نہیں۔ یہ لوگ نہ تو کہیں رجسٹرڈ ہیں اور نہ ہی ان کے بارے میں کوئی جانتا ہے گداگری کے خاتمے کے لیے حکومت اور عوام دونوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ حکومت کو روزگار کے مواقع پیدا کرنے چاہئیں تاکہ لوگ عزت کے ساتھ اپنا گزر بسر کر سکیں۔ مفت تعلیم اور ہنر سکھانے والے ادارے قائم کیے جائیں تاکہ لوگ اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔ حقیقی ضرورت مندوں کے لیے خصوصی فلاحی پروگرامز شروع کیے جائیں۔ ان مافیاز کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں جو لوگوں کو زبردستی بھیک مانگنے پر مجبور کرتے ہیں۔

گداگری کا مسئلہ صرف فرد کا نہیں، بلکہ ایک اجتماعی مسئلہ ہے جسے حل کرنے کے لیے پوری قوم کو مل کر سوچنا ہوگا۔ ضروری ہے کہ ہم اپنی قدیم ثقافت، روایات اور اخلاقیات کی طرف لوٹیں اور رشتوں کو سنبھالنے کے لیے صبر، سمجھوتے اور محبت کو دوبارہ فروغ دیں۔ شادی سے پہلے تعلیم و تربیت، جوڑے کے درمیان کھلی بات چیت اور مشاورت کو عام کرنا ہوگا تاکہ ہر فرد اپنی ذمہ داری سمجھ سکے۔ گداگری کے بڑھتے ہوئے واقعات ہمارے معاشرے کی روشنی کمزور کرتے جا رہے ہیں، مگر اگر ہم سب مل کر ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تو اس تاریکی کو محبت، برداشت اور یکجہتی کی روشنی میں بدلنا ممکن ہے۔ رشتوں کی بقا ہمارے سماجی، اخلاقی اور ثقافتی استحکام کی ضمانت ہے، اور اسی میں ہماری قوم کی حقیقی طاقت چھپی ہے۔

ایکسٹنشن پر معافی

تحریر: رفیع صحرائی

پی ٹی آئی کے اہم راہنما اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے سابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل باجوہ کی ایکسٹنشن پر قوم سے معافی مانگ لی ہے۔ یہ وہی اسد قیصر ہیں جنہوں نے 9 مئی کے حوالے سے جوشِ جذبات میں آکر ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ "معافی تو ہم کبھی اپنے باپ سے بھی نہیں مانگتے" اب انہیں جب اپنا ہی تھوکا چاٹنا پڑا ہے تو اس کے پیچھے ایک خاص مقصد واضح طور پر نظر آ رہا ہے۔ وہ موجودہ حکومت کو یہ پیغام دینا چاہ رہے ہیں کہ آئندہ سال جب فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مدت ملازمت پوری ہو گی تو موجودہ حکومت وہی "غلطی" نہ دہرائے جو پی ٹی آئی نے کی تھی۔ اسد قیصر شاید یہ بھول گئے کہ 26 ویں ترمیم کے بعد فیلڈ مارشل کی مدت ملازمت پانچ سال ہوگئی ہے اور وہ بیوقت کی راگنی الاپ رہے ہیں۔

ہم اسد قیصر کی معافی کو ضمیر کی آواز ہرگز نہیں کہہ سکتے۔ اگر وہ ضمیر کے قیدی ہوتے تو ادھورا سچ بولنے کی بجائے پورا سچ بولتے اور پریس کانفرنس میں برملا اعتراف کرتے کہ 2018 میں ان کی پارٹی کو دھاندلی کے ذریعے آر ٹی ایس بٹھا کر جتوایا گیا اور جبر و دھونس سے سیاست دانوں کی وفاداریاں تبدیل کروا کر اقتدار میں لایا گیا تھا۔ وہ دھاندلی زدہ حکومت لینے پر بھی قوم سے معافی مانگتے تو ان کی بات میں وزن ہوتا۔ ایکسٹنشن پر معافی مانگنے والے اسد قیصر کے قائد عمران خان نے تو حکومت بچانے میں مدد کرنے کی صورت میں جنرل باجوہ کو تاحیات آرمی چیف بننے کی پیشکش کر دی تھی۔ اقتدار سے ہٹنے کے بعد بھی پی ڈی ایم حکومت گرانے اور خود کو برسرِ اقتدار لانے میں مدد کے حصول کے لیے عمران خان نے ایوانِ صدر میں دو مرتبہ جنرل باجوہ سے ملاقات کی تھی۔ کس کو اس بات کا نہیں پتا کہ عمران خان 2018ء میں ایک دھاندلی زدہ الیکشن کے ذریعے اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ کے کاندھوں پر سوار ہو کر اقتدار میں آئے تھے۔ لاکھ کوشش اور راتوں رات مخالف امیدواران کی وفاداریاں تبدیل کروانے کے علاوہ بعض مخالف امیدواران کے عین وقت پر ٹکٹ واپس دلوانے کے باوجود جب حکومت سازی کے لیے ایم این ایز مطلوبہ تعداد میں جیت نہ سکے تو جناب جہانگیر ترین کے جہاز نے اپنی کرشماتی اڑان بھری تھی اور عمران خان کو وزارتِ عظمیٰ کے منصب جلیلہ پر فائز کر دیا گیا۔

اپنے دورِ حکومت میں عمران خان پاک فوج کے گن گاتے رہے۔ اس کے ساتھ ایک صفحے پر ہونے کا فخریہ اظہار کرتے رہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر فوج کے حق میں مہم بھی چلوائی اور تین سال سات ماہ اکیس دن تک اسی فوج کے بل بوتے پر حکومت بھی کی۔ انہوں نے اس بات کا بھی برملا اعتراف کیا کہ ایوان میں قانون سازی کرتے وقت فوج ہی ان کی حکومت کو ممبران کی تعداد پوری کر کے دیتی تھی۔ اس بات سے بھی آگاہ ہیں کہ ان کے دورِ حکومت میں قومی اسمبلی کے معاملات ایک حاضر سروس کرنل چلاتے رہے ہیں۔

یہ عمران خان کی بدقسمتی رہی کہ وہ اپنے لانے والوں کی توقعات پر پورا نہ اتر سکے۔ جب اسٹیبلشمنٹ کی چھتری سر سے اتری تو انہیں پتا چلا کہ دھوپ، بارش اور اولوں سے بچنے کے لیے انہوں نے اپنے طور پر تو کوئی بندوبست کیا ہی نہیں تھا۔ اپوزیشن کا تعاون کے لیے بڑھا ہوا ہاتھ ہر مرتبہ انہوں نے حقارت سے جھٹک دیا تھا۔ اپوزیشن کو موقع مل گیا اور آئینی طریقے سے تحریکِ عدم اعتماد کے ذریعے انہیں گھر بھیج دیا گیا۔ اقتدار سے محرومی کو عمران خان نے جی کا روگ بنا لیا اور اسی فرسٹریشن میں 9 مئی کر ڈالا۔ ان سے بار بار کہا گیا کہ وہ سیاسی قوتوں سے ڈائیلاگ کریں مگر انہوں نے ہر مرتبہ اس سے انکار کیا۔ اس کی وجہ ایک ہی ہے کہ وہ جانتے ہیں مذاکرات کی میز پر سیاست دانوں کا مقابلہ نہ کر پائیں گے۔ اپنے مخالفین سے ہار جائیں گے۔ وہ ایک ہی بات کہتے ہیں کہ مذاکرات صرف فوج سے کیے جائیں گے۔ اسی ضد کی وجہ سے 9 مئی کے بعد اپنی پارٹی سے سانحہ 26 نومبر بھی کروا بیٹھے۔

ان کے ورکرز اور مقلدین کو فخر ہے کہ ان کا لیڈر ڈیل نہیں کر رہا جبکہ 24 نومبر کے احتجاج کے مطالبات اس دعوے کی سراسر نفی کرتے تھے۔ اس احتجاج کے نتیجے میں وہ اپنے تین مطالبات منوانا چاہتے تھے۔ پہلا مطالبہ عمران خان اور سانحہ 9 مئی کے گرفتار شدگان کی رہائی۔ دوسرا مطالبہ (بقول ان کے) اپنے چھینے گئے مینڈیٹ کی واپسی اور تیسرا مطالبہ نئے انتخابات۔

آپ پوری تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔ کوئی انقلابی لیڈر اپنی رہائی کا مطالبہ کرتا نظر نہیں آئے گا۔ یہی تو ڈیل ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کے سیاسی کردار سے بظاہر اختلاف کرنے والے عمران خان اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ سیاسی ڈائیلاگ کے خواہاں ہیں۔ دراصل یہ بھی ڈیل کی ہی خواہش اور کوشش ہے۔ اسد قیصر کو چاہیے تھا کہ پورا سچ بولتے اور قوم سے وعدہ کرتے کہ ان کی پارٹی آئندہ ملک میں سیاسی استحکام کے لیے جدوجہد کرے گی۔ وہ اسٹیبلشمنٹ سے کسی قسم کے مذاکرات نہیں کریں گے۔ پی ٹی آئی تمام سیاسی قوتوں کے ساتھ مل کر حکومت سازی میں اسٹیبلشمنٹ کے کردار کے خاتمے کی جدوجہد کرے گی۔ ان کا آدھا سچ جھوٹ سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔

پی ٹی آئی کے اہم راہنما اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے سابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل باجوہ کی ایکسٹنشن پر قوم سے معافی مانگ لی ہے۔ یہ وہی اسد قیصر ہیں جنہوں نے 9 مئی کے حوالے سے جوشِ جذبات میں آکر ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ "معافی تو ہم کبھی اپنے باپ سے بھی نہیں مانگتے" اب انہیں جب اپنا ہی تھوکا چاٹنا پڑا ہے تو اس کے پیچھے ایک خاص مقصد واضح طور پر نظر آ رہا ہے۔ وہ موجودہ حکومت کو یہ پیغام دینا چاہ رہے ہیں کہ آئندہ سال جب فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مدت ملازمت پوری ہو گی تو موجودہ حکومت وہی "غلطی" نہ دہرائے جو پی ٹی آئی نے کی تھی۔ اسد قیصر شاید یہ بھول گئے کہ 26 ویں ترمیم کے بعد فیلڈ مارشل کی مدت ملازمت پانچ سال ہوگئی ہے اور وہ بیوقت کی راگنی الاپ رہے ہیں۔

ہم اسد قیصر کی معافی کو ضمیر کی آواز ہرگز نہیں کہہ سکتے۔ اگر وہ ضمیر کے قیدی ہوتے تو ادھورا سچ بولنے کی بجائے پورا سچ بولتے اور پریس کانفرنس میں برملا اعتراف کرتے کہ 2018 میں ان کی پارٹی کو دھاندلی کے ذریعے آر ٹی ایس بٹھا کر جتوایا گیا اور جبر و دھونس سے سیاست دانوں کی وفاداریاں تبدیل کروا کر اقتدار میں لایا گیا تھا۔ وہ دھاندلی زدہ حکومت لینے پر بھی قوم سے معافی مانگتے تو ان کی بات میں وزن ہوتا۔

عاجزی کا تحفہ!

ایم سرور صدیقی

OOO والیٔ کونین معراج شریف کے دوران سرِ لامکاں تشریف لے گئے یہ مقام۔ یہ مرتبہ۔ یہ اعزاز ان سے پہلے کسی اور نبی کے حصہ میں نہیں آیا تھا یہ وہ لمحات تھے جب انوار و تجلیات کے سب پردے ہٹا دیئے گئے طالب و مطلوب نے جی بھر کر ایک دوسرے کا دیدار کیا اس موقع پر اللہ تبارک تعالیٰ نے پوچھا اے میرے محبوب ﷺ میرے لئے کیا تحفہ لائے ہو؟

نبیوں کے سردار کے چہرہٴ انوار پر تبسم پھیل گیا آپ ﷺ نے اتنا جامع، مکمل اور مدلل جواب دیا کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ فرمایا یا باری تعالیٰ! میں وہ تحفہ لے کر آیا ہوں جو تیرے پاس نہیں ہے۔ سبحان اللہ خالقِ کون و مکاں کے پاس کیا نہیں وہ تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ یقیناً جانتا ہے پھر بھی تجسس، شوق اور الفت سے دریافت کیا اے محبوب ﷺ میرے لئے کیا تحفہ لائے ہو؟۔ آپ نے فرمایا یا رب العالمین میں آپ کے حضور عاجزی لے کر آیا ہوں یقیناً اللہ کے پاس ہر چیز ہے لیکن عاجزی نہیں۔ بلاشبہ اللہ تبارک تعالیٰ کو عاجزی بہت پسند ہے اور طاقت رکھنے کے باوجود عاجز بندوں سے اسے بڑی محبت ہے غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنا اللہ کو انتہائی ناگوار گذرتا ہے۔ عاجزی تکبر کا الٹ ہے اور اللہ کو عاجزی بہت پسند ہے لیکن خاکی انسان کو اتنی سی بات سمجھ نہیں آتی سمجھنے کو کیا یہ کافی نہیں کہ جو 80,000 سال فرشتوں کے ساتھ رہا اسے اللہ تعالیٰ نے 40,000 سال جنت کا خزانچی رہنے کا اعزاز بخشا، 30,000 سال مقربین کا سردار رہا، 20,000 سال فرشتوں کو وعظ و تلقین کرتا رہا، 14,000 سال عرش کا طواف کرتا رہا پہلے آسمان پر اس کا نام عابد تھا۔ دوسرے آسمان پر اس کا نام زاہد تھا۔ تیسرے آسمان پر اس کا نام بلال۔ چوتھے آسمان پر اس کا نام والی تھا۔ پانچویں آسمان پر اس کا نام تقی تھا۔ چھٹے آسمان پر اس کا نام کبازان تھا اور ساتویں آسمان پر اس کا نام عزازیل تھا اب لوحِ محفوظ پر اس کا نام ابلیس ہے لوگ اسے شیطان مردود کہتے ہیں اللہ سے اس کی پناہ مانگتے ہیں دیکھیں۔ سوچیں۔

غور کریں غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنے کی خواہش نے اسے کیا سے کیا بنا ڈالا۔ بے شک عبرت کا مقام ہے لیکن ہم میں سے بیشتر سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ تسلیم نہ بھی کریں اظہار، انکار گومگو کی کیفیت یا کسی خاص جذبے کے تحت نہ مانیں تو پھر کیا۔۔ حقیقت بدل سکتی ہے؟ ۔نہیں ۔کبھی نہیں سچی بات تو یہ ہے کہ روپے پیسے یا مادی وسائل کے بغیر گذر اوقات ممکن نہیں لیکن کیا اس کا یہ مطلب لے لیا جائے کہ جائز ناجائز۔۔ حلال حرام اور اخلاقی اقدار کا قطعی کوئی خیال نہ رکھا جائے۔ یا پھر دولت اور اختیارات کے غرور و تکبر میں انسان کو انسان نہ سمجھائے ایسا کرنے والے انسانیت کے مقام سے گر جاتے ہیں انسان جو مخلوقات میں افضل ہے۔ اشرف ہے۔ ممتاز ہے اس کا خاصا یہی ہونا چاہیے کہ وہ عاجزی اختیار کرے بڑائی تو اللہ کو مقدم ہے اسی کو زیبا ہے واضح کہا ہے کہ زمین پر اکڑ کر مت چلو تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ پہاڑوں کی بلندی کو چھونے پر قادر ہو۔ ہمارے آس پاس اردگرد کتنے ہی ایسے کردار ہوں گے اکڑ، غرور اور تکبر جن کا شیوہ ہے بات بہ بات پر اپنے آپ کو افضل اور دوسروں کو کمتر جاننا جن کا شیوہ ہے ۔ ان کو کوئی پسند کرنا پسند نہیں کرتا۔ کبھی غور کرو تو محسوس ہوگا دنیا میں کتنے لوگ پیدا ہوئے مرگئے ان کی تعداد شاید کروڑوں، اربوں یا کھربوں میں پہنچ چکی ہوگی ان میں کتنے ہوں گے جن کا نام محض دولت کی وجہ سے آج بھی زندہ ہے قارون کے علاوہ شاید دوسرے تیسرے کا نام بھی آپ نہیں جانتے ہوں گے۔ لیکن بنی نوع انسان کی بھلائی کرنے والے آج بھی زندہ ہیں ان کا تعلق کسی بھی مذہب ہو وہ دنیا کے لئے ایک مثال بن گئے ہیں اللہ تعالیٰ نے رہتی دنیا تک ان کو امر کر دیا اور تکبر۔ غرور اور اپنے آپ کو افضل قرار دینے والوں کو کوئی جانتا تک نہیں دوسروں کو کمتر اور گھٹیا جاننا ایک خوفناک بات ہے دنیا کے اکثر حکمران، اشرافیہ کے بیشتر لوگ اسی بیماری میں مبتلا ہیں جو انسان کو انسان بھی نہیں سمجھتے اسی طرز عمل کی وجہ سے ترقی نہیں ہو رہی۔ یہ بھی کتنی عجیب بات ہے کہ ٹیکس چور، بجلی چور، کرپٹ اور گیس چور قوم کو اخلاقیات کا درس دیتے ہیں یہ بھی تو تکبر، رعونیت اور فرعونیت کی بدترین مثال ہے دیکھیں۔ سوچیں۔ غور کریں غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنے کی خواہش نے شیطان کو کیا سے کیا بنا ڈالا۔ بے شک عبرت کا مقام ہے لیکن ہم میں سے بیشتر سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ تسلیم نہ بھی کریں اظہار، انکار گومگو کی کیفیت یا کسی خاص جذبے کے تحت نہ مانیں تو پھر کیا۔۔ حقیقت بدل سکتی ہے؟ بلاشبہ اللہ تبارک تعالیٰ کو عاجزی بہت پسند ہے اور طاقت رکھنے کے باوجود عاجز بندوں سے اسے بڑی محبت ہے غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنا اللہ کو انتہائی ناگوار گذرتا ہے۔ عاجزی تکبر کا الٹ ہے اور اللہ کو عاجزی بہت پسند ہے اور جس نے اس راز کو پالیا گویا اس کے ہاتھ نسخہٴ کیمیا آگیا اسلام نے تو ہمیں سادگی اور میانہ روی کا حکم دیا ہے وسائل ہوتے ہوئے بھی سادگی اختیار کرنا کتنا اچھا عمل ہے لیکن اکڑ، غرور اور تکبر کا اظہار تو ٹھاٹھ باٹھ سے ہی عیاں ہوتا ہے سادگی اور عاجزی کا آغاز حکمرانوں سے شروع ہونا چاہیے وہ قوم کیلئے رول ماڈل ہوتے ہیں اس کا اثر عوام پر لازمی پڑے گا تو اللہ کا نام لے کر اس کی شروعات کر دینی چاہیے اس سے نہ صرف اللہ اور اس کا رسول ﷺ خوش ہوگا بلکہ عوام کی زندگی آسان ہو جائے گی یہ خوشگوار تبدیلی بھی آغاز بھی ہو سکتا ہے۔

مغربی مشروبات، دودھ، اسلام اور میڈیکل سائنس

امیر افضل اعوان

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں اپنا خلیفہ بنا کر مخلوق کی بھلائی کا درس دیا، نیکی اور بدی کا شعور عطاء کر کے انسان کو جہاں اختیار دیا گیا وہیں سزا اور جزاء سے بھی آگہی عنایت کر دی، جبکہ زندگی اور موت کا اختیار اپنے پاس رکھتے ہوئے بتایا گیا کہ انسانی جان خود اس انسان کے پاس اللہ پاک کی امانت ہے اور اس کی حفاظت، بیماری کی صورت میں علاج اس پر فرض ہے اور اس حوالہ سے کسی کوتاہی کی اجازت نہیں دی گئی، اپنی جان کو نقصان پہنچانے، خودکشی کرنے والے کے لئے واضح احکامات موجود ہیں کہ اس کے لئے معافی کی کوئی گنجائش نہیں، بلاشبہ صحت اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا انعام ہے، عام طور پر صحت کو دولت بھی کہا جاتا ہے لیکن صحت دولت سے بہت بڑھ کر ہے کیونکہ یہ دولت سے خریدی نہیں جا سکتی، صحت حاصل زندگی ہے جو انسان صحت سے محروم ہے وہ زندگی کی ہر نعمت سے محروم ہے، صحت کی عدم موجودگی میں دولت، عزت، شہرت، حکومت غرضیکہ ہر چیز انسان کے لئے بے کار اور بے فائدہ ہے۔

عصر حاضر کے اس مغرب زدہ معاشرہ میں یہود و ہنود کی سازشوں کا شکار ہو کر جہاں ہم دیگر شعبوں میں دیوالیہ پن کا شکار ہیں وہیں پر ہم نے صحت کے اصولوں کو بھی بالائے طاق رکھ دیا ہے، جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ دودھ انسانی جسم کی بہتر نشوونما کیلئے جادوئی حیثیت کا حامل مشروب ہے، یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ دودھ کو اپنی خوراک کا اہم جز سمجھتے ہیں اور روزانہ اس کا استعمال کرتے ہیں، دودھ پینے سے انسان کی جہاں صحت اچھی ہوتی ہے وہیں پر اس کی جلد تر و تازہ اور خوبصورت بنتی ہے، اسی طرح دودھ انسانی جسم میں کلسٹرول کی مقدار کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، علاوہ ازیں دودھ کے استعمال سے بلڈ پریشر کو بھی کنٹرول کرنے میں مدد ملتی ہے، دودھ کا کثرت سے استعمال جسم میں فولاد، وٹامن اے اور کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے، جس سے انسانی جسم کی ہڈیوں اور دانتوں کی مضبوطی ممکن ہوتی ہے، دودھ کو روزمرہ کی خوراک میں شامل کرنے والوں کے جسم میں قوت مدافعت زیادہ ہوتی ہے خاص طور پر زخم کو بھرنے میں دودھ کا استعمال اہمیت کا حامل ہوتا ہے جبکہ دودھ پینے سے جہاں وٹامن اے کی مقدار بڑھتی ہے وہیں پر انسان کی بینائی محفوظ رہتی ہے اور نیند بھی اچھی طرح انجوائے کی جا سکتی ہے۔

میڈیکل سائنس نے دودھ پر ریسرچ کے بعد جو حیرت انگیز انکشافات کئے ہیں اس کے مطابق دودھ جسم میں موجود جراثیم کو ختم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے، یہاں تک کہ دودھ ایڈز کے جراثیم کو بھی ختم کرنے کیلئے مفید ہے، المختصر یہ کہ دودھ میں جسم کی بہت سے بیماریوں کا قدرتی علاج اور بیماریوں سے حقیقی و یقینی تحفظ موجود ہے، دودھ کی مذکورہ بالا خوبیاں اور فوائد کے حوالے سے جہاں میڈیکل سائنس اقرار کرتی ہے وہیں اسلام میں دودھ کو ایک معتبر اور خداوند کریم کی طرف سے بے بہا نعمت کے طور پر بیان کیا جاتا ہے، دودھ ایک مکمل غذا ہے جس کو رسول اللہ ﷺ بہت ہی زیادہ پسند فرماتے تھے، روایت ہے کہ شب معراج کو جب اللہ تبارک تعالیٰ کے حکم سے فرشتے نے آپ کو دودھ اور شراب پیش کیا تو آپ ﷺ نے شراب کی بجائے دودھ کو پسند فرمایا تو فرشتے نے کہا کہ ” آپ ﷺ نے فطرت سلیم کو پسند کیا ہے۔

تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو بخوبی علم ہوتا ہے کہ عربی لوگ دودھ کو روز اول سے بہت ہی پسند فرماتے تھے یہ ان کی پسندیدہ خوراک تھی، یہاں تک کہ کئی کئی روز تک ان کا گزارہ دودھ پر ہی ہوتا تھا اور مہمانوں کی تواضع بھی دودھ ہی سے کیا کرتے تھے ایک اور روایت کے مطابق آپ ﷺ نے بھی اپنے ایک کافر مہمان کو سات بکریوں کا دودھ دھو کر پلایا تھا، اسی لئے کہا جاتا ہے کہ اگر ایک شخص دوسرے کو دودھ پیش کرتا ہے تو اسے واپس کرنے کی بجائے قبول کر لینا چاہیے بلکہ ہمیں مہمان داری کیلئے اسے اپنا اصول بنانا چاہیے کیونکہ آدمی کیسا ہی سیر شکم کیوں نہ ہو دودھ اپنی جگہ بنا لیتا ہے اور انتہائی زود ہضم ہے اور ساتھ ہی دن بھر کی تھکن دور کر کے میٹھی نیند سلا دیتا ہے۔

مغرب کی اندھی تقلید آج ہمیں تباہی کے دھانے پر لے آئی ہے، کاش آج کے اس پر آشوب دور میں مسلمان مغربی ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بیش قیمت غیر مفید اور صحت کیلئے نقصان دہ مشروبات کو ختم کر کے دودھ جیسی مفید غذا کو خود بھی استعمال کریں اور دودھ سے ہی مہمانوں کی تواضع کو اپنا شعار بنا لیں، اس طرح ہم دینوی فوائد کیساتھ ساتھ سنت نبوی ﷺ پر بھی عمل پیرا ہو کر ثواب حاصل کر سکتے ہیں، ایک حدیث مبارکہ میں سیدنا عبدالرحمان عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ” تین چیزیں تکیہ، چربی اور دودھ اگر کوئی آپ کو دے تو واپس نہ کی جائیں۔ (ترمذی 12/2) اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو ہر معاملہ میں مغرب کی بجائے اسلام کی تعلیمات اور احکامات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)



مومن کی حرمت، یہود و نصاریٰ کی سازشیں اور عصر حاضر کے تقاضے

محمد ریاض بھٹی

زمین و آسمان کے درمیان جو بھی ہے وہ اللہ پاک کی مخلوق و تخلیق ہے، اللہ تعالیٰ وہ حاکم و خالق حقیقی ہے کہ جس کے ملک کو زوال نہیں اور اس ذات پاک نے اس کارخانہ کائنات میں ایک ذرہ بھی بے مقصد تخلیق نہیں کیا، زمین و آسمان کی وسعت پر غور کیا جائے تو بخوبی احساس ہوتا ہے کہ اس جہاں رنگ و بو میں ہر مخلوق کی اپنی ایک الگ اہمیت ہے، اللہ رب العزت نے انسان کو اشرف المخلوقات کے درجہ پر فائز کرتے ہوئے واضح کیا کہ زمین و آسمان اور اس کے درمیان جو کچھ بھی موجود ہے وہ انسان کے لئے ہی ہے، اسلام کی آفاقی تعلیمات کے ذریعے جانوروں اور چرند پرند کے بھی حقوق واضح کر دیئے ہیں تاکہ کوئی ابہام باقی نہ رہے، تو وہ رب الکریم جس نے ہر چیز کے حقوق واضح کئے اس نے ابن آدم کے درجات کا تعین کرتے ہوئے مومن کو دیگر طبقات بنی نوع انساں پر فوقیت دی، انسانی جان کی اہمیت کو اور زیادہ انداز میں واضح کیا گیا اور مومن کی عزت و حرمت کو ایک الگ ہی انداز میں نمایاں مقام پر سرفراز کیا گیا، اس کے بعد یہ وضاحت بھی کر دی گئی کہ کوئی مومن دوسرے مومن کو ضرر نہ پہنچائے، اس حوالہ سے قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ”کسی مومن کا یہ کام نہیں ہے کہ دوسرے مومن کو قتل کرے“ سورہ النساء، آیت 92، اس آیت مبارکہ میں ارشاد ہوتا ہے کہ کسی مسلمان کو لائق نہیں کہ کسی حال میں اپنے مسلمان بھائی کا خون ناحق کرے، اس حوالہ سے ایک روایت ہے کہ جو مسلمان اللہ تعالیٰ کی واحدانیت اور رسول کریم ﷺ کی رسالت کی شہادت دیتا ہو اس کا خون بہانا حلال نہیں، صرف تین حالتوں میں اس کی اجازت دی گئی جن میں سے ایک تو یہ کہ اس نے کسی کو قتل کر دیا ہو، دوسرے شادی شدہ ہو کر زنا کیا ہو، تیسرے دین اسلام کو چھوڑ دینے والا جماعت سے علیحدہ ہونے والا ہو، پھر یہ بھی یاد رہے کہ جب ان تینوں کاموں میں سے کوئی کام کسی سے واقع ہو جائے تو رعایا میں سے کسی کو اس کے قتل کا اختیار نہیں البتہ امام یا نائب امام کو یہ عہدہ قضا کا حق ہے اور اس کے بعد استثناء کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

قرآن و حدیث میں متعدد مقامات پر مومن کی عزت و حرمت واضح کی گئی اور اس حکم کی خلاف ورزی پر سخت عذاب و سزا کا حقدار بھی قرار دیا جاتا ہے، اس حوالہ سے قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے کہ ”اور جو کوئی کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کر ڈالے تو اس کی سزا دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور اللہ نے اس کے لئے بڑا (سخت) عذاب تیار کر رکھا ہے“ سورہ النساء، آیت 93، اس آیت مبارکہ میں مومن کے قتل پر بہت سخت وعید بیان کی گئی ہے جیسے کہ اس کی سزا جہنم ہے جس میں ہمیشہ رہنا ہوگا اس کے علاوہ وہ اللہ کے غضب کا حقدار ہوگا اور اس کی لعنت اور عذاب عظیم بھی ہوگا، غور فرمایئے کہ اتنی سخت سزائیں بیک وقت کسی بھی گناہ کی بیان نہیں کی گئیں جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ایک مومن کو قتل کرنا اللہ کے ہاں کتنا بڑا جرم ہے، اس حوالہ سے احادیث مبارکہ میں بھی اس کی سخت مذمت اور اس پر سخت وعیدیں بیان کی گئی ہیں، ایک حدیث مبارکہ میں منقول ہے ”حضرت ابن عمرؓ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مقام منیٰ میں فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ یہ کون سا دن ہے؟ لوگوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا یہ حرام دن ہے (پھر فرمایا) تم جانتے ہو یہ کونسا شہر ہے؟ لوگوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا یہ حرمت کا شہر ہے، (پھر فرمایا) تم جانتے ہو یہ کون سا مہینہ ہے، لوگوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا حرام مہینہ ہے، پھر فرمایا کہ اللہ نے تم پر تمہارے خون (جان) مال اور عزت و آبرو (ایک دوسرے پر) اسی طرح حرام کر دیئے ہیں، جس طرح تمہارے لئے آج کا دن تمہارے اس شہر میں اس مہینہ میں حرمت کا ہے“ صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 1001۔

سیدنا ابوبکرؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ”جب دو مسلمان تلوار لے کر باہم لڑیں تو قاتل و مقتول دونوں جہنمی ہیں“ میں نے کہا ”اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ تو قاتل تھا، مقتول کا کیا قصور؟“ فرمایا ”اس لیے کہ وہ بھی اپنے ساتھی کے قتل کے درپے تھا“ (بخاری، کتاب الدیات، باب قول اللہ ومن احیاھا) یعنی مومن کا قتل اس قدر ناپسندیدہ عمل ہے کہ قتل کے ارادہ پر ہی جہنمی کہ مہر لگ جاتی ہے چاہیے قتل کا ارادہ پایہء تکمیل تک نہ پہنچ سکے اور قتل کا خواہاں شخص خود ہی اپنی ہی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، ایک حدیث مبارکہ میں منقول ہے کہ ”سیدنا ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ”تین آدمیوں پر اللہ (قیامت کے دن) سب سے زیادہ غضب ناک ہوگا (۱) حرم میں الحاد کرنے والا، (۲) اسلام میں طریقہ جاہلیت کا متلاشی اور (۳) ناحق کسی کا خون بہانے کا طالب“ (بخاری، کتاب الدیات، باب من طلب دم امری بغیر حق) اسی طرح ایک روایت میں بتایا جا رہا ہے کہ قاتل کی توبہ بھی قبول نہیں ہوتی، سیدنا ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا ”قیامت کے دن قاتل کی پیشانی کے بال اور سر مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور اس کے گلے کی رگوں سے خون بہہ رہا ہوگا اور اللہ سے فریاد کرے گا کہ اے میرے رب! اس نے مجھے قتل کیا تھا یہاں تک کہ عرش کے قریب لے جائے گا، راوی کہتا ہے کہ لوگوں نے ابن عباسؓ کے سامنے توبہ کا ذکر کیا تو انہوں نے سورۃ النساء کی آیت 93 پڑھی اور کہا کہ یہ آیت نہ منسوخ ہے اور نہ بدلی گئی، پھر اس کی توبہ کیسے قبول ہو سکتی ہے؟ (ترمذی، ابواب التفسیر) سو اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ایک مومن کا جان بوجھ کر قتل کرنا کتنا بڑا اور کس قدر سنگین جرم ہے اور اس کا انجام کس قدر ہولناک ہے، کہ ایسے شخص کو ہمیشہ کیلئے جہنم میں رہنا پڑے گا۔

دین اسلام میں واضح کیا گیا ہے کہ ایک مومن کا قتل اللہ پاک کے نزدیک ایک انسان کا قتل نہیں بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر ہے، اس حوالہ سے ایک حدیث مبارکہ میں مذکور ہے کہ ”رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ایک مسلمان کا قتل اللہ تعالیٰ کے نزدیک ساری دنیا کے زوال اور اسکی ہلاکت و تباہی سے بھی کہیں بڑھ کر ہے“ (ترمذی کتاب الدیات) یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کسی مومن کے قتل میں رتی یا ماشہ کے تناسب سے مدد کرنے والا بھی اسی طرح عذاب الٰہی کا مستحق ٹھہرے گا، اس حوالہ سے ایک حدیث میں ارشاد فرمایا گیا کہ اگر کسی نے ایک آدھے کلمے سے بھی کسی مسلمان کے قتل میں مدد کی ہوگی تو وہ قیامت کے روز اس طرح آئے گا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا کہ یہ شخص اللہ کی رحمت سے مایوس ہے (سنن ابن ماجہ، کتاب الدّیات باب التغلیظ فی قتل مسلم ظلماً) اسی طرح یہ بھی واضح کر دیا گیا کہ کسی مومن کے قتل ناحق میں تمام مخلوقات بھی متحد ہو جائیں تو ان سب کو بھی عذاب دوزخ کا حقدار قرار دیا جائے گا، اس سلسلہ میں ایک حدیث پاک میں مذکور ہے ”حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت ابوسعید خدریؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر آسمان اور زمین والے سب ایک مسلمان کے قتل میں شریک ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو منہ کے بل دوزخ میں گرائے گا“ (ترمذی، کتاب الدّیات، باب الحکم فی الدماء) ان آیات و احادیث مبارکہ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ کسی بھی مسلمان کی جان کی قیمت زمین و آسمان سے بڑھ کر ہے اور قتل ناحق کرنے والے عذاب الٰہی کے حقدار ہوں گے اور اس جرم کا تقاضا یہی ہے کہ وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے، یہاں اسلام میں مومن کی شان و حرمت کو سامنے رکھتے ہوئے دنیا کے موجودہ حالات کا جائزہ لیا جائے اور دوسری جانب خون مسلم کی اس ارزانی کو بھی جو آج ساری دنیا میں جگہ جگہ اور طرح طرح سے جاری ہے اس کا جائزہ لیا جائے تو سمجھ نہیں آتی کہ دنیا کس سمت گامزن سفر ہے۔

یہود و نصاریٰ کی سازشوں کا تسلسل ہمیں کس بند گلی میں دھکیل چکا ہے، دشمنانان اسلام ہمیں مذہبی، معاشرتی، لسانی و گروہی تعصبات و تفرقات میں تقسیم کر کے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے سرگرداں ہیں اور ان کے ہاتھوں کا کھلونا بن کر آج ہم اپنے ہی بھائی کا گلا کاٹ رہے ہیں، ایک دوسرے کے عیب تلاش کرنا ہمارا من پسند مشغلہ بن چکا ہے اور اس حوالہ سے ہم اسلام میں مومن کی حرمت کے احکامات کو بھی فراموش کر بیٹھے ہیں، آج ہم خود ہی دوسرے مسلمان کو بدعتی و کافر کہتے نظر آتے ہیں جب کہ اسلام میں کسی کی عیب جوئی سے منع کیا گیا ہے، اس باب میں ایک حدیث مبارکہ میں منقول ہے ”حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ منبر پر چڑھے اور بلند آواز سے فرمایا اے لوگوں کے وہ گروہ جو صرف زبانوں سے اسلام لائے ہیں اور ایمان ان کے دلوں میں نہیں پہنچا، مسلمان کو اذیت نہ دو انہیں عار نہ دلاؤ اور ان میں عیوب مت تلاش کرو، کیونکہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیب جوئی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی عیب گیری کرتا اور جس کی عیب گیری اللہ تعالیٰ کرنے لگے وہ ذلیل ہو جائے گا، اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر ہی کیوں نہ ہو، پھر راوی کہتے ہیں کہ ایک دن ابن عمرؓ نے بیت اللہ پر نظر ڈالی اور فرمایا تم کتنے عظیم ہو، تمہاری حرمت بھی کتنی عظیم ہے، لیکن مومن کی حرمت اللہ کے نزدیک تیری عزت سے بھی زیادہ ہے“ جامع ترمذی، جلد اول، حدیث 2121، واضح رہے کہ اسحاق بن ابراہیم سمرقندیؒ نے اسے حسین بن واقدؒ سے اس کے ہم معنی روایت کیا، پھر ابو برزہ اسلمیؓ بھی نبی اکرم ﷺ سے اسی کی مانند حدیث نقل کرتے ہیں، غور فرمایئے کہ یہاں مومن کی حرمت کو بیت اللہ کے مماثل نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر قرار دیا گیا ہے جب کہ ہم غیر مسلموں کی سازشوں کا کردار بن کر اپنے سوا ہر ایک کو بڑے آرام سے کافر قرار دے دیتے ہیں، جب کہ شرعی طور پر ہمیں اس کا اختیار ہی نہیں، کسی کلمہ گو کو کافر قرار دینا علماء و فقہا یا قاضی وقت کا اختیار ہے، اس وقت اللہ پاک کی کرم نوازی سے ماہ صیام ہم پہ سایہ فگن ہے، ان بابرکت لمحات میں ہمیں غور و فکر کرنا چاہیے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم قرآن و سنت سے تعلق مضبوط بنائیں اور اپنے دنیا میں بھجوائے جانے کا مقصد سمجھیں ورنہ سب کچھ بے مصرف اور بے فائدہ ہے۔

غیبت گناہ کبیرہ

لیاقت وڑائچ
چیئرمین آئی ایل ایم کالج

اسلامی تعلیمات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے تو بخوبی احساس ہوتا ہے کہ اسلام میں ہر شخص کے حقوق کا پوری طرح تحفظ کرتے ہوئے معاشرہ میں اخلاقی اقدار کے فروغ کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے، اسی طرح اسلام میں برائی کی راہ سے بچتے ہوئے گناہ سے گریز اور راہ مستقیم پر چلنے کا درس دیا گیا ہے، جس طرح نیکی کے کاموں کا اجرء و ثواب بیان کیا گیا ہے اسی طرح گناہ کے بھی درجات کا ذکر سامنے آتا ہے، اس حوالہ سے بنیادی طور پر گناہوں کو دو درجات گناہ کبیرہ اور گناہ صغیرہ میں تقسیم کیا گیا ہے، گناہ کبیرہ کے سلسلہ میں سخت وعید ملتی ہے اور بتایا جاتا ہے کہ اس میں معافی اور بچت کی امید نہیں ہے، گناہ کبیرہ میں اول الذکر شرک ہے کہ جس میں کوئی راہ مغفرت نہ ہے، مشرک دونوں جہانوں میں ذلیل و خوار ہی ہوگا اور اس کا کوئی بھی پرسان حال نہ ہوگا، جب کہ غیبت کا شمار بھی گناہ کبیرہ میں ہی آتا ہے اور اس حوالہ سے اس قدر ممانت ہے کہ عام زندگی میں اس کا تصور بھی محال ہے، اللہ اور اس کے محبوب ﷺ نے غیبت کو پسند نہیں کیا اور غیبت کا شمار بھی گناہ کبیرہ میں ہی آتا ہے، اس حوالہ سے قرآن کریم میں آتا ہے کہ ”اے ایمان والو! بہت بدگمانیوں سے بچو یقین مانو کہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں (۱) اور بھید نہ ٹٹولا کرو (۲) اور نہ تم کسی کی غیبت کرو (۳) کیا تم میں سے کوئی بھی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے؟ تم کو اس سے گھن آئے گی (۴) اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔“ سورۃ الحجرات، آیت نمبر 12، اسی طرح قرآن پاک میں ایک اور جگہ ارشاد ربانی ہے کہ ”بڑی خرابی ہے ایسے شخص کی جو غیبت ٹٹولنے والا غیبت کرنے والا ہو“ سوۃ الہمزہ، آیت نمبر 1، یہاں بہت واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے غیبت کرنے سے منع فرمایا ہے اور غیبت کرنے کو اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے سے تشبیہ دی ہے۔

غیبت اور غیبت کرنے والے کو رسول کریم ﷺ نے بھی سخت ناپسند فرمایا ہے ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ ”حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن صحابہ کرامؓ سے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو غیبت کس کو کہتے ہیں؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا اللہ اور اللہ کا رسول (ﷺ) ہی زیادہ جانتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا غیبت یہ ہے کہ تم اپنے مسلمان بھائی کا ذکر اس طرح کرو کہ جس کو اگر وہ سن لے تو اسے ناپسند کرے، بعض صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ یہ بتایئے کہ اگر میرے اس بھائی میں جس کا میں نے برائی کے ساتھ ذکر کیا ہے وہ عیب موجود ہوں جو میں نے بیان کیا ہے تو کیا جب بھی غیبت ہوگی یعنی میں نے ایک شخص کے بارے میں اس کی پیٹھ پیچھے یہ ذکر کیا کہ اس میں فلاں برائی ہے جب کہ اس میں واقعتاً وہ برائی موجود ہو اور میں نے جو کچھ کہا ہے وہ سچ ہو تو ظاہر ہے کہ اگر وہ شخص اپنے بارے میں میرے اس طرح ذکر کرنے کو سنے گا تو خوش نہیں ہوگا تو کیا میرا اس کی طرف سے کسی برائی کو منسوب کرنا جو در حقیقت اس میں ہے غیبت کہلائے گا؟ آپ ﷺ نے نے فرمایا تم نے اس کی جس برائی کا ذکر کیا ہے اگر وہ واقعی اس میں موجود ہے تو تم نے اس کی غیبت کی اور اگر اس میں وہ برائی موجود نہیں ہے جس کا تم نے ذکر کیا ہے تم نے اس پر بہتان لگایا، یعنی یہ ہی تو غیبت ہے کہ تم کسی کا کوئی عیب اس کی پیٹھ پیچھے بالکل سچ بیان کرو اگر تم اس کے عیب کو بیان کرنے میں سچے نہیں ہو کہ تم نے اس کی طرف جس عیب کی نسبت کی ہے وہ اس میں موجود نہیں ہے تو یہ افتراء اور بہتان ہے جو بذات خود بہت بڑا گناہ ہے“ مشکوۃ شریف، جلد نمبر چہارم، حدیث نمبر 766، اس حدیث میں غیبت کے حوالہ سے بہت زیادہ وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا گیا کہ اگر کسی شخص میں کوئی برائی موجود بھی ہے تو اس کی پیٹھ پیچھے یا دوسروں کے سامنے اس برائی کے بیان سے مکمل گریز کیا جائے۔

”مستورد بن شدادؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی کی غیبت کا نوالہ کھایا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے اس کے مثل جہنم کا لباس پہنائیں گے اور جس شخص نے شہرت و ریاکاری اور دکھلاوے کے مقام پر کھڑا کیا یا کسی شخص کی وجہ سے ریاکاری اور شہرت کے مقام پر کھڑا ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے شہرت و ریاکاری کے مقام پر کھڑا کرے گا“ سنن ابو داؤد، جلد نمبر سوم، حدیث نمبر 1476، یہ تو غیبت کرنے والے کے حال جہنم کا بیان ہے مگر غیبت کرنے والے پر تو قبر سے ہی عذاب کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے، ”حضرت ابوبکرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دو قبروں کے پاس سے گزرے اور فرمایا ان کو عذاب ہو رہا ہے اور کسی مشکل کام کی وجہ سے عذاب نہیں ہو رہا بلکہ ایک کو پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے اور دوسرے کو غیبت کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے“ سنن ابن ماجہ، جلد نمبر اول، حدیث نمبر 349، غیبت کرنے والا دنیا میں بھی ذلیل و رسوا ہوتا ہے تو اس کی آخرت بھی خراب ہوتی ہے، اس حوالہ سے ایک حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ ”حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مجھے معراج کی رات اوپر بلایا تو عالم بالا میں میرا گزر کچھ ایسے لوگوں پر ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ ان ناخنوں سے اپنے چہروں کو کھرچ رہے تھے ان کی اس حالت کو دیکھ کر میں نے جبرائیل سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں انہوں نے جواب دیا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے یعنی لوگوں کی غیبت کرتے ہیں یا ان کی عزت و آبرو کے پیچھے پڑے رہتے ہیں“ مشکوۃ شریف، جلد نمبر چہارم، حدیث نمبر 974، حضرت جبرائیلؑ کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ یہ لوگ لوگوں کی عزت و آبرو کے درپے رہتے ان کی برائی کرتے اور لوگوں کے لئے نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں اور یہ ہی ان کی سزا ہے کہ وہ اپنے آپ کو ایسے ہی اپنے ہاتھوں سے نوچتے رہیں گے۔

موجودہ معاشرہ میں حالات یہ ہیں کہ ہم غیبت کو برائی ہی تسلیم نہیں کرتے اور ایک دوسرے کی برائیوں، خامیوں اور کاتاہیوں کا بیان فیشن کے طور پر کیا جاتا ہے، جب کہ یہ کسی بھی طرح درست نہیں، بدقسمتی سے آج ہم علم نہ ہونے کی وجہ سے ایسی باتوں کا ذکر کرتے رہتے ہیں جو غیبت کے زمرے میں آتی ہیں، ہمیں خیال رکھنا چاہیے کہ ایسی ہر بات جس سے کسی کی برائی واضح ہوتی ہو، چاہے اس کا تعلق اس کے لباس، جسم، اس کے فعل یا قول کے متعلق ہو، مثال کے طور پر جسم کے بارے میں کہا جائے کہ اس کا قد بہت لمبا ہے یا اس کا رنگ کالا (سیاہ) ہے یا پھر وہ بھینگا ہے اسی طرح اگر کسی کے بارے میں غلط بیانی کی یا اخلاق کے بارے میں کہا جائے کہ وہ بری عادات والا ہے، یا مغرور، بدتمیز، اور بزدل ہے، یا افعال کے بارے میں ہو کہ وہ چور، خائن، بے ایمان، بے نمازی ہے، نماز میں ارکان کو سکون سے ادا نہیں کرتا، قرآن پاک غلط پڑھتا ہے یا کہے کہ اپنے کپڑوں کو نجاست سے پاک نہیں رکھتا یا زکوۃ ادا نہیں کرتا یا حرام مال کھاتا ہے، زبان دراز ہے، بہت پیٹو ہے، سوتا بہت ہے، اس طرح لباس کے بارے میں کہا جائے کہ کھلی آستین والا کپڑا پہنتا ہے، دراز دامن یا میلا کچیلا لباس پہنتا ہے، یہ سب باتیں غیبت کے زمرے میں آتی ہیں، یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ غیبت کرنا گناہ کبیرہ تو ہے ہی، غیبت سننا بھی گناہ کبیرہ ہے، لہذا کوئی بھی شخص غیبت کر رہا ہو تو ہمیں اس کو روکنا چاہیے۔ ایک اور حدیث مبارکہ میں ہے کہ ”جو اپنے مسلمان بھائیوں کی پیٹھ پیچھے اس کی عزت کا تحفظ کرے تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کہ وہ اسے جہنم سے آزاد کر دے“ (مسند امام احمد) متذکرہ بالا آیات قرانی اور احادیث کی روشنی میں غیبت کا گناہ کبیرہ ہونا اور غیبت گو کے عذاب بارے مفصل انداز میں بیان کیا گیا ہے جب کہ آج ہم غیبت کو تو کوئی برائی یا گناہ سمجھنے کے لئے تیار ہی نہیں، ہمیں چاہئے کہ نہ صرف خود غیبت کرنے سے گریز اور پرہیز کریں بلکہ دوسرں کو بھی اس کی تلقین کریں۔

زبان کی حفاظت کے شرعی احکامات اور لغوگوئی کی ممانت

ملک عباد خان

کہا جاتا ہے کہ تلوار سے لگا زخم بھر جاتا ہے مگر زبان کے حملہ سے گھائل ہونے والا زخم کبھی مندمل نہیں ہوتا، اسلام میں زبان کی حفاظت، سوچ سمجھ کر اور کم بولنے کی تلقین کی گئی ہے بلکہ اس حوالہ سے یہاں تک روایات ہیں کہ خاموشی کو عبادت سے عبارت کیا گیا ہے تاکہ کسی مسلمان کی زبان سے ادا ہونے والے الفاظ کسی دوسرے شخص کی دل آزاری کا سبب نہ بنیں اور اس کے علاوہ یہ بھی طے شدہ امر ہے کہ جب بھی کوئی غیر ضروری باتیں کرتا ہے تو اس شخص کی زبان درازی میں عموماً فحش و لغو باتیں در آتی ہیں، ایک روایت کے مطابق اللہ پاک بھی غیر ضروری باتیں کرنا پسند نہیں فرماتے، ایسے ہی ہمارے پیارے نبی ﷺ بھی اس سے ممانت کی تلقین فرماتے ہیں، ایک حدیث پاک میں مرقوم ہے ”حضرت مسروقؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نہ تو بدزبان تھے اور نہ ہی بدزبانی کرتے تھے اور انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم لوگوں میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں“ صحیح مسلم، جلد سوم، حدیث 1532، اس کے علاوہ متعدد احادیث مبارکہ میں بتایا گیا ہے کہ مسلمان وہ ہے کہ جو اپنے ہاتھ اور زبان کی حفاظت کرئے، اس سلسلہ میں ایک حدیث پاک میں منقول ہے ”حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں“ صحیح مسلم، جلد اول، حدیث 164، واضح رہے کہ اس باب اور متن کے مدرجات کے ساتھ اور بھی متعدد احادیث موجود ہیں کہ جن میں زبان درازی اور بدزبانی کی ممانت کی گئی۔

بلاشبہ اپنی زبان کو بے لگام چھوڑ کر انسان ہمیشہ ہی مسائل و مصائب سے دوچار رہتا ہے، جھوٹ اور وعدہ خلافی اور دیگر برائیاں بھی اس کے ہم رکاب رہتی ہیں جبکہ سوچ سمجھ کر لب کھولنے والا یا کم گو شخص اس حوالہ سے ہمیشہ ہی فائدہ میں رہتا ہے، اسی لئے جھوٹ اور بدزبانی کو منافق کی نشانی قرار دیا گیا ہے، اس بارے میں ایک حدیث مبارکہ میں بیان ہے ”مسروق عبداللہ بن عمروؓ روایت کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص میں چار باتیں ہوں گی، وہ منافق ہوگا یا جس شخص میں ان چاروں میں سے کوئی خصلت ہوگی، تو اس میں نفاق کی خصلت ہوگی، یہاں تک کہ وہ اسے چھوڑ دے، جب وہ گفتگو کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو اس کے خلاف کرے، اور جب معاہدہ کرے تو بے وفائی کرے، اور جب جھگڑا کرے تو بدزبانی کرے“ صحیح بخاری، جلد اول، حدیث 2358، زبان اور اس سے نکلے ہوئے الفاظ کی اس قدر اہمیت ہے کہ زبان کی حفاظت پر مومن کے لئے جنت کی بشارت دی گئی ہے، ایک حدیث پاک میں منقول ہے ”سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے دونوں جبڑوں کے درمیان کی چیز (زبان) اور دونوں ٹانگوں کے درمیان کی چیز (یعنی شرمگاہ) کا ضامن ہو تو میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں“ صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 1421، اس کے علاوہ صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 1195 میں حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے جس میں غلط یا فحش بات کو زبان کا زنا قرار دیا گیا ہے۔

”حضرت عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ ہم ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے اردگرد تھے جب آپ ﷺ نے فتنہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جب تم لوگوں کو دیکھو کہ اپنے عہدوں کو توڑ رہے ہیں اور اپنی امانتداری کو چھوڑ دیں اور وہ ایسے ہو جائیں (اختلاف کرتے ہوئے) آپ نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ملا دیا، عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں کھڑا ہوا اور میں نے عرض کیا کہ اللہ مجھے آپ ﷺ پر فدا کر دے میں اس وقت کیا کروں؟ فرمایا کہ اپنے گھر کو لازم پکڑو اور اپنی زبان کو قابو میں رکھو، جو بات (شرعی اعتبار سے) اچھی ہو اسے لے لو اور جسے غلط سمجھو اسے چھوڑ دو اور تم پر خاص اپنے نفس کی اصلاح ضروری ہے“ سنن ابوداؤد، جلد سوم، حدیث 949، توجہ فرمایئے کہ اس حدیث مبارکہ میں زبان پر قابو نہ رکھنے کو قیامت کے فتنوں میں شمار کیا گیا ہے اس کے علاوہ زبان درازی کو سود سے عبارت کیا جا رہا ہے، اس حوالہ سے ایک حدیث میں مرقوم ہے ”حضرت سعید بن زیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے بڑا سود یہ ہے کہ مسلمان کی عزت و آبرو پر ناحق زبان طعن کو دراز کیا جائے (یعنی مسلمان کی تحقیر و تذلیل کی جائے، یہ بہت بڑا سود ہے جس طرح سود حرام ہے یہ بھی حرام ہے) سنن ابوداؤد، جلد سوم، حدیث 1472، یہاں زبان درازی کو سود کہا گیا ہے اور سود کے حوالہ سے اسلام میں اللہ تعالیٰ سے جنگ کی بابت بیان ملتا ہے۔

اسلام میں زبان درازی، لغو باتوں اور گالیوں کو گناہ کبیرہ قرار دیا گیا ہے تاکہ اس عادت بد سے مکمل طور پر بچا جا سکے، ایک حدیث مبارکہ میں اس حوالہ سے منقول ہے ”ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی مسلمان کی عزت کے بارے میں ناجائز زبان درازی کرنا کبیرہ گناہوں میں سے ہے اور گالی کے بدلے دو گالیاں دینا بھی کبیرہ گناہوں میں سے ہے“ سنن ابوداؤد، جلد سوم، حدیث 1473، غور فرمائیں کہ زبان کو بے قابو چھوڑنے یا معاشرہ میں اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کی مروجہ روش خود ہمارے لئے کس قدر خطرناک ہے، اسی لئے زبان پر قابو رکھنے کو نجات سے تعبیر کیا گیا ہے ”حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ نجات کیا ہے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی زبان قابو میں رکھو اپنے گھر میں رہو اور اپنی غلطیوں پر رویا کرو“ جامع ترمذی، جلد دوم، حدیث 299، ہمارے مذہب میں خوش اخلاقی کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے، آپ ﷺ نے بھی قیامت کے روز خوش اخلاق مسلمان کو اپنے قرب کی بشارت دی اور زبان دراز کو سخت ناپسند فرمایا، اس حوالہ سے ایک حدیث مبارکہ میں ذکر ہے ”حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن میرے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ محبوب اور قریب بیٹھنے والے لوگ وہ ہیں جو بہترین اخلاق والے ہیں اور سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور دور رہنے والے لوگ وہ ہیں جو زیادہ باتیں کرنے والے، بلاسوچے سمجھے اور بلا احتیاط بولنے والے اور تکبر کرنے والے ہیں“ جامع ترمذی، جلد اول، حدیث 2107،

روزنامہ قوت لاہور — چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بین المسالک ہم آہنگی کے قیام کے لیے علماء کرام کا کردار لائق تحسین ہے۔آر پی او

آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کا ریجنل پولیس آفس کمیٹی روم میں عید میلاد النبی کے حوالہ سے علماء کرام کے وفد کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر کا ریجنل پولیس آفس کمیٹی روم میں عید میلاد النبی کے حوالہ سے علماء کرام کے وفد کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد۔ بین المسالک ہم آہنگی کے قیام کے لیے علماء کرام کا کردار لائق تحسین ہے۔ (آر پی او) آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر سے علماء کرام کے وفد نے کمیٹی روم آر پی او آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں صاحبزادہ پیر قاری عبدالرحمٰن نقشبندی سمیت دیگر علماء کرام نے شرکت کی دوران میٹنگ ربیع الاول میں امن وامان کے قیام، بین المسالک ہم آہنگی اور معاشرہ میں ایثار اور رواداری کو پروان چڑھانے جیسے امور پر بحث آئے۔ وفد میں شامل علماء کرام نے آر پی او فیصل آباد کو یقین دلایا کہ وہ امن وامان کے قیام کے لیے مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے اور ہر سطح پر انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اسلام امن، محبت اور ایثار کا پیغام دیتا ہے اور معاشرہ میں بین المسالک ہم آہنگی کے قیام کے لیے علماء کرام نے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پرامن فضاء قائم رکھنے کے لیے انتظامیہ، پولیس، علما اکرام اور عوامی نمائندے ایک پیج پر ہیں جو کہ انتہائی خوش آئند ہے۔ انہوں نے علماء اکرام کے تعاون اور امن یکجہتی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات کے آخر میں ملک پاکستان کے امن و امان اور سربلندی کے لیے دعا کی گئی۔

جہلم جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سکیورٹی کے انتظامات یقینی بنانے کے لیے پنجاب حکومت نے حکم نامہ جاری کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سکیورٹی کے انتظامات یقینی بنانے کے لیے پنجاب حکومت نے حکم نامہ جاری کر دیا ہے حکم نامے کے مطابق جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موقع پر نکالے جانے والے جلوسوں میں لنگر نیاز اور شربت کی سبیلیں لگانے کے لیے ضلعی انتظامیہ سے خصوصی اجازت حاصل کرنا ضروری ہوگا انتظامیہ کی طرف سے سکیورٹی کلیرنس جاری کی جائے گی لنگر نیاز اور سبیلوں کی چیکنگ کے لیے محکمہ خوراک اور محکمہ صحت کی ٹیمیں تقسیم سے قبل چیک کر کے محفوظ ہونے کا سرٹیفکیٹ جاری کریں گی کسی بھی شخص کو ذاتی طور پر بغیر اجازت لنگر نیاز تقسیم کرنے یا سبیل لگانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس اقدام کا مقصد شرکاء جلوس کی حفاظت کو یقینی بنانا اور شر پسند [illegible]

سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وٹو کا ضلع اوکاڑہ کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب خالد نذیر وٹو کا ضلع اوکاڑہ کا دورہ اور اے ڈی پی سکیمز پر پیشرفت بارے اجلاس کا انعقاد، سی ای او ایجوکیشن کے آفس میں ڈویژن ساہیوال میں شامل اضلاع اوکاڑہ، ساہیوال اور پاکپتن کے سی ای اوز ایجوکیشن کی طرف سے سیکرٹری سکول ایجوکیشن کو مالی سال 2025-26 کے لیے سکولوں میں ترقیاتی سکیموں پر بریفنگ دی گئی، اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ایڈوائزر مزمل احمد، سپیشل ایڈوائزر ایجوکیشن تکمیل [illegible]

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مختصر دودہ پر چکوال پہنچے

چوہدری محمد علی خان کی وفات پر ان کی رہائش گاہ سرپاک میں فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے بلند درجات کی دعا کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مختصر دودہ پر چکوال پہنچے۔ انہوں نے چوہدری نوشاد علی خان ایڈووکیٹ اور چوہدری تیمور علی خان ایڈووکیٹ کے والد چوہدری محمد علی خان کی وفات پر ان کی رہائش گاہ سرپاک میں فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے بلند درجات کی دعا کی اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مرحوم چوہدری محمد علی خان ایک نیک سیرت اور ملنسار شخصیت کے مالک تھے ان کی وفات سے ہم ایک شفیق بزرگ اور سماجی شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی راجہ رضوان ڈنڈوت، ڈویژنل نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی سردار اظہر علی خان، راجہ مظہر ہسپتال اور پارٹی ورکرز کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علیزہ ریحان کا ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ اور طبی سہولیات کی چیکنگ

[illegible]

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں آٹے، میدے، چینی کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں آٹے، میدے، چینی کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود بیکریوں کے مالکان کی روش نہ بدل سکی صارفین کو مہنگے داموں کیک بسکٹ سمیت بیکری مصنوعات فروخت کیے جانے لگیں، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت چاروں تحصیلوں میں آٹے میدے اور چینی کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود بیکریوں کے مالکان نے بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نہیں کی اور نہ انتظامیہ نے اس اہم مسئلے پر توجہ مرکوز کی ہے جسکی وجہ سے بیکری مصنوعات کی قیمتوں میں کسی قسم کی کمی نہیں کی گئی بلکہ من مرضی کے نرخوں پر فروخت جاری ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس سے مطالبہ کیا ہے کہ بیکری مصنوعات میں استعمال ہونے والی تمام اشیاء کی قیمتوں میں کمی واقع ہو چکی ہے لیکن کیک بسکٹ سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں میں کمی کے احکامات جاری کیے جائیں اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو اس پر عملدرآمد کروانے کا پابند بنایا جائے تاکہ شہری سرکاری نرخوں پر معیاری اشیاء خرید کر استعمال کر سکیں۔

جہلم 30 اگست تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی بارشیں جہلم، چکوال راولپنڈی، مری گلیات، اٹک، سمیت پنجاب بھر میں ہونگی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم 30 اگست تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی بارشیں جہلم، چکوال راولپنڈی، مری گلیات، اٹک، سمیت پنجاب بھر میں ہونگی۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی این ڈی ایم [illegible]

دین سے دوری اخلاقیات کا جنازہ نکل گیا: علماء کرام اپنا کردار ادا کرنے میں ناکام

عریانی فحاشی عروج پر پہنچ چکی نوجوان نسل تیزی بے راہ راوی کا شکار ہو رہی ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) دین سے دوری اخلاقیات کا جنازہ نکل گیا عریانی فحاشی عروج پر پہنچ چکی نوجوان نسل تیزی بے راہ راوی کا شکار ہو رہی ہے ڈگریاں حاصل کر لی گئیں مگر تربیت کا فقدان ہے جس سے انسانی عدم برداشت بڑھ چکی ہے بھائی بھائی کے خون کا پیاسا ہے علماء کرام اپنا کردار ادا کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں سماجی ومذہبی شخصیت رانا شفیق منج کی گفتگو ان کا مزید کہنا تھا نوجوان نسل کی تربیت کے لئے والدین معاشرہ دینی رہنما اپنا مثبت کردار ادا نہیں کر پائے جس کی وجہ سے نوجوان نسل دین سے دوری اختیار کرتے ہوئے اپنی اصل راہ سے ہٹ چکی جو کہ قرآن وسنت کے مطابق ہے منشیات کی طرف نوجوان نسل کا بڑھتا ہوا رجحان لمحہ فکریہ ہے مگر بدقسمتی سے حکومتی ایوانوں میں ترجیحات میں شامل نہیں اگر چاہتے ہیں کہ ملک پاکستان دنیا کے افق پر حقیقی فلاحی معاشرہ بن کر ابھرے تو سب کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا نوجوان نسل قرآن وسنت کی راہ پر چلتے ہوئے ہی دنیا آخرت میں فلاح پا سکتے ہیں۔

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا ہنگامی اجلاس ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا ہنگامی اجلاس ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی صدارت میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ممکنہ سیلابی صورتحال کے دوران ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے لائیو سٹاک، ایجوکیشن، ہیلتھ اور ریسکیو 1122 کو الرٹ رہنے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ فلڈ ریلیف کیمپس پر تمام تر سامان ادویات دستیاب رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دریائی علاقوں میں مقیم افراد کو حفاظتی مقامات پر منتقل کرانے کے لئے مساجد میں مسلسل اعلانات کرائے جائیں۔

شہادت امام حسن علیہ السلام قصر بتول کھروٹہ سیداں میں 25 سفر عقیدت واحترام سے منایا گیا

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کا کنبہ بلاشبہ منبہ رشد وہدایت و دین کی بقاء ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) دین کی سربلندی کیلئے پنجتن پاک کے گھرانہ کے چشم و [illegible] سیداں سیالکوٹ میں نہایت عقیدت اور احترام سے منایا گیا جس میں بانیان امام بارگاہ سید ضیغم عباس [illegible]

دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائی

نالہ بئیں سے غیر قانونی طور پر ریت نکالنے والے متعدد افراد کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا



شکرگڑھ (عمران عارف سے) [illegible]

پنجاب ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا فورس) پنجاب حکومت کا احسن اقدام ہے

[illegible]

جنازہ کے بعد سابق ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد امین مغل سپرد خاک

کونسلر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم نے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی

[illegible]

جہلم نادرا نے درخواست کا سٹیٹس آن لائن معلوم کرنے کی سہولت متعارف کرادی

[illegible]

امریکہ میں 14 اگست مرکزی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، خواجہ ایس مشتاق ایڈووکیٹ

دورہ برطانیہ و امریکہ کے دوران پاکستانی فلیگ سربلند کیا، نائب صدر پی پی سنٹرل پنجاب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) [illegible]



کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کا حالیہ سیلابی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے حالیہ سیلابی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے قطب شاہانہ پل، دریائے راوی اور دیگر مقامات کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے قطب شاہانہ پل کے قریب دریائے راوی کے کٹاؤ کی جگہ کا معائنہ کیا اور کٹاؤ سے بچاؤ کے اقدامات پر بریفنگ لی۔ کمشنر نے حکام کو ہدایت کی کہ عوامی سلامتی کے پیش نظر حفاظتی اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ دورے کے دوران کمشنر ساہیوال نے ایل بی ڈی سی نہر کنارے زیر تعمیر واکنگ ٹریک کا بھی معائنہ کیا، جہاں انہوں نے شجرکاری مہم کے تحت پودا لگایا۔ ان کا کہنا تھا کہ نہر کنارے سالڈ ویسٹ ڈمپنگ سائٹ کو خوبصورت پارک میں تبدیل کرنا شہریوں کو معیاری تفریحی سہولیات فراہم کرنے کی جانب مثبت قدم ہے اور یہ منصوبہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ بعد ازاں، کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کی زیر تعمیر عمارت کا جائزہ لیا۔ کام کی سست رفتاری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے لاہور بائی پاس پر جاری پل کی تعمیر کا بھی معائنہ کیا اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کو ٹائم لائن کے مطابق کام مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔

نارووال ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر اورنگزیب کی زیر نگرانی ریسکیو سنٹرل اسٹیشن نارووال میں شہید انجینئر نعیم اختر کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) نارووال ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر اورنگزیب کی زیر نگرانی ریسکیو سنٹرل اسٹیشن نارووال میں شہید انجینئر نعیم اختر کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروفیسر احسن اقبال چوہدری نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ مہمان خصوصی کا ریسکیو کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کر کے پرتپاک استقبال کیا۔ پروفیسر احسن اقبال نے ریسکیو اسٹیشن کے مختلف شعبہ جات، بشمول ایمبولینس اور کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ ریسکیو واحد ادارہ ہے جو عوام کی توقعات پر پورا اتر رہا ہے۔ بائی سیکرٹری، ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر رضوان نصیر کی قیادت میں ریسکیو کے جوان فرنٹ لائن پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر رضوان نصیر کی انتھک محنت اور وژن کی بدولت ریسکیو کو بین الاقوامی معیار کا ادارہ بنایا گیا ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے شہید انجینئر نعیم اختر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دورانِ ڈیوٹی قیمتی انسانی جانوں کو بچاتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ وہ ریسکیو 1122 اور ضلع نارووال کے لیے ایک عظیم اثاثہ تھے۔ ان کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے ریسکیو جوانوں پر زور دیا کہ وہ شہید انجینئر نعیم اختر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی ڈیوٹیز مزید جانفشانی اور ایثار کے ساتھ سرانجام دیں تاکہ عوام کو بروقت اور بہترین ایمرجنسی سروس فراہم کی جا سکے۔ اس موقع انجینئر نعیم اختر شہید کی درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

تھانہ بی ڈویژن پولیس کی کاروائی، 03 جواری گرفتار، جواء پر لگی رقم برآمد، مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ بی ڈویژن پولیس کی کاروائی، 03 جواری گرفتار، جواء پر لگی رقم برآمد، مقدمہ درج۔ ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے احکامات پر سماج دشمن عناصر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ بی ڈویژن دانیال لیاقت اور انکی ٹیم نے پرچی جواء کروانے والوں پر ریڈ کر کے 03 جواری گرفتار کر لیے۔ گرفتار ملزمان میں طارق محمود، شہباز اشرف اور محمد ندیم شامل۔ ملزمان کے قبضہ سے بل بک، کاربن، پنسلیں اور جواء پر لگی رقم برآمد۔ تینوں جواریوں کو حراست میں لیکر تھانہ بی ڈویژن میں قمار بازی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔

کرپشن پر دو پولیس اہلکار نوکری سے برخاست، ڈی پی او راشد ہدایت کی زیر پرستی محکمانہ احتساب جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کرپشن پر دو پولیس اہلکار نوکری سے برخاست، ڈی پی او راشد ہدایت کا محکمانہ احتساب جاری۔ بخشی خانہ میں خاتون سے رشوت لینے والا اہلکار امجد جاوید نوکری سے برخاست، منڈی احمد آباد میں رشوت لینے والا کانسٹیبل سردار خان برطرف، انکوائری رپورٹ میں اہلکاروں کی کرپشن ثابت ہوگئی۔ محکمہ احتساب میکانزم کے تحت کاروائی مکمل، کرپشن پر زیرو ٹالرنس کی پالیسی ہے، کرپشن اور بدعنوانی پر اہلکاروں کے لئے محکمہ میں جگہ نہیں۔

ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان اور ڈپٹی کمشنر کا چیچہ وطنی جلوس روٹ کا وزٹ سکیورٹی انتظامات اور سہولیات کا تفصیلی جائزہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان اور ڈپٹی کمشنر کا چیچہ وطنی جلوس روٹ کا وزٹ سکیورٹی انتظامات اور سہولیات کا تفصیلی جائزہ۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کے ہمراہ چیچہ وطنی میں چہلم حضرت امام حسینؑ کے مرکزی جلوس روٹ کا وزٹ کیا۔ اس موقع پر دونوں افسران نے سکیورٹی انتظامات اور دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی پی او ساہیوال نے روٹ پر تعینات پولیس افسران اور جوانوں کو اپنے فرائض مزید چوکسی اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پرامن فضا کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے واضح کیا کہ ساہیوال پولیس نے فول پروف سکیورٹی کے لیے جامع پلان تشکیل دیا ہے، جلوس کے داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ، واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور سی سی ٹی وی مانیٹرنگ کے ذریعے سکیورٹی کو یقینی بنایا گیا ہے۔

کھڑکی سے باہر جھانکتے ہوئے 5 سالہ بچی گر کر تیز رفتار کار کے ٹائروں تلے آکر کچلی گئی

شیشے والی کھڑکی سے باہر جھانکتے مقدس کا توازن برقرار نہ رہا اور وہ نیچے جا گری

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) چلتی مزدا ویگن کی کھڑکی سے باہر جھانکتے ہوئے 5 سالہ بچی گر کر تیز رفتار کار کے ٹائروں تلے آکر کچلی گئی، بتایا گیا ہے کہ محلہ مدینہ چوک کے رہائشی ذوالفقار کی بیوی (ع) بچوں ہمراہ عزیزوں سے ملنے لاہور جانے والی مزدا ویگن میں سوار ہوئی اور اپنی پانچ سالہ بیٹی مقدس کو گود میں لے کر سیٹ کی کھڑکی والی سائیڈ میں بیٹھ گئی، ویگن مین فیروز پور روڈ نہر کے قریب پہنچی تو (ع) ایک لمحہ غافل ہوئی، اس دوران سیٹ کے اوپر چڑھ کر شیشے والی کھڑکی سے باہر جھانکتے مقدس کا توازن برقرار نہ رہا اور وہ چلتی مزدا ویگن سے گر کر پیچھے سے آنے والی تیز رفتار کار کے ٹائروں تلے آکر جاں بحق ہوگئی، پولیس نے ضروری کاروائی کرنے کے بعد بچی کی لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا۔

پولیس اور عوام کے اشتراک سے نشہ کا مہم کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس اور عوام کے اشتراک سے نشہ کا مہم کو مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے۔ عوامی اطلاع پر جھنگ پولیس نے جدید طریقوں سے منشیات کی آن لائن سپلائی کرنے والے ایک چالاک منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ کاروائی کے دوران تھانہ کوتوالی پولیس نے ذیشان نامی ملزم کے قبضہ سے 580 گرام آئس برآمد کی اور اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ جدید ذرائع سے منشیات پھیلانے والے عناصر اب قانون کی گرفت سے باہر نہیں رہ سکتے۔ انہوں نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو ہدایت کی ہے کہ آن لائن سپلائی کے نیٹ ورک کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کریں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جھنگ پولیس نے 5 منشیات فروش گرفتار کیے، جن کے قبضہ سے 2260 گرام چرس، 33 لیٹر شراب اور 580 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے کہا کہ یہ جنگ صرف پولیس کی نہیں، بلکہ ہر والدین، ہر نوجوان اور پورے معاشرے کی جنگ ہے۔ منشیات کے خاتمے کے لیے پولیس اور عوام کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔

بجلی چوری ایک قومی جرم ہے: کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل

اس اقدام کے خاتمے کے لیے مؤثر اور دوررس انتظامی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ ساہیوال اور پاک پتن میں 232 فیڈرز پر 9 لاکھ 38 ہزار کنکشن موجود ہیں جن میں 4.89 فیصد

بجلی چوری ایک قومی جرم ہے جس کے خاتمے کے لیے مؤثر اور دوررس انتظامی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میپکو اور لیسکو حکام بجلی چوری کی اطلاع فوری طور پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو دیں تاکہ ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ وہ اپنے دفتر میں بجلی چوری کی روک تھام سے متعلق ڈویژنل ٹاسک فورس کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، ڈپٹی کمشنر پاک پتن آصف رضا، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ایس ای میپکو ساہیوال ناصر محمود فانی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمشنر نے ہدایت کی کہ بجلی چوری کی وجوہات کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا جائے اور درج مقدمات کی مؤثر پیروی کی جائے تاکہ قانون شکن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں ایس ای میپکو ناصر محمود فانی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گھریلو صارفین ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع پاک پتن میں بجلی چوری کی شکایات نسبتاً زیادہ ہیں جن پر قابو پانے کے لیے گزشتہ دو سالوں کے دوران 8 ہزار مقدمات درج کیے گئے جبکہ 742 ملین چارجز میں سے 487 ملین وصول کیے گئے جو کہ 7.65 فیصد ہے۔ ایس ای لیسکو اوکاڑہ نے بتایا کہ راجووال فیڈر واحد فیڈر ہے جہاں بجلی چوری کی سب سے زیادہ شکایات ہیں جنہیں روکنے کے لیے تمام انتظامی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ راجووال فیڈر پر بجلی چوری کی شرح میں نمایاں کمی لائی گئی ہے جو پہلے 37 فیصد تھی اور اب کم ہو کر 20 فیصد رہ گئی ہے جسے مزید کم کیا جائے گا۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بجلی چوری کے خلاف مشترکہ کوششوں سے ہی اس مسئلے پر قابو پایا جا سکتا ہے اور عوامی تعاون کے بغیر اس قومی جرم کا خاتمہ ممکن نہیں۔

چوہدری مستقیم مہار کا حلقہ پی پی 104 کا دورہ، عوامی خدمت میرا مشن ہے

میری سیاست کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ عوامی فلاح ہے، مہار ہاؤس پر معززین حلقہ سے گفتگو، فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیتی ملاقاتیں مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری مستقیم مہار کا حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہاتوں کا دورہ، فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیتی ملاقاتیں، مہار ہاؤس پر تشریف لانیوالے معززین سے خصوصی گفتگو، عوامی خدمت کی سیاست میری ترجیحات میں شامل ہے، تبادلہ خیال۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے سینئر رہنما، سنجیدہ سیاسی و سماجی ہر دلعزیز شخصیت چوہدری مستقیم مہار کا حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہاتوں کا دورہ حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہاتوں سمیت سٹی سمندری میں فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیتی ملاقاتیں مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی، بعد ازاں مہار ہاؤس پر حلقہ پی پی 104 سمیت دیگر علاقوں سے آئے ہوئے معززین سے خصوصی ملاقات کی جس میں ملکی و مقامی سیاسی صورتحال پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر چوہدری مستقیم مہار نے کہا کہ وہ عوام میں موجود رہتے ہیں اور دن رات اپنے علاقے کے لوگوں سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ عوامی فلاح ہے اپنی گفتگو کے دوران ان کا کہنا تھا کہ وہ پارٹی کارکنوں اور ساتھیوں کو ہمیشہ عوامی خدمت کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ مزید کہا کہ عوامی اعتماد اور حمایت ان کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔

گاؤں کالا خطائی میں کتے کے کاٹنے سے ایک شخص زخمی، ہسپتال منتقل کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار نواح گاؤں کالا خطائی میں کتے کے کاٹنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا انتظامیہ کی جانب سے کتوں کو تلف کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہیں کیے جا رہے ہیں دن بدن ان کی ٹولیوں میں اضافہ دیکھائی دے رہا ہے سرکاری اور نجی عمارتوں سمیت عوامی مقامات پر آوارہ کتے خوف پھیلا رہے ہیں شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا مشکل ہو رہا ہے بچے ڈر کے مارے تعلیمی سرگرمیوں کے لئے گھر سے باہر نہیں جاتے اہل علاقہ نے آوارہ کتوں کو تلف کرنے کیلئے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

جہلم ضلع جہلم میں طبی سہولیات کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے مریم نواز ہیلتھ کلینک بلال ٹاؤن اور ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع جہلم میں طبی سہولیات کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے مریم نواز ہیلتھ کلینک بلال ٹاؤن اور ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کیا جہاں مریضوں سے علاج کی سہولیات بارے آگاہی حاصل کرتے ہوئے طبی عملہ کو بہترین خدمات فراہم کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے ضلع جہلم میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے معیار کا جائزہ لینے کے لیے مریم نواز ہیلتھ کلینک بلال ٹاؤن اور ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جہلم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے علاج کی غرض سے آئے ہوئے مرد و خواتین اور بزرگوں سے طبی مراکز کی کارکردگی ادویات کی فراہمی، عملہ کے رویے پر تفصیلی گفتگو کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم نے دونوں اداروں میں سٹاک رجسٹر اور سٹاف کی حاضری کو چیک کرتے ہوئے ہدایت کی کہ حکومت پنجاب شہریوں کو علاج کی مفت سہولیات فراہمی کے لیے کوشاں ہے تمام طبی عملہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں،

ننکانہ صاحب: جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری

تھانہ بڑا گھر پولیس نے تین ماہ قبل ہونیوالی 18 لاکھ روپے کی راہزنی کی واردات کا سراغ لگا کر مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ننکانہ فراز احمد کی ہدایت پر شہریوں کی جان، مال اور عزت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری۔ تھانہ بڑا گھر پولیس نے تین ماہ قبل ہونیوالی 18 لاکھ روپے کی راہزنی کی واردات کا سراغ لگا کر مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ دوران واردات چھینی ہوئی رقم اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ بڑا گھر نے تین ماہ قبل کوٹ امیر کے قریب خلیل احمد نامی شہری سے ہونیوالی واردات کا سراغ لگا لیا۔ واردات میں ملوث مرکزی ملزم حماد منظور سے دوران واردات چھینی گئی 18 لاکھ روپے مالیت کی نقدی، اسلحہ اور زیر استعمال موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ ملزم تین ماہ قبل اسلحہ کے زور پر خلیل احمد سے نقدی چھین کر فرار ہو گیا تھا۔ ڈی پی او ننکانہ فراز احمد نے ڈی ایس پی سرکل بڑا گھر ریاض احمد کے ہمراہ ملزم سے برآمد ہونیوالی رقم 18 لاکھ روپے مدعی مقدمہ کے حوالے کر دی۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ بڑا گھر اور انچارج چوکی ججکی الطاف حسین بھی موجود تھے۔ چھینی گئی رقم واپس ملنے پر مدعی مقدمہ خلیل احمد نے پولیس کی کاوش کو خوب سراہا اور پولیس کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ مدعی مقدمہ کا کہنا تھا کہ ایس ایچ او بڑا گھر اور انچارج چوکی ججکی کی انتھک محنت اور کاوش کے بعد ملزم کو گرفتار کرنا قابل تعریف ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ راہزنی کی واردات کا سراغ پولیس ٹیم کی پیشہ وارانہ مہارت کا نتیجہ ہے۔ شہریوں کی جان و مال اور عزت کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں کی جاری ہیں۔ سرکل بھوانہ پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے چار ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے سو لیٹر سے زائد شراب، لہن معہ چالو بھٹی برآمد کر لی گئی۔ ایس ایچ او تھانہ بھوانہ سب انسپکٹر رضوان علی، ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر امیر علی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کی۔ ملزمان کیخلاف تھانہ بھوانہ، تھانہ لنگرانہ میں مقدمات درج کر لئے گئے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے معیاری تفتیش کے ساتھ سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ منشیات کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔

فیصل آباد: ڈیرہ رانا ثناء اللہ حملہ کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا، 17 پی ٹی آئی رہنما سزاوار

مقدمے میں مجموعی طور پر 109 ملزمان شامل تھے جن میں فیصل آباد سے پی ٹی آئی کے 90 کارکن اور 19 رہنما بھی شامل تھے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) انسداد دہشت گردی عدالت فیصل آباد نے ڈیرہ رانا ثناء اللہ پر حملے اور 9 مئی احتجاج کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے تحریک انصاف کے 17 قائدین کو دس دس سال قید کی سزا سنادی جبکہ کئی دیگر رہنماؤں کو 3 سال قید کی سزا دی گئی اور متعدد کو بری کر دیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت فیصل آباد کے جج جاوید اقبال نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ مقدمے میں مجموعی طور پر 109 ملزمان شامل تھے جن میں فیصل آباد سے پی ٹی آئی کے 90 کارکن اور 19 رہنما بھی شامل تھے۔ 10 سال قید کی سزا پانے والے رہنماؤں میں شامل ہیں: اسماعیل سیلا، بلال نواز، میاں کاشف، خوش بخت رضا شاہ، کاشف گجر، ملک عمر، میاں جواد، عبدالرحمٰن، دانش بھٹو، ذیشان عرف احسن، اسحاق غوری، میاں راشد ندیم، علی حیدر، محمد خالد، تاج محمد، عطا گیلانی، محمد جمیل، تنویر ولی، احتشام، امجد، محمد ابرار، حسن یوسف، اخلاق احمد، سفیان، حارث، ریاض، عزیز الرحمٰن، لقمان حیدر، شہباز تنویر حسین، یونس جٹ، بابر سلطان، محمد عمر اور انور۔ تین سال قید کی سزا پانے والوں میں شامل ہیں: شیخ شاہد جاوید، جبران، افضال، طیب، اقرار شاہد، عبدالرحمٰن، عرفان خالد، ارسلان اقبال، شعیب بٹ، نجم الثاقب، زبیر قمر، اورنگزیب اور محمد رفیع۔ دوسری جانب عدالت نے 34 رہنماؤں اور کارکنوں کو بری کر دیا جن میں مخدوم زین قریشی، فواد چوہدری، سید عماد علی شاہ، ذوالفقار بھٹو، منصب علی زیب، ملک ساجد، سید مصطفیٰ، ملک چاند، محمد احمد صابر، نوید خان، جارج فرحان، حمزہ حکیم، محمد حمزہ، محمد سلیمان، فرقان، ارسن جواد، محمد اصغر، وسیم یونس، شاہد پرویز، محمد شکیل، محمد کاشف، تیمور، تیمور رحیم، محمد حکیم اکرم، محمد یعقوب، ملک شروف اور وقاص سلیم شامل ہیں۔

شرکت کرنے جا رہی ہے، ثابت کر سکتی ہوں سیکرٹری جنرل ہاکی فیڈریشن رانا مجاہد کی تعیناتی بھی غیر آئینی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے 2 قومی کھلاڑی بیرون ملک جا کر غائب ہو گئے ہیں۔ قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ نے ہاکی فیڈریشن کے معاملات پر ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ آفتاب احمد ہاکی فیڈریشن کے معاملات پر ذیلی کمیٹی کے کنوینئر ہوں گے جبکہ خواجہ اظہار، شہلا رضا، یوسف خان، وسیم قادر، مہرین رزاق ذیلی ممبران کمیٹی ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ ذیلی کمیٹی ہاکی فیڈریشن کی باڈی کی قانونی حیثیت اور مالی معاملات کا جائزہ لے گی، ذیلی کمیٹی ایک ہفتے میں ہاکی فیڈریشن کے معاملات پر قائمہ کمیٹی کو رپورٹ پیش کرے گی۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

ہو گئے ہیں۔ پاکپتن کی بستی چکرا لوکا اور کنڈ نین سنگھ کے حفاظتی بند بھی ٹوٹ گئے، سیلابی پانی قریبی آبادیوں میں داخل ہو گیا، علاقہ مکین اپنی مدد آپ کے تحت بند باندھنے میں مصروف ہیں۔ ستلج سے متاثرہ اضلاع میں قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر اور وہاڑی شامل ہیں، ریسکیو ٹیموں کے مطابق دیہاتیوں اور ان کے مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پنجاب کی صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق دریائے ستلج نے سرحد کے قریب علاقوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے، انسانی آبادی اور مکانات بھی متاثر ہوئے ہیں، لوگ اپنے مال مویشیوں کے ساتھ محفوظ مقامات کی طرف نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں۔ بہاولنگر ضلع کی تحصیل منچن آباد کے علاقوں وزیرا گدڑ کا، میکلوڈ گنج میں سیلابی ریلے نے بڑے پیمانے پر کھڑی فصلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، خاص طور پر دھان، تل اور چارہ جات کی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہیں۔ بابا فرید پل اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے، موضع اعظم چھینہ، موضع بھوکڑی سمیت متعدد دیہات میں سیلاب نے تباہی مچائی ہے، عارضی طور پر بنائے گئے چھوٹے حفاظتی بند ٹوٹ گئے، متاثرہ علاقوں کا منچن آباد شہر سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ ظفروال میں لہڑی کے مقام سے نالہ ڈیک کا بند ٹوٹنے سے 500 فٹ کا شگاف پڑ گیا، بند ٹوٹنے سے سڑک کے کٹاؤ کا عمل بھی تیزی سے جاری ہے، محکمہ آبپاشی کے مطابق درجنوں دیہات کے لپیٹ میں آنے کا خدشہ ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ریسکیو ٹیمیں لوگوں کو کشتیوں کے ذریعے نکال رہی ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 19 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا چکا ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے دریا کے کنارے رہنے والے لوگوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ فوراً محفوظ علاقوں میں منتقل ہو جائیں، تاہم کچھ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ ان کے پاس جانے کے لیے کوئی اور جگہ نہیں ہے۔ ڈیزاسٹر اتھارٹی کے مطابق دریائے چناب میں آئندہ 24 گھنٹوں میں درمیانے سے اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ ہے کیونکہ دریائے توی سے پانی کا بڑا ریلا دریائے چناب میں داخل ہونے کا امکان ہے۔ دریائے توی سے آنے والا سیلابی ریلا گجرات، منڈی بہاؤالدین، چنیوٹ اور جھنگ سے ملحقہ علاقوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ ہیڈ مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 1 لاکھ 27 ہزار اور اخراج 1 لاکھ 9 ہزار کیوسک ہے۔ چناب میں خانکی پر پانی کی آمد 1 لاکھ 28 ہزار اور اخراج 1 لاکھ 21 ہزار ہے، ڈیرہ غازی خان کی رود کوہیوں میں بھی فلیش فلڈنگ کا خدشہ ہے۔ دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے، گنڈا سنگھ والا کے مقام پر پانی کا بہاؤ 1 لاکھ 33 ہزار کیوسک ہے، ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے، سلیمانکی کے مقام پر پانی کی آمد 94 ہزار کیوسک اور اخراج 87 ہزار کیوسک ہے۔ دریائے سندھ میں کالا باغ اور چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، دریائے راوی میں جسڑ پر 39 ہزار شاہدرہ 18 ہزار بلوکی 41 ہزار اور ہیڈ سدھنائی میں پانی کا بہاؤ 33 ہزار کیوسک ہے۔ نالہ ایک، بئیں اور بسنتر میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال ہے۔

بقیہ جات 2

[illegible]

بقیہ جات 3

[illegible]

بقیہ جات 4

[illegible]

بقیہ جات 5

لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کے لئے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ دونوں سابق وزرائے اعظم نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پنجاب کی ترقی کے وژن اور اقدامات کو سراہا۔ تھکسن شیناوترا نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کی عوامی جدوجہد متاثر کن ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تھکسن شیناوترا اور پائیٹونگٹرن شیناوترا کی تھائی لینڈ اور عوام کی ترقی کے لئے کاوشوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آپ کی اصلاحات اور عوام کی فلاح و بہبود کے اقدامات کے تھائی لینڈ پر گہرے اثرات مرتب ہوئے۔ پاکستان اور تھائی لینڈ کی دوستی باہمی احترام اور معاشی تعاون پر مبنی ہے۔ جدت اور عوام کی خدمت پنجاب کی ترقی کا وژن ہے، آپ کا تعاون اس کی رفتار کو بڑھا سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ٹیکسٹائل، زراعت، سیاحت اور ٹیکنالوجی میں تجارت و سرمایہ کاری بڑھانا چاہتے ہیں۔ تھائی لینڈ کی کاروباری برادری مراعات سے فائدہ اٹھائے، پنجاب سے علاقائی منڈیوں تک رسائی آسان ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ثقافتی سفارت کاری، تعلیم اور سیاحت کا فروغ ہمارے عوام کو مزید قریب لا سکتا ہے۔ تھائی لینڈ میں آپ کی متعارف کردہ اصلاحات سے ادارہ جاتی صلاحیت میں اضافے کی مثال قابل تقلید ہے۔ ڈیجیٹل نیشن کے وژن پر چلتے ہوئے نوجوانوں کو جدید شعبوں میں ہنر مند بنا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عشائیہ تقریب کے اہتمام پر تھکسن شیناوترا اور ان کی صاحبزادی کا شکریہ ادا کیا اور پنجاب کے دورے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ جات 6

کی گئی امدادی رقوم پر بریفنگ دی جائے گی اور متاثرین کو مزید امدادی رقوم کی فوری فراہمی پر حکمت عملی تیار ہوگی۔ ترجمان وزیراعلیٰ نے بتایا کہ اجلاس میں متاثرہ انفراسٹرکچر کی بحالی پر بھی غور ہوگا، چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوں گے۔ ترجمان وزیراعلیٰ کے مطابق اجلاس میں سیکرٹری ریلیف اور ڈی جی پی ڈی ایم اے بھی شریک ہوں گے۔ ترجمان وزیراعلیٰ نے مزید بتایا کہ اس اجلاس میں باجوڑ، دیر لوئر، سوات، شانگلہ، بونیر، مانسہرہ، بٹگرام، نوشہرہ، ٹانک اور ڈی آئی خان کے ڈپٹی کمشنرز بھی شرکت کریں۔

بقیہ جات 7

سیاسی قیدیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ریلی کا اہتمام امریکہ میں مقیم کشمیریوں نے کیا تھا اس میں امریکہ اور کینیڈا سے رہنماؤں، کارکنوں، علما کرام اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے شرکت کی۔ بھارتی جیل میں نظر بند محمد یاسین ملک کی بیٹی رضیہ سلطانہ نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے آزاد دنیا کے رہنماؤں سے اپنے والد کی جان بچانے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حوالے سے سچ بولنے پر انہیں پھانسی دینے کا منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے انہیں سات سال سے نہیں دیکھا اور نہ ہی چھ سال سے ان سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر بھارتی وزیراعظم مودی اتنے طاقتور ہیں تو وہ میرے والد سے کیوں ڈرتے ہیں؟ آزاد کشمیر کے صدر کے مشیر سردار ظریف خان نے کہا کہ ریلی کے شرکاء یاسین ملک، شبیر احمد شاہ، مسرت عالم بٹ اور آسیہ اندرابی سمیت تمام کشمیری رہنماؤں کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ مظاہرین نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور ''سپریم کورٹ کا فیصلہ ایک فریب ہے''، ''تنازعہ [illegible]

بقیہ جات 8

[illegible]

بقیہ جات 9

[illegible]

بقیہ جات 10

[illegible]

بقیہ جات 11

[illegible]

رہ رہے ہیں۔ انہوں نے ایکس پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ اسرائیلی حکومت ایک مختلف بیانیہ کو فروغ دینا بند کرے، انسانیت کی تنظیموں کو بغیر کسی پابندی کے امداد فراہم کرنے کی اجازت دے اور بین الاقوامی صحافیوں کو غزہ کے اندر سے آزادانہ طور پر رپورٹنگ کرنے کی اجازت دے۔ انروا نے ہفتے کے روز کہا تھا کہ غزہ شہر میں قحط کو روکا جا سکتا ہے۔ انروا نے اپنے فیس بک پیج پر ایک پریس بیان میں کہا کہ صرف اردن اور مصر میں انروا کے گودام بھرے ہوئے ہیں اور کافی خوراک، ادویات اور حفظان صحت کا اتنا سامان موجود ہے جو 6000 ٹرکوں کو بھرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کی ریاست کو ہمیں غزہ میں امداد فراہم کرنے کی اجازت دینی

بقیہ جات 12

نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ روس نے یوکرین کے ساتھ اپنی جنگ میں مذاکرات کے تحت طے شدہ تصفیے کے حوالے سے ''خاطر خواہ رعایتیں'' کی ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ تنازع کے خاتمے کی جانب واضح شواہد نہ ہونے کے باوجود پیش رفت جاری ہے۔ وینس نے کہا، روسی صدر ولادیمیر پوتن نے کئی رعایتیں دی ہیں جن میں یہ بھی شامل ہے کہ یوکرین کو آئندہ کی روسی جارحیت کے خلاف حفاظتی ضمانتیں ملیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں روسیوں نے اس تنازع کے ساڑھے تین سالوں میں پہلی بار صدر ٹرمپ کو اہم رعایتیں دی ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ "انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ وہ کیف میں کٹھ پتلی حکومت قائم نہیں کر سکیں گے۔ یقیناً یہ شروع میں ایک بڑا مطالبہ تھا۔ اور اہم بات ان کا یہ تسلیم کرنا ہے کہ یوکرین کی علاقائی سالمیت کے لیے کچھ حفاظتی ضمانت بھی ہو

بقیہ جات 13

تشدد کا نشانہ بنایا جس پر علاقے کی مسلم کمیونٹی میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق متاثرہ شخص کی شناخت فردین کے نام سے ہوئی ہے جس پر 21 اگست کو دس سے زائد افراد نے حملہ کیا ،وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور مسلم مخالف نعرے بازی کی۔ راہگیروں کی طرف سے بچائے جانے سے پہلے وہ شدید زخمی ہو گیا تھا۔ بعد میں اسے ہسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کی حالت نازک بتائی۔ فردین نے صحافیوں کو بتایا کہ اس پر صرف مسلمان ہونے کی وجہ سے حملہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ لوگ مجھے ''کٹوا'' جیسی توہین آمیز اصطلاحات سے پکارتے تھے جو اکثر مسلمانوں کے خلاف گالی کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ اس واقعے نے علاقے میں بڑے پیمانے پر خوف اور غم و غصے کو جنم دیا۔ مقامی لوگوں نے بتایا کہ بی جے پی حکومت نے ایک ایسا ماحول بنایا ہے جہاں مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز جرائم اور ہجومی تشدد ایک معمول بن چکا ہے۔ کمیونٹی رہنماؤں اور انسانی حقوق کے کارکنوں نے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مجرموں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ کیس کی سنگینی کے باوجود پولیس میڈیا کے سوالات کا جواب دینے سے کتراتی ہے اور اس کی لاپرواہی اور بے حسی پر تنقید کی جا رہی ہے۔ انسانی حقوق کے گروپوں نے خبردار کیا کہ حکومت کی بے عملی سے صرف حملہ آوروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور اقلیتوں میں احساس عدم تحفظ مزید گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ فردین کے اہل خانہ نے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ ان کا کہنا ہے یہ واقعہ اتر پردیش میں مسلمانوں کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی عکاسی کرتا ہے جہاں مذہبی منافرت کی وجہ سے اقلیتوں پر حملے بڑھ رہے

بقیہ جات 14

آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان کا حالیہ بارشوں سے ہونے والے نقصانات پر متاثرین سے اظہار ہمدردی، حکومت آزاد کشمیر سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، سردار عتیق احمد خان نے آزاد کشمیر میں حالیہ بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حالیہ بارشوں کے حوالے سے دھیر کوٹ مجاہد اول ہاؤس میں اپنے بیان میں سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ پاکستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر بھر بالخصوص باغ میں شدید بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث مکانات تباہ ہوئے، سڑکیں بند ہوئیں اور عوام کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس مشکل گھڑی میں حکومت آزاد کشمیر کی یہ اولین ذمہ داری ہے کہ وہ متاثرین کی فوری بحالی اور نقصانات کے ازالے کے لئے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر ریسکیو اور ریلیف آپریشن تیز کیا جائے، متاثرہ خاندانوں کو مالی امداد فراہم کی جائے اور بنیادی سہولیات بحال کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں۔ سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ قدرتی آفات کے موقع پر عوام کو تنہا چھوڑ دینا کسی طور درست نہیں، حکومت کو چاہیے کہ متاثرہ علاقوں میں خصوصی ٹیمیں روانہ کرے تاکہ عوام کی مشکلات کم ہو سکیں۔ سابق وزیراعظم نے مزید کہا کہ مسلم کانفرنس مشکل کی ہر گھڑی میں عوام کے ساتھ کھڑی ہے، ہماری جماعت کے کارکنان کو چاہیے کہ وہ متاثرہ خاندانوں کی مدد کے لئے میدان میں نکلیں۔ انہوں نے حکومت پاکستان سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ آزاد کشمیر کے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لئے خصوصی فنڈز جاری کرے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم کانفرنس متاثرہ عوام کے دکھ میں برابر کی شریک ہیں اور شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا گو ہیں۔ عوام توبہ استغفار کا ورد کریں تاکہ خدا تعالیٰ آفات سے محفوظ رکھیں

بقیہ جات 15

لرز کی منظوری دی تھی۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ صوبہ پنجاب میں 70 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، فنڈز کے استعمال سے 50 لاکھ بچوں کو فائدہ ہوگا۔ پاکستان میں ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجی بین حسین نے کہا تھا کہ یہ رقم لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم اور گریڈز کی بہتری کے لیے خرچ ہوگی، اس منصوبے سے 50 لاکھ بچے، 7 ہزار ہیڈ ماسٹرز اور ایک لاکھ 65 ہزار ٹیچرز براہ راست مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ پنجاب میں اسکولوں کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے یہ منصوبہ مددگار ثابت ہوگا، رقم پاکستان کو جلد فراہم کی جائے گی جس کے بعد منصوبے پر عمل درآمد کا آغاز کیا جائے گا۔

بقیہ جات 16

میں ہے جہاں بے روزگاری سب سے بلند شرح پر ہے اور ملازمت پیشہ افراد بھی روزگار کے عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ نوجوان غیر رسمی شعبے میں معمولی اجرتوں پر کام کرنے پر مجبور ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سروے سے پتہ چلتا ہے کہ مقبوضہ علاقے میں 77.3 فیصد دیہی اور 70 فیصد شہری غیر زرعی غیر رسمی شعبے سے منسلک ہیں جو بغیر کسی معاہدے، روزگار کے تحفظ یا سماجی تحفظ کے کام کرنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کم از کم 41.8 فیصد ریگولر اجرت حاصل کرنے والوں کے پاس ملازمت کا کوئی معاہدہ نہیں ہے، 42.1% تنخواہ کاٹے بغیر چھٹی نہیں لے سکتے جبکہ 44.1 فیصد کو پراویڈنٹ فنڈ یا ہیلتھ انشورنس جیسے سماجی تحفظ کے فوائد حاصل نہیں ہیں۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ بحران شدید بے روزگاری کی وجہ سے بڑھ گیا ہے۔ بھارت میں 15 سے 29 سال کی عمر کے نوجوانوں میں بے روزگاری کی مجموعی شرح 10.2 فیصد ہے جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں یہ شرح 17.4 فیصد ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہری علاقوں میں بے روزگاری کی شرح 32 فیصد تک پہنچ گئی جو کہ بھارت کے کسی بھی علاقے کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے جبکہ خواتین میں یہ شرح حیرت انگیز طور پر 53.6 فیصد ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں سے 46.3 فیصد سالہا سال کی تعلیم کے باوجود بے روزگار ہیں۔ کسی سرکاری وظیفے یا بے روزگاری الاؤنس کی عدم موجودگی کی وجہ سے مایوسی مزید بڑھ گئی ہے۔ سرینگر سے تعلق رکھنے والے 32 سالہ انجینئرنگ گریجویٹ محمد عامر نے بتایا کہ اس نے 2015 سے اب تک درجنوں ملازمتوں کے لیے درخواستیں دی ہیں، فیسوں پر ہزاروں روپے خرچ کیے لیکن روزگار

باہر آ جائیں گے۔ ایک متبادل حل کے طور پر ایک نمایاں اسرائیلی اپوزیشن شخصیت، بینی گانٹز نے ہفتے کو ایک معاہدے کو ممکن بنانے کے لیے چھ ماہ کے لیے یرغمالیوں کی رہائی کے لیے حکومت بنانے کی تجویز پیش کی۔ گانٹز، جو ایک سابق وزیر دفاع ہیں، نے 2024 میں کئی مسائل پر اختلافات کی وجہ سے نیتن یاہو کی حکومت چھوڑ دی تھی۔ بینی گانٹز نے ایک پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ اگر نیتن یاہو راضی نہیں ہوتے تو ہم جان لیں گے کہ ہم نے سب کچھ کر دیا ہے۔ مبصرین کے مطابق نیتن یاہو کے اس تجویز کو قبول کرنے کا امکان نہیں ہے کیونکہ وہ اپنی سیاسی بقا کے لیے سموٹریچ جیسے دائیں بازو کے شراکت داروں کی حمایت پر انحصار کر رہے ہیں۔ بینی گانٹز نے کہا ہے کہ قومی اتحادی حکومت کو ایک ایسے معاہدے تک پہنچ کر اپنا کام شروع کرنا چاہیے جو غزہ میں اب بھی قید تمام 50 یرغمالیوں کو واپس لے آئے۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ ان بچاس یرغمالیوں میں سے 20 زندہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کے بعد اگلے سال باہمی طور پر طے شدہ تاریخ پر نئے انتخابات کر لیے جائیں۔ اسی طرح یرغمالیوں کے رشتہ داروں نے بھی حکومت سے ایک معاہدہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے کیونکہ انہیں اپنے پیاروں کی قید میں زندگیوں کا خوف ہے۔

بقیہ جات 17

پور انداز میں خراج عقیدت پیش کیا جس پر میں دھیرکوٹ کی تمام یونین کونسل اور پورے ضلع باغ اور راولاکوٹ پونچھ ڈویژن سے بھاری اکثریت میں شرکت کرنے والی خواتین کی شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے شدید گرمی کے باوجود جلسہ میں شرکت کی۔ مسلم کانفرنس نے ہمیشہ خواتین کو جماعت میں جائز مقام دیا ہے۔ نیلہ بٹ کے جلسہ میں شرکت کرنے والی آزاد کشمیر بھر کی تمام خواتین شکر گزار ہیں جنہوں نے بھرپور انداز میں شرکت کر کے مجاہد اول سمیت 23 اگست 1947 کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ یوم نیلہ بٹ تحریک آزادی کا نقطہ آغاز ہے۔ مجاہد اول نے تحریک آزادی کا آغاز کیا اب ان شاء اللہ مسلم کانفرنس کارکنان سردار عتیق احمد خان کی قیادت میں مجاہد اول کے مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ یوم نیلہ بٹ ریاست کی تاریخ میں اہمیت کا حامل دن ہے اور یہ دن ریاست جموں و کشمیر کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ نیلہ بٹ سے جاری ہونے والی تحریک آزادی کو کشمیری عوام جاری رکھے ہوئے ہیں اور آزادی کے حصول تک کشمیری عوام اپنی جدوجہد جاری رکھیں

بقیہ جات 18

حملے میں وفاقی ریزرو پولیس کے 3 بہادر جوان جام شہادت نوش کر گئے۔ وزیر ریلوے نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمی اہلکاروں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی اور کہا کہ شہداء کی قربانی اور جرات ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ محمد حنیف عباسی نے فتنہ الہندوستان کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہ ہونے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ قوم دشمن کے ہر وار کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے۔ وزیر ریلوے نے مزید کہا کہ پاکستان کے شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور قوم، فوج اور پولیس مل کر دشمن کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف جہاد حق جاری رہے گا اور پاکستان ہر قسم کی سازشوں کے خلاف مستحکم اور متحد رہے

بقیہ جات 19

ی عوام کیلئے زندگی سے زیادہ آزادی مقدم ہے ظلم کی سیاہ رات ایسی نہیں جس کی سحر نہ ہو خون شہیداں ضرور رنگ لائے گا غلامی کی سیاہ رات چھٹے گی اور آزادی کا سورج طلوع ہوگا ہندوستان چاہے جو بھی کر لے کشمیریوں کو ان کا حق لینے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ آزادی کی تحریکوں میں مشکل وقت آتا ہے لیکن یہ اپنی منطقی انجام تک ضرور پہنچتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی سات سے زائد دہائیاں اس بات کے گواہ ہیں کہ کشمیری قوم لاکھوں شہادتوں کا نذرانہ دے کر بھی نہیں ہاری، معصوم بچوں کی شہادتیں بھی ان کے پایہ استقلال میں کمی نہیں کر سکیں، کشمیریوں کی چوتھی نسل اپنی جانیں دے رہی ہیں کشمیر کا ہر گھر شہید کا گھر ہے، جیلیں قید اور بھارت کا جدید اسلحہ نہتے کشمیریوں پر آزادانہ استعمال آئے روز جاری ہے لیکن کشمیری نہ ہندوستان کی طاقت کے آگے جھکے نہ ہی جھکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک متنازعہ سرزمین پر بھارت کا قبضہ اور مسلم اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی سازش انسانی حقوق پر ڈاکے اور کھلی جارحیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل استصواب رائے ہی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس، عالمی ریڈ کراس کمیٹی، ایشیاء واچ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل سمیت انسانی حقوق کی تمام مقامی اور بین الاقوامی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ نظر بند کشمیریوں کی رہائی اور تنازعہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرانے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال

بقیہ جات 20

ہے اور تفتیش جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری اور سخت قانونی کارروائی کا حکم دے دیا۔ حنا پرویز بٹ نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کی اور کہا کہ خواتین پر تشدد اور قتل جیسے جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ پنجاب کی ضمانت حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ملزمان کو نشان عبرت بنایا جائے

بقیہ جات 21

ہشت گرد قابض افواج کے اڈوں اور مورچوں کے پاس آزادانہ گھومتے پھرتے ہیں۔ یہ بھی بتایا گیا کہ غیر مقامی دہشت گردوں کو قابض افواج کے ٹریننگ ایریاز کے قریب دیکھا گیا ہے، لائن آف کنٹرول کے ساتھ جنگلات میں بھی خفیہ تربیتی مراکز میں غیر مقامی دہشت گردوں کی سرگرمیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق غیر مقامی دہشت گرد آپس میں پشتو اور دری زبانوں میں بات کرتے ہیں، قوی امکان ہے کہ یہ غیر ملکی کرائے کے قاتل ہیں، غیر ملکی دہشت گرد یا تو کشمیری مجاہدین کے خلاف استعمال ہونگے یا پاکستان مخالف فالس فلیگ کیے جائیں گے۔ پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں را کی پاکستان اور کشمیر دشمن حرکات و سکنات پر مبنی خصوصی انٹیلی جنس رپورٹ عالمی برادری کے ساتھ شیئر کر دی، عالمی برادری سے مشکوک کیمپس اور مشکوک غیر ملکیوں پر سوال اٹھانے کا مطالبہ کیا گیا۔ پاکستان نے عالمی برادری اور دوست ممالک کو مراسلہ بھیجا ہے کہ عالمی برادری را کے مذموم مقاصد پر نظر رکھے، پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں نے مقبوضہ کشمیر میں قائم خفیہ تربیتی کیمپوں پر خاص نظر رکھنا شروع کر دی۔ انٹیلی جنس ذرائع نے واضح کیا کہ مراسلے کا مقصد دنیا کو بھارت کی نئی سازش سے باخبر رکھنا ہے، بھارت کی جانب سے یہ کھیل کشمیری عوام کے حقوق دبانے اور خطے کے امن کو تباہ کرنے کے لیے کھیلا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 22

آف سٹاف نے کہا کہ غزہ پر مکمل قبضے کی طرف کوئی بھی قدم یرغمالیوں کی زندگیوں کو شدید خطرے میں ڈال دے گا۔ آپریشنل اور سکیورٹی وجوہات کی بنا پر اس مسئلے سے انتہائی احتیاط کے ساتھ نمٹنا ضروری ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں واضح کیا کہ فوج گزشتہ مہینوں میں زمینی اور سکیورٹی کے ایسے سازگار حالات پیدا کرنے میں کامیاب رہی ہے جو ایک ڈیل کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے سیاسی قیادت سے اس لمحے سے فائدہ اٹھانے اور اسے ضائع نہ کرنے کی اپیل کی۔ اسرائیلی وزیراعظم پر غزہ کی پٹی میں باقی ماندہ یرغمالیوں کی رہائی کو یقینی بنانے اور فوج کے غزہ شہر پر حملے سے پہلے جنگ بندی تک پہنچنے کے لیے دباؤ بڑھ رہا ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان بالواسطہ جنگ بندی مذاکرات کے کئی مہینے اب تک کوئی نتیجہ نہیں نکال سکے ہیں۔ نیتن یاہو کی حکومت کے دائیں بازو کے ارکان حماس کے ساتھ کسی بھی معاہدے تک پہنچنے کی سخت مخالفت کر رہے ہیں۔ دائیں بازو کے وزیر خزانہ سموٹریچ نے یرغمالیوں کے رشتہ داروں سے کہا ہے کہ اگر نیتن یاہو جنگ بندی پر راضی ہو جاتے ہیں تو وہ حکمران اتحاد سے

رپورٹ کے مطابق منصوبے کو چین کی مدد سے مکمل کیا جائے گا اور اس میں چائنا ریلوے کنسٹرکشن کارپوریشن بھی شامل ہوگی جب کہ منصوبے کے تحت ریلوے کے ڈبل ٹریک کو اپ گریڈ کیا جائے گا، نئے پلوں کی تعمیر ہوگی اور جدید سگنل سسٹم کا نظام بھی لگایا جائے گا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل یہ خبر بھی سامنے آئی تھی کہ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کراچی سے روہڑی تک ریلوے لائن کی اپ گریڈیشن کیلئے 2 ارب ڈالر کی فنانسنگ کا فیصلہ کیا

بقیہ جات 23

ڈی ایم اے کے مطابق مون سون بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 23 افراد جاں بحق جبکہ 28 زخمی ہوئے، 290 گھر مکمل تباہ ہوئے جبکہ 1668 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ رپورٹ کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ، ندی نالوں میں طغیانی کی وجہ سے 33 پلوں کو نقصان پہنچا، 232 کلومیٹر رابطہ سڑکیں لینڈ سلائیڈنگ اور نالوں میں طغیانی کے باعث متاثر ہوئیں، بارشوں کے دوران ندی نالوں میں طغیانی سے 79 رابطہ پل جبکہ 169 سکول بھی تباہ ہوئے۔ ایس ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ مون سون بارشوں کے دوران لینڈ سلائیڈنگ اور دیگر حادثات میں 235 مویشی ہلاک ہوئے، 17 پن چکیاں (گراٹ) کو بھی نالے بہا لے گئے۔ ایس ڈی ایم اے کے مطابق وادی نیلم سمیت مختلف علاقوں میں 15 گاڑیاں بھی نالوں میں بہہ گئیں۔ دوسری جانب آزاد جموں و کشمیر کے مختلف علاقوں میں موسم جزوی ابر آلود ہے، رات گئے سے جاری بارش کا سلسلہ تھم جانے کے بعد گرمی کی شدت اور حبس میں بھی کمی آنے سے موسم خوشگوار ہو گیا۔

بقیہ جات 24

17 زخمی ہو گئے۔ ایس پی آپریشنز اسد زبیر کے مطابق دوآبہ کے علاقے طورہ وڑی میں فیڈرل کانسٹیبلری قلعے پر حملہ کیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دہشت گردوں کے حملے میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 3 جوان شہید اور 17 زخمی ہوئے۔ ایس پی آپریشنز کا بتانا ہے کہ پولیس اور ایف سی کی بھرپور جوابی کارروائی میں دہشت گرد فرار ہو گئے۔ ایس پی اسد زبیر کا کہنا ہے کہ زخمی اہلکاروں کو دوآبہ اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ جات 25

خیر ایک بڑا اور معقول بہانا مل گیا ہے۔ موجودہ صورت حال میں مستقبل قریب میں کریم آباد انڈر پاس کے افتتاح کا معاملہ کھٹائی میں پڑتا دکھائی دیتا ہے۔ ترجمان سندھ حکومت کے مطابق برساتی پانی نکالنے کا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کر دیا گیا ہے اور ہر ممکن کوشش جاری ہے کہ کریم آباد انڈر پاس کو جلد از جلد تکمیل تک پہنچایا جائے، اب اس کام کی نگرانی یومیہ بنیادوں پر کی جائے گی۔ کریم آباد انڈر پاس پر اپریل 2023 میں ایک ارب 35 کروڑ روپے کی لاگت سے کام شروع ہوا تھا جو مسلسل تاخیر کی وجہ سے بڑھ کر 3 ارب 80 لاکھ روپے سے تجاوز کر گیا ہے۔ کام کی تکمیل کیلئے اپریل 2025 تک کی ڈیڈ لائن دی گئی تھی، بعد ازاں اگست میں افتتاح کا کہا گیا اور پھر حالیہ دنوں میں 30 ستمبر کو اسے ٹریفک کیلئے کھولے جانے کا اعلان سامنے آیا مگر تا حال اس کے ایک ٹریک کی کھدائی کا کام ہی مکمل نہیں ہوا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق کام کی سست روی اور اب پانی بھر جانے سے صورتحال مزید تاخیر کا شکار نظر آ رہی ہے، کام کی سست رفتاری کے حساب سے اندازہ لگائیں تو یہ کام اگلے سال کے 30 ستمبر تک ممکن ہو سکے گا۔ دکانداروں کے مطابق گزشتہ دو سال سے مینا بازار مارکیٹ اور اطراف کی مارکیٹوں میں کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ راستے اور پارکنگ نہ ہونے کی وجہ سے شہری خریداری کے لیے پہنچ ہی نہیں سکتے جبکہ انڈر پاس کی تعمیر کی وجہ سے 2 گیس اسٹیشن اور دیگر درجنوں مارکیٹیں اور دکانیں بند ہیں۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ ان کے لیے دکانوں کے کرائے اور بجلی کے بل پورا کرنا مشکل ہو گیا ہے اور کئی لوگ کام چھوڑ کر جا چکے

بقیہ جات 26

ان میں نئے سکول، کالجز اور یونیورسٹیز قائم کی جا رہی ہیں، موجودہ تعلیمی اداروں کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، تھر کول پراجیکٹ سندھ کی ترقی کے ضامن ہیں۔

بقیہ جات 27

بجائے سیاسی انتقام کا ہتھیار بنا لیا ہے۔ بی جے پی کی پالیسیاں بھارتی وفاق کو کمزور کر کے مرکز کو ریاستی حکومتوں پر مسلط کرنے کی سازش قرار دی گئی ہیں۔ بھارتی لوک سبھا میں بی جے پی نے آئین کی 130 ویں ترمیم کا بل پیش کیا، جس پر ایوان میں شدید ہنگامہ آرائی ہوئی۔ مودی سرکار نے آئین میں ترمیمی بل پیش کیا ہے، جس کے تحت وزرا 30 دن جیل میں رہنے پر عہدے سے خودکار برطرف ہوں گے۔ بی جے پی کے مطابق ترمیمی بل احتساب اور عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے انسداد کرپشن مہم کا حصہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق اپوزیشن نے ترمیمی بل کو جمہوری اقدار کے خلاف اور سیاسی انتقام کا حربہ قرار دے دیا ہے۔ اپوزیشن کا دعویٰ ہے کہ یہ بل بے گناہی کا اصول پامال کر کے اپوزیشن حکومتیں گرانے کا ہتھیار بنے گا۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ منیش تیواری نے کہا ہے کہ جرم ثابت ہوئے بغیر سزا دینے کے لیے ترمیم شدہ بل بے گناہی کے اصول کے خلاف ہے۔ اسی طرح رکن پارلیمنٹ اسد الدین اویسی کا کہنا ہے کہ ترمیمی قانون کو ریاستی حکومتیں گرانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی تجزیہ کار عاصم علی کے مطابق یہ بل وفاقی نظام کی بنیادوں کو کھوکھلا کر کے مرکز کو ریاستوں پر ناجائز اختیارات دے دیتا ہے۔ حزب اختلاف کا کہنا ہے کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے مخالفین کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ بی جے پی 2014 سے 95 فیصد ای ڈی اور سی بی آئی کیسز اپوزیشن رہنماؤں پر بنا چکی ہے۔ پارلیمنٹ کے موجودہ اراکین میں سے 46 فیصد کے خلاف فوجداری مقدمات درج ہیں۔ کیجریوال، منیش سسودیا اور ہیمانت سورین انتخابات سے قبل گرفتار جب کہ 12 وزرا طویل عرصہ جیلوں میں رہے ہیں۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ آئینی ترمیم کے لیے پارلیمنٹ میں دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے، جو اس وقت بی جے پی کے پاس نہیں ہے۔ بل کو کرپشن کا نام دے کر حزب اختلاف کی مخالفت کو بی جے پی اپنے انتخابی بیانیے میں استعمال کر سکتی ہے۔ سیاسی تجزیہ کار رشید قدوائی کے مطابق بی جے پی بل کو شہری اور مڈل کلاس ووٹروں کو متاثر کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ ٹرمپ کی 50 فیصد ٹیرف پالیسی، 8 کروڑ ووٹر فہرست تنازع کے بعد یہ بل عوام کی توجہ ہٹانے کی سازش ہے۔ ترمیمی بل غیر منصفانہ ہے، جسے بی جے پی بہار انتخابات میں استعمال کرنے کی سازش میں مصروف ہے۔ مودی سرکار عوامی مینڈیٹ کی پامالی سے بھارت کو پولیس اسٹیٹ میں بدل دیا ہے۔ عوامی فلاح میں ناکام مودی سرکار اپنی نااہلیوں کو چھپانے کے لیے قوانین اور اداروں کو بطور ہتھیار استعمال کر رہی

بقیہ جات 28

ین چلانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حنیف عباسی نے بتایا کہ 1215 کلومیٹر طویل ہائی اسپیڈ ریل لائن سی پیک منصوبے کے تحت 6.8 ارب ڈالر کی لاگت سے اپ گریڈ ہونے والی کراچی سے پشاور مین لائن ون (ML-1) کا حصہ ہوگی۔ کراچی سے لاہور کے درمیان چلنے والی یہ ٹرین 250 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرے گی جب کہ حیدرآباد، ملتان اور ساہیوال میں اس ٹرین کے اسٹاپ ہوں گے۔

بقیہ جات 29

وائیوں کے دوران وائلڈ لائف رینجرز نے بٹیر اور دیگر جنگلی پرندوں کی غیر قانونی ہنٹنگ میں مصروف 25 ملزمان کو وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالان کیا اور 27 بٹیر کے ہنٹنگ گیئرز قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کی۔ اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر بہاولپور طارق عباس کھوسہ نے 4 ناجائز بٹیر کے ہنٹنگ گیئرز قبضے میں لیے اور فاختہ کے 3 غیر قانونی شکاریوں پر ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا۔ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر مظفر گڑھ اور راجن پور نے 16 ہنٹنگ گیئرز برآمد کیے اور ایک فینسی برڈ ڈیلر پر 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کر کے پرندے قدرتی ماحول میں آزاد کیے۔ اسی طرح ملتان، خانیوال اور وہاڑی میں 7 ہنٹنگ گیئرز برآمد کیے گئے جبکہ ملتان میں طوطوں کے ناجائز قبضہ پر ایک ملزم کو 10 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ فیصل آباد میں بھی 3 غیر قانونی نیٹرز گرفتار اور 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ یہ کارروائیاں صوبے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور غیر قانونی شکار کے خاتمے کے لیے جاری

بقیہ جات 30

کی زد میں آ کر ایک شہری شہید اور 5 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے، زخمیوں کو فوری طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کیا گیا۔ شہید شہری یار محمد کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹر دیر بالا میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی جہاں پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی۔

بقیہ جات 31

کے لواحقین کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں، پیر علی حیدر شاہ نے دعا کے دوران پاکستان کی حفاظت اور عوام کی خوشحالی کیلئے بھی دعائیں کیں۔ منیجر اوقاف قصور کے مطابق دعا میں سیلاب زدگان اور فلسطینی بہن بھائیوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے آسانی کی استدعا کی گئی، تاکہ وہ بھی اپنے حالات میں بہتری محسوس کر سکیں۔ اختتامی تقریب میں سیکڑوں عقیدت مندوں نے شرکت کی، جنہوں نے حضرت بابا بلھے شاہؒ کی تعلیمات اور ان کی درگاہ پر عقیدت کے پھول نچھاور کیے، اس موقع پر قصور کے تمام مکاتب فکر کے لوگ ایک جگہ جمع ہوئے اور ملک کیلئے امن و سکون کی دعا

بقیہ جات 32

کہ ملک کے مفاد میں کسی بھی معاہدے یا فیصلے کو اپنانے میں ہچکچاہٹ نہیں ہوگی۔ شامی صدر نے مزید وضاحت کی کہ زیر بحث معاہدہ 1974 میں طے شدہ شامی اور اسرائیلی افواج کے درمیان جولان کی مقبوضہ شامی پہاڑیوں پر کنٹرول لائن کی واپسی پر مبنی ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے مشرق وسطیٰ کے ممالک کے درمیان معاشی انضمام کی اہمیت پر بھی زور دیا اور کہا کہ وہ کسی ایسے فیصلے یا معاہدے کو قبول کرنے میں ہچکچاہٹ نہیں کریں گے جو شام اور خطے کے مفاد میں ہو۔ یہ بات مقامی میڈیا نے بتائی۔ لبنان کے بارے میں بات کرتے ہوئے شامی صدر نے کہا کہ ایسے لوگ موجود ہیں جو حزب اللہ کے ساتھ حساب چکانے کے لیے نئے شام کا سہارا لینا چاہتے ہیں، تاہم نئی قیادت اس سے دور ہے۔ الشرع کا کہنا تھا میں لبنانی - شامی تعلقات کی نئی تاریخ رقم کرنے اور ماضی کی وراثت سے یادداشت کو آزاد کرنے کا خواہاں ہوں۔ کچھ ہمیں دہشت گرد اور وجودی خطرہ بنا کر پیش کرتے ہیں، اور کچھ نئے شام کو حزب اللہ کے خلاف حساب چکانے کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں، لیکن ہم نہ یہ ہیں اور نہ وہ۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ، سابق صدر بشار الاسد کے بڑے حامیوں میں شامل رہی اور برسوں تک خانہ جنگی میں شامی حکومت اور اس کی اتحادی ملیشیاں کے شانہ بشانہ لڑتی

بقیہ جات 33

خان، کمشنر ملتان عامر کریم خان، سینئر ایڈوائزر نسیم نواز، عارف انور بلوچ، ناصر جمال پاشا، سیکرٹری محتسب پنجاب قیصر سلیم، ڈپٹی کمشنر ملتان اور جنوبی پنجاب کے دیگر ایڈوائزرز بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب نے نئے دفتر کے افتتاح پر دعا کرواتے ہوئے اسے عوامی سروس ڈیلیوری میں سنگ میل قرار دیا۔ صوبائی محتسب نے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ عوامی خدمت پروگرام کے تحت ایک موبائل وین آؤٹ ریچ مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جو جدید سہولیات سے آراستہ ہے۔ اس سروس کے ذریعے جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع کے دور افتادہ علاقوں میں عوامی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے گا، جبکہ ہیلپ لائن 1050 اور آگاہی مہم بھی پروگرام کا حصہ ہوں گے۔ کمشنر ملتان ڈویژن کے استفسار پر صوبائی محتسب نے بتایا کہ میڈیا آؤٹ ریچ ونگ اردو، سرائیکی اور پنجابی میں عوامی آگاہی مہم چلائے گا، بروقت رسپانس کو یقینی بنائے گا اور عوامی آراء کو ریکارڈ کر کے ان کا تجزیہ کرے گا۔ مقامی میڈیا اور اسٹیک ہولڈرز سے تعاون کے ساتھ آئندہ مزید اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ عوام کو صوبائی محکموں میں بد انتظامی کے خلاف فوری اور مؤثر انصاف فراہم کیا جا

بقیہ جات 34

ساہیوال کامران انجم، کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود بھی ہمراہ تھے۔ کمانڈنٹ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج شوکت فیروز نے تربیتی مراحل، جاری کورسز اور اسیران کی اصلاح کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ سیکرٹری داخلہ نے ویپن ہینڈلنگ، جیل لاز، آئی ٹی اور سائیکالوجی کی کلاسز کا جائزہ لیا، ساتھ ہی جسمانی تربیت، کھیل اور خصوصی پریڈ کا معائنہ بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی کورسز کے دوران اسیران میں نظم و ضبط اور حقوق کے بارے میں آگاہی فراہم کی جاتی ہے اور جیلوں میں اصلاح اور معاشرتی ذمہ داری کی تربیت دی جاتی ہے۔ سیکرٹری داخلہ نے پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کو محکمہ داخلہ کے دیگر ذیلی اداروں تک دائرہ کار بڑھانے کے منصوبے کا بھی ذکر کیا، تاکہ پروبیشن اینڈ پیرول اور سول ڈیفنس افسران بھی کالج سے تربیت حاصل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تربیتی کالج کو محکمہ داخلہ کے زیر انتظام جدید تحقیقی ادارہ بنایا جائے گا اور وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری کے بعد کالج کا نام تبدیل کیا جائے گا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں جیل اصلاحات کے جامع منصوبے پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے، اسیران کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ انہیں ہنر مند بنا کر معاشی طور پر خود کفیل بنایا جا رہا ہے۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو سراہا اور کہا کہ تربیت افسران و عملے کو پیشہ وارانہ فرائض کی بہتر ادائیگی میں مدد فراہم کرے گی۔

بقیہ جات 35

ہے جبکہ پانچ مرلہ گھر کے واٹر چارجز 192 روپے ماہانہ ہیں۔ سی ڈی اے کے مطابق سی ڈی اے کی آمدن 40 لاکھ، اخراجات 4 ارب روپے سالانہ ہے، آئندہ واٹر سیوریج بلز ماہانہ بنیادوں پر وصول کرنے کی تجویز ہے، واٹر سیوریج چارجز میں آخری مرتبہ اضافہ 18-2017 میں ہوا تھا، 5 مرلہ گھر سے کم از کم 500 روپے واٹر سیوریج بل وصول کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ پانی اور سیوریج چارجز میں ترمیم پر عوامی سماعت 3 ستمبر کو ہوگی، کنونشن سینٹر اسلام آباد میں عوامی سماعت صبح 10 سے 2 بجے تک جاری رہے گی، شہریوں کو عوامی سماعت میں شرکت کی دعوت، رائے اور تجاویز پیش کر سکیں گے، سی ڈی اے واٹر ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے عوامی نوٹس جاری کر دیا

بقیہ جات 36

ہونے والی نئی میرٹ لسٹیں بھی پورٹل پر دستیاب ہوں گی تاکہ طلبہ داخلے کے عمل کی شفافیت اور آسانی سے نگرانی کر سکیں۔ یہ اقدام صوبے میں داخلہ عمل کو منظم اور شفاف بنانے کے لیے اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے، جس سے طلبہ اور والدین دونوں کو بروقت معلومات تک رسائی حاصل

بقیہ جات 37

، سبزہ زار، شفیق آباد، چوہنگ، نشتر کالونی اور ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں ہوئے۔

بقیہ جات 38

ں نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کہہ چکے کہ گرینڈ ڈائیلاگ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں موجود ہے، اسپیکر قومی اسمبلی یہ بھی کہہ چکے کہ بات چیت کے لیے ان کا آفس بھی کھلا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گرینڈ ڈائیلاگ اگر پی ٹی آئی کرنا چاہتی ہے تو اسپیکر کی آفر قبول کرے، ضمنی الیکشن میں جو بھی عوام کا فیصلہ ہوگا ہم قبول کریں گے۔

بقیہ جات 39

کی کا تناسب 95 فیصد اور ہوا کی رفتار 13 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے دن بھر وقفے وقفے سے بارش کی پیشگوئی کی ہے اور بتایا کہ مون سون بارشوں کا سلسلہ 28 اگست تک جاری رہنے کا امکان ہے، جس سے شہریوں کو موسم کی خوشگواری کے ساتھ ساتھ ہلکی بارشوں کا بھی لطف مل سکے

بقیہ جات 40

عبدالباسط صدیقی نے ڈپٹی کمشنر کو علاقے کی صورتحال اور جاری انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے وحدت روڈ، شادمان اور ملحقہ علاقوں کا بھی معائنہ کیا اور ایل ڈبلیو ایم سی کو صفائی کے انتظامات بہتر بنانے کی ہدایت دی۔ علاوہ ازیں، واسا حکام کو فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کو ہر صورت فعال رکھنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ انہوں نے ایم سی ایل ریگولیشن ونگ کو تجاوزات کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا حکم دیا اور کہا کہ لاہور کو صاف ستھرا رکھنے کے مشن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل قرار دیا اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ جات 41

آف سٹڈیز نرسنگ کا نام تبدیل کر کے بورڈ آف سٹڈیز نرسنگ اینڈ مڈوائفری رکھنے کی بھی منظوری دی۔ اسی طرح کالج آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز نیازی میڈیکل کالج سرگودھا اور سکول آف الائیڈ ہیلتھ سی ایم ایچ میڈیکل کالج لاہور کے الحاق کی توسیع کی منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ، لیول ٹو پروگرامز اور ایم سی پی ایس پروگرامز کے حوالے سے پنجاب حکومت کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ امتحانات میں الیکٹرانک آلات کے استعمال اور سائبر بیسڈ نقل کی روک تھام کیلئے نئے قواعد و ضوابط کی بھی منظوری دی گئی۔ مزید برآں، پنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن کے بعد آئی پی ایچ، کالج آف نرسنگ علامہ اقبال میڈیکل کالج اور سکول آف نرسنگ اینڈ مڈوائفری لاہور کو باقاعدہ طور پر یو ایچ ایس کے کانسٹیٹیوئنٹ کالجز قرار دینے کے فیصلے کی توثیق کی گئی۔ اجلاس میں وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر طیبہ وسیم، ڈاکٹر زاہد پرویز، پروفیسر سدرہ سلیم، پروفیسر ثمینہ کوثر، پروفیسر مریم ملک اور رجسٹرار کرن فاطمہ نے شرکت کی۔ پروفیسر ارشد چیمہ، پروفیسر صوفیہ فرخ اور محکمہ خزانہ و سپیشلائزڈ ہیلتھ کے ایڈیشنل سیکرٹریز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ جات 42

سپروائزر ڈاکٹر اسماء کاشف کامسیٹ یونیورسٹی اسلام آباد اور سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان تھیں سکالر مس رقیہ نے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سبالٹرن اصطلاح سے مراد پسماندہ گروہ ہیں جو غالب طاقت کے ڈھانچے اور بیانیے سے خارج ہیں جنوبی ایشیائی ادب کے تناظر میں، سبالٹرن بیانیے مطالعہ کے ایک اہم شعبے کے طور پر ابھرا ہے، جو ان کمیونٹیز کی زندگیوں اور تجربات کے بارے میں بصیرت پیش کرتا ہے جنہیں تاریخی طور پر خاموش یا غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے اس مقالے میں سبالٹرن بیانیے شامل ہیں جن میں مصنفین پسماندہ آوازوں کی نمائندگی کرتے ہیں، جنوبی ایشیائی ادب میں سبالٹرن بیانیہ کی نمائندگی کرنے والے مصنفین پسماندہ برادریوں کو آواز دینے کے لیے مختلف حکمت عملی اپناتے ہیں جنوبی ایشیائی ادب میں داستانیں پسماندہ برادریوں اور ان کے تجربات کے بارے میں ایک پیچیدہ اور باریک بینی سے آگاہی فراہم کرتی ہیں سبالٹرن آوازوں کی نمائندگی کے ذریعے، مصنفین غالب داستانوں کو چیلنج کرتے ہیں اور تاریخی اور سماجی واقعات کی متبادل تفہیم پیش کرتے ہیں۔ ان طریقوں کا جائزہ لے کر جن میں مصنفین پسماندہ کمیونٹیز کی نمائندگی کرتے ہیں، ہم اس میں شامل پیچیدگیوں اور ان حکمت عملیوں کے بارے میں گہری سمجھ حاصل کر سکتے ہیں جو مصنفین ان کو نیویگیٹ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ آخر میں چیئرپرسن شعبہ انگلش ڈاکٹر منزہ ربانی نے کامیاب مجلسی دفاع پر ڈاکٹر رقیہ کو مبارکباد دی تقریب میں دیگر فیکلٹی ممبران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ جات 43

پروین اور مسرت یاسمین کی ریگولرائزیشن درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔ 04 سب انسپکٹرز عاطف مجید، وسیم احمد، کلیم اللہ اور بدر ظہیر کی پروموشن کی درخواستوں پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کئے۔

بقیہ جات 44

ڈینگی کے تدارک کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ فیلڈ افسران کو بھی متحرک رہنا ہوگا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ، رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب، رکن قومی اسمبلی دانیال چوہدری، ملک ابرار، ممبران صوبائی اسمبلی، اسسٹنٹ کمشنرز، ہیلتھ حکام اور دیگر متعلقہ محکمہ جات کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر راولپنڈی ڈاکٹر سجاد احمد نے اجلاس کو بریفنگ دی اور متعلقہ محکمہ جات کی کارکردگی پیش کی۔ اجلاس میں ناقص کارکردگی کے حامل افسران کے خلاف کارروائی کیلئے متعلقہ محکمہ جات کے سیکرٹریز کو مراسلہ لکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈینگی کے خلاف کام کرنے والے محض ڈیوٹی نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں، جو جہاد سے کم نہیں۔ رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب نے اس موقع پر کہا کہ انسداد ڈینگی کیلئے عوامی تعاون سب سے زیادہ اہم ہے۔ شہری اپنے گھروں اور اردگرد کے علاقوں کو صاف رکھیں تاکہ ڈینگی لاروا کے خاتمے کو یقینی بنایا جا سکے۔ حکومت اور عوام کے باہمی تعاون سے ڈینگی کو شکست دی جائے گی۔

بقیہ جات 45

میں ہے جہاں بے روزگاری سب سے بلند شرح پر ہے اور ملازمت پیشہ افراد بھی روزگار کے عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ نوجوان غیر رسمی شعبے میں معمولی اجرتوں پر کام کرنے پر مجبور ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سروے سے پتہ چلتا ہے کہ مقبوضہ علاقے میں 77.3 فیصد دیہی اور 70 فیصد شہری غیر زرعی غیر رسمی شعبے سے منسلک ہیں جو بغیر کسی معاہدے، روزگار کے تحفظ یا سماجی تحفظ کے کام کرنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کم از کم 41.8 فیصد ریگولر اجرت حاصل کرنے والوں کے پاس ملازمت کا کوئی معاہدہ نہیں ہے، 42.1% تنخواہ کاٹے بغیر چھٹی نہیں لے سکتے جبکہ 44.1 فیصد کو پراویڈنٹ فنڈ یا ہیلتھ انشورنس جیسے سماجی تحفظ کے فوائد حاصل نہیں ہیں۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ بحران شدید بے روزگاری کی وجہ سے بڑھ گیا ہے۔ بھارت میں 15 سے 29 سال کی عمر کے نوجوانوں میں بے روزگاری کی مجموعی شرح 10.2 فیصد ہے جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں یہ شرح 17.4 فیصد ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہری علاقوں میں بے روزگاری کی شرح 32 فیصد تک پہنچ گئی

جو کہ بھارت کے کسی بھی علاقے کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے جبکہ خواتین میں یہ شرح حیرت انگیز طور پر 53.6 فیصد ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں سے 46.3 فیصد سالہا سال کی تعلیم کے باوجود بے روزگار ہیں۔ کسی سرکاری وظیفے یا بے روزگاری الاؤنس کی عدم موجودگی کی وجہ سے مایوسی مزید بڑھ گئی ہے۔ سرینگر سے تعلق رکھنے والے 32 سالہ انجینئرنگ گریجویٹ محمد عامر نے بتایا کہ اس نے 2015 سے اب تک درجنوں ملازمتوں کے لیے درخواستیں دی ہیں، فیسوں پر ہزاروں روپے خرچ کیے لیکن روزگار نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ اس عمر میں اپنے والدین سے جیب خرچ مانگنا ذلت آمیز محسوس ہوتا ہے۔ جب میں نے گریجویشن کی تو میں نے خواب دیکھے تھے لیکن اب یہ میری بقاء کا مسئلہ ہے۔ 12 سال سے بے روزگاری کا شکار شوپیاں کے ایک پوسٹ گریجویٹ ارشاد احمد بٹ نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہر کوئی سرکاری ملازمت کی توقع نہیں رکھتا، لیکن کم از کم ہم کچھ مدد کے مستحق ہیں، یہاں تک کہ ایک معمولی وظیفہ بھی کتابیں خریدنے یا درخواست کی فیس ادا کرنے میں ہماری مدد کرے گا۔ حالیہ مہینوں میں پی ایچ ڈی ہولڈرز سمیت اعلیٰ تعلیم یافتہ کشمیریوں کی ویڈیوز جو سڑک کنارے ریڑی لگانے پر مجبور ہیں، سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں جس نے غم و غصے کو جنم دیا اور بحران کی گہرائی کو اجاگر کیا۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق اس وقت 370,811 بے روزگار نوجوان حکومت کے پاس رجسٹرڈ ہیں جن میں سے 213,007 وادی کشمیر میں اور 157,804 جموں خطے میں ہیں۔ اس کے باوجود بھرتی کا عمل بہت سست روی کا شکار ہے اور نجی شعبہ بڑھتی ہوئی افرادی قوت کو جذب کرنے سے قاصر

بقیہ جات 46

میں ہے جہاں بے روزگاری سب سے بلند شرح پر ہے اور ملازمت پیشہ افراد بھی روزگار کے عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ نوجوان غیر رسمی شعبے میں معمولی اجرتوں پر کام کرنے پر مجبور ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سروے سے پتہ چلتا ہے کہ مقبوضہ علاقے میں 77.3 فیصد دیہی اور 70 فیصد شہری غیر زرعی غیر رسمی شعبے سے منسلک ہیں جو بغیر کسی معاہدے، روزگار کے تحفظ یا سماجی تحفظ کے کام کرنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق کم از کم 41.8 فیصد ریگولر اجرت حاصل کرنے والوں کے پاس ملازمت کا کوئی معاہدہ نہیں ہے، 42.1% تنخواہ کاٹے بغیر چھٹی نہیں لے سکتے جبکہ 44.1 فیصد کو پراویڈنٹ فنڈ یا ہیلتھ انشورنس جیسے سماجی تحفظ کے فوائد حاصل نہیں ہیں۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ بحران شدید بے روزگاری کی وجہ سے بڑھ گیا ہے۔ بھارت میں 15 سے 29 سال کی عمر کے نوجوانوں میں بے روزگاری کی مجموعی شرح 10.2 فیصد ہے جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں یہ شرح 17.4 فیصد ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے شہری علاقوں میں بے روزگاری کی شرح 32 فیصد تک پہنچ گئی جو کہ بھارت کے کسی بھی علاقے کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے جبکہ خواتین میں یہ شرح حیرت انگیز طور پر 53.6 فیصد ہے۔ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں سے 46.3 فیصد سالہا سال کی تعلیم کے باوجود بے روزگار ہیں۔ کسی سرکاری وظیفے یا بے روزگاری الاؤنس کی عدم موجودگی کی وجہ سے مایوسی مزید بڑھ گئی ہے۔ سرینگر سے تعلق رکھنے والے 32 سالہ انجینئرنگ گریجویٹ محمد عامر نے بتایا کہ اس نے 2015 سے اب تک درجنوں ملازمتوں کے لیے درخواستیں دی ہیں، فیسوں پر ہزاروں روپے خرچ کیے لیکن روزگار نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ اس عمر میں اپنے والدین سے جیب خرچ مانگنا ذلت آمیز محسوس ہوتا ہے۔ جب میں نے گریجویشن کی تو میں نے خواب دیکھے تھے لیکن اب یہ میری بقاء کا مسئلہ ہے۔ 12 سال سے بے روزگاری کا شکار شوپیاں کے ایک پوسٹ گریجویٹ ارشاد احمد بٹ نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہر کوئی سرکاری ملازمت کی توقع نہیں رکھتا، لیکن کم از کم ہم کچھ مدد کے مستحق ہیں، یہاں تک کہ ایک معمولی وظیفہ بھی کتابیں خریدنے یا درخواست کی فیس ادا کرنے میں ہماری مدد کرے گا۔ حالیہ مہینوں میں پی ایچ ڈی ہولڈرز سمیت اعلیٰ تعلیم یافتہ کشمیریوں کی ویڈیوز جو سڑک کنارے ریڑی لگانے پر مجبور ہیں، سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں جس نے غم و غصے کو جنم دیا اور بحران کی گہرائی کو اجاگر کیا۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق اس وقت 370,811 بے روزگار نوجوان حکومت کے پاس رجسٹرڈ ہیں جن میں سے 213,007 وادی کشمیر میں اور 157,804 جموں خطے میں ہیں۔ اس کے باوجود بھرتی کا عمل بہت سست روی کا شکار ہے اور نجی شعبہ بڑھتی ہوئی افرادی قوت کو جذب کرنے سے قاصر

بقیہ جات 47

بجائے سیاسی انتقام کا ہتھیار بنا لیا ہے۔ بی جے پی کی پالیسیاں بھارتی وفاق کو کمزور کر کے مرکز کو ریاستی حکومتوں پر مسلط کرنے کی سازش قرار دی گئی ہیں۔ بھارتی لوک سبھا میں بی جے پی نے آئین کی 130 ویں ترمیم کا بل پیش کیا، جس پر ایوان میں شدید ہنگامہ آرائی ہوئی۔ مودی سرکار نے آئین میں ترمیمی بل پیش کیا ہے، جس کے تحت وزرا 30 دن جیل میں رہنے پر عہدے سے خودکار برطرف ہوں گے۔ بی جے پی کے مطابق ترمیمی بل احتساب اور عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے انسداد کرپشن مہم کا حصہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق اپوزیشن نے ترمیمی بل کو جمہوری اقدار کے خلاف اور سیاسی انتقام کا حربہ قرار دے دیا ہے۔ اپوزیشن کا دعویٰ ہے کہ یہ بل بے گناہی کا اصول پامال کر کے اپوزیشن حکومتیں گرانے کا ہتھیار بنے گا۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ منیش تیواری نے کہا ہے کہ جرم ثابت ہوئے بغیر سزا دینے کے لیے ترمیم شدہ بل بے گناہی کے اصول کے خلاف ہے۔ اسی طرح رکن پارلیمنٹ اسد الدین اویسی کا کہنا ہے کہ ترمیمی قانون کو ریاستی حکومتیں گرانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی تجزیہ کار عاصم علی کے مطابق یہ بل وفاقی نظام کی بنیادوں کو کھوکھلا کر کے مرکز کو ریاستوں پر ناجائز اختیارات دے دیتا ہے۔ حزب اختلاف کا کہنا ہے کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے مخالفین کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 7 ایم ایل

متوفی شیر محمد ولد غلام حسین

وارثان غلام حسین والد، ست بھرائی والدہ، مکانی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ

محمد اسلم پسر، رسولاں بی بی دختر متوفی بعد میں فوت شدہ

زندہ سرفراز احمد پسر، زبیدہ بی بی دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب
نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 7 ایم ایل

متوفی غلام حسین ولد سراج دین

وارثان والدین، ست بھرائی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ

زندہ شیر محمد پسر متوفی بعد میں فوت شدہ۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

پی ٹی آئی ٹارگٹ نہیں، ٹارگٹ وہ لوگ ہیں جنہوں نے قانون توڑا ہے: طلال چوہدری

پی ٹی آئی کو بھی کہا ہے کہ ان لوگوں سے لاتعلقی کریں جنہوں نے قانون توڑا ہے، وزیر مملکت، انٹرویو

پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے گرفتاریاں کی ہیں، علیمہ خان کا بیٹا حسان نیازی کے ساتھ موجود تھا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) ٹارگٹ نہیں، ٹارگٹ وہ لوگ ہیں جنہوں نے قانون توڑا ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو بھی کہا ہے کہ ان لوگوں سے لاتعلقی کریں، جنہوں نے قانون توڑا ہے۔ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے گرفتاریاں کی ہیں، علیمہ خان کا بیٹا حسان نیازی کے ساتھ موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کہہ چکے ہیں کہ گرینڈ ڈائیلاگ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں موجود ہے، اسپیکر قومی اسمبلی یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ بات چیت کے لیے ان کا آفس بھی کھلا ہے۔ (بقیہ نمبر 38)

امتحانات کے انعقاد، سرکاری میڈیکل کالجز کے سربراہان کو ریجنل ڈائریکٹر مقرر کرنے کا فیصلہ

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پوسٹ گریجویٹ ڈپلوماز، لیول ٹو پروگرامز اور ایم سی پی ایس پروگرامز کے حوالے سے پنجاب حکومت کی پالیسی اپنائی جائے گی

وائس چانسلر پروفیسر خالد مسعود گوندل، پروفیسر طیبہ وسیم، ڈاکٹر زاہد پرویز، پروفیسر سدرہ سلیم، پروفیسر ثمینہ کوثر، پروفیسر مریم ملک اور رجسٹرار کرن فاطمہ کی شرکت

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) کے سنڈیکیٹ کا 91 واں اجلاس گزشتہ روز وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں پرنسپل سمز پروفیسر زہرا خانم کو بورڈ آف اسٹڈیز میڈیسن کی نئی سربراہ نامزد کر دیا گیا۔ یہ عہدہ پروفیسر محمد الفرید ظفر کی ریٹائرمنٹ کے بعد خالی ہوا تھا۔ مزید برآں امتحانات کے شفاف انعقاد کیلئے سرکاری میڈیکل کالجز کے پرنسپلز کو یونیورسٹی کا ریجنل ڈائریکٹر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جو اپنے اضلاع میں امتحانات کے ذمہ دار ہوں گے۔ انہیں اضافی ذمہ داری کے بدلے یو ایچ ایس کی جانب سے اعزازیہ بھی دیا جائے گا۔ سنڈیکیٹ نے بورڈ (بقیہ نمبر 41)

وی سی پروفیسر احسن وحید راٹھور یو ایچ ایس سنڈیکیٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں جبکہ اس موقع پر وی سی خالد مسعود گوندل، سابق ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر زاہد پرویز بھی موجود ہیں

لاہور ہائیکورٹ: پاسپورٹ کنٹرول لسٹ کیس میں رپورٹ طلب

ڈی جی نیب لاہور اور ڈائریکٹر پاسپورٹ سے آئندہ سماعت پر تفصیلی جواب طلب

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے شہری محمد طیب اور دیگر کے پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) میں نام شامل کرنے کے کیس میں ڈی جی نیب لاہور اور ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ سے آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ جسٹس علی ضیاء باجوہ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے درخواست گزاروں کی سماعت کی، جس میں ڈائریکٹر نیب محسن مجید عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار محمد طیب، نصیر احمد اور محمد جمشید بٹ نے اپنے وکیل بیرسٹر حمزہ شہرام چوہدری کے ذریعے مؤقف اپنایا کہ وہ پاسپورٹ رولز کے رول نمبر 22 اے اور بی کیٹیگری میں نہیں آتے اور نیب نے وفاقی حکومت کی اجازت کے بغیر ان کے نام پی سی ایل میں ڈال دیے جو غیر قانونی ہے۔ جسٹس علی ضیاء باجوہ نے استفسار کیا۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب ڈپٹی کمشنر دفتر راولپنڈی میں انسداد ڈینگی مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈینگی پر قابو پانے کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا: خواجہ سلمان رفیق

ڈینگی کے خلاف کام کرنے والے یہ محض ڈیوٹی نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں، جو جہاد سے کم نہیں

شہری اپنے گھروں اور اردگرد کے علاقوں کو صاف رکھیں تاکہ ڈینگی لاروا کے خاتمے کو یقینی بنایا جا سکے، صوبائی وزیر

[illegible] (بقیہ نمبر 44)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، شہید کانسٹیبل حیدر علی حسین کے والد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔ ہیڈ کانسٹیبل مدثر فاروق کی ٹرانسفر کی درخواست پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو ریلیف کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ خالد محمود کی ٹرانسفر کینسلیشن کی درخواست پر اے آئی جی ایڈمن اینڈ سکیورٹی کو ریلیف کی ہدایت کی۔ 03 سائکالوجسٹس ڈاکٹر مجہ فاطمہ، نازیہ (بقیہ نمبر 43)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کے دوران ریلیف بارے احکامات جاری کر رہے ہیں

کراچی، انڈر پاس میں ٹریفک حادثہ، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، بس ڈرائیور گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں ڈرگ روڈ کے انڈر پاس کے اندر ٹریفک حادثے کے نتیجے میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ بس ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا۔ ریسکیو کے حکام کے مطابق حادثے میں ایک خاتون بھی زخمی ہوئیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو کے حکام نے بتایا کہ حادثہ نامعلوم گاڑی اور موٹر سائیکلوں کی ٹکر کے باعث پیش آیا۔

پنجاب حکومت نے طلبہ کیلئے لیپ ٹاپ اسکیم کا دوسرا مرحلہ شروع کر دیا

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے طلبہ کے لیے لیپ ٹاپ اسکیم کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن نے لیپ ٹاپ تقسیم کا شیڈول تیار کر لیا ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب ستمبر کے پہلے یا دوسرے ہفتے سے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کریں گی۔ اس اسکیم کے پہلے مرحلے میں لاہور کے طلبہ میں 14 ہزار لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے تھے۔ دوسرے مرحلے میں بھی طلبہ میں میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ فراہم کیے جائیں گے۔

ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ انگریزی کی پی ایچ ڈی سکالر مس رقیہ صبا اشرف کو کامیاب مجلسی دفاع کے بعد ڈاکٹریٹ کی ڈگری دینے کی سفارش کر دی گئی

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ انگریزی کی پی ایچ ڈی سکالر مس رقیہ صبا اشرف کو کامیاب مجلسی دفاع کے بعد ڈاکٹریٹ کی ڈگری دینے کی سفارش کر دی گئی ترجمان کے مطابق مس رقیہ صبا اشرف کے پبلک ڈیفنس کی تقریب یوتھ سنٹر کچہری کیمپس میں منعقد ہوئی جس کی مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ تھیں جبکہ مس رقیہ کے تحقیقی مقالے کو عنوان سبالٹرن سٹرگل اینڈ ریپریزنٹیشن: اے کریٹیکل اسٹڈی آف ساؤتھ ایشین فکشن "تھا ان کے مقالے کی ایکسٹرنل (بقیہ نمبر 42)

صوبائی محتسب پنجاب نے جنوبی پنجاب میں عوامی خدمت پروگرام کا افتتاح

میڈیا آؤٹ ریچ ونگ اور موبائل وین کے ذریعے عوامی شکایات کے حل کا آغاز کر دیا، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) صوبائی محتسب پنجاب نے جنوبی پنجاب کے لیے عوامی خدمت پروگرام اور میڈیا آؤٹ ریچ ونگ کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب محمد کامران (بقیہ نمبر 33)

پاکستان کو دنیا سے جوڑنے کے مشن میں تجارتی سطح پر این ایل سی کی تاریخی کامیابی

نیشنل لاجسٹک سیل، ڈی پی ورلڈ نے متحدہ عرب امارات سے تاجکستان تک تجارتی سامان کی پہلی کامیاب ترسیل مکمل کر لی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو دنیا سے جوڑنے کے مشن میں تجارتی سطح پر این ایل سی نے [illegible] دارالحکومت دوشنبے پہنچا دی۔ 38 ٹن آٹو موبائل اسپیئر پارٹس کی کھیپ جبل علی پورٹ سے کراچی پہنچی تھی [illegible] امارات سے تاجکستان تک تجارتی سامان کی پہلی کامیاب ترسیل مکمل کر لی اور کھیپ تاجکستان کے ایل سی اور ڈی پی ورلڈ خلیجی ممالک اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے درمیان نئی راہداری فراہم کر رہی ہیں۔

محکمہ آرکائیو نے ویب سائٹس اور سوشل میڈیا اپ ڈیٹ کرنے کا حکم

لاہور (زیڈ این این) محکمہ آرکائیو نے اپنی تمام ویب سائٹس اور فیس بک پیجز کو اپ ڈیٹ کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ سیکرٹری آرکائیو اور ڈائریکٹر آرکائیو میوزیم سیدہ شمیم جعفری نے ہدایت کی کہ محکمہ آرکائیو [illegible] ہدایات جاری کی ہیں تاکہ ویب سائٹس کی مکمل اپڈیٹ اور فعال دیکھ بھال یقینی بنائی جا سکے۔

اوورسیز شہری اب بیرون ملک بیٹھ کر گاڑی رجسٹر کروا سکیں گے

ڈی جی ایکسائز نے بائیومیٹرک سہولت کے تحت رجسٹریشن اور ٹرانسفر کی اجازت دے دی

لاہور (زیڈ این این) اب اوورسیز پاکستانی شہری بیرون ملک بیٹھ کر گاڑی اور موٹر سائیکل کی خرید و فروخت اور رجسٹریشن [illegible] شہریوں کے شناختی کارڈز اور گاڑیوں کا ڈیٹا آپس میں منسلک ہے، اور نادرا پاک آئی ڈی کے تحت [illegible] تاکہ بائیومیٹرک شناخت کے ذریعے رجسٹریشن اور ٹرانسفر کی اجازت دی جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ وقت ضائع ہوتا تھا۔ بائیومیٹرک نظام سے ہزاروں گاڑیوں کے ٹرانسفر میں آسانی اور تیزی آئے گی

لاہور: جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود جامعہ اشرفیہ لاہور میں مولانا حافظ اسعد عبید اور مولانا زبیر حسن سمیت دیگر علماء سے ملاقات کر رہے ہیں

منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، 4 خواتین سمیت 14 ملزم گرفتار

کارروائیوں کے دوران 76 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 57.245 کلوگرام منشیات برآمد کی گئیں

گرفتار ملزمان کا طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف، مقدمات درج، تحقیقات شروع، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) اے این ایف نے ملک کے مختلف شہروں اور تعلیمی اداروں کے اطراف منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 10 کارروائیوں میں 4 خواتین سمیت 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیوں کے دوران 76 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 57.245 کلوگرام منشیات برآمد کی گئیں۔ گلگت میں یونیورسٹی روڈ کے قریب 2 ملزمان سے 4.800 کلو چرس برآمد ہوئی، جبکہ مانسہرہ میں کالج کے قریب ایک ملزم سے 500 گرام چرس برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان نے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دبئی جانے والے مسافر کے پیٹ سے 410 گرام وزنی 69 ہیروئن بھرے کیپسول برآمد ہوئے۔ لاہور میں کوریئر آفس سے نیوزی لینڈ بھیجے جانے والے پارسل سے 1.425 کلو آئس، رشاکئی ٹول پلازہ پر 3 خواتین کے قبضے سے 26.400 کلو چرس، 1 کلو ہیروئن، 2.400 کلو افیون اور 500 گرام آئس برآمد ہوئی۔ جامشورو ٹول پلازہ اور دیگر مقامات سے بھی بڑی مقدار میں منشیات برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

چترال: پاکستانی کوہ پیما سرباز خان عابد بیگ تریچ میر چوٹی سر کرنے کے موقع پر قومی پرچم اٹھائے کھڑے ہیں

لاہور میں بوندا باندی اور خوشگوار موسم کا سلسلہ جاری

دن بھر وقفے وقفے سے بارش اور مون سون کے اثرات کی پیشگوئی

[illegible] (بقیہ نمبر 39)

لاہور: بھنے کش بیک فروخت کرنے کیلئے پھیری لگا رہا ہے

لاہور میں ہول سیل اور دکانداروں کی ملی بھگت سے چینی کی قلت

[illegible]

اچھرہ میں 20 سالہ نوجوان نے مبینہ طور پر خودکشی کر لی

[illegible]

ڈپٹی کمشنر لاہور کا میونسپل سروسز کی بہتری کیلئے دوروں کا سلسلہ جاری

[illegible] (بقیہ نمبر 40)

ملک سیاسی، معاشی اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے: ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی نوجوانوں کو نظریہ، قیادت اور عملی میدان فراہم کر رہی ہے، علی ارتضیٰ حسنی

لاہور (زیڈ این این) جماعت اسلامی پی پی 165 کے زیر اہتمام عوامی کمیٹیوں کی تقریب حلف برداری اور ممبرز کنونشن مقامی شادی ہال میں نہایت شاندار اور پرجوش انداز میں منعقد ہوا۔ کنونشن کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر جماعت اسلامی ضلع لاہور

پاک، بنگلہ دیش تجارتی تعاون بڑھانا خوش آئند ہے: خادم حسین

دوطرفہ تجارت کو 5 سے 7 ارب ڈالر تک لے جانے کی گنجائش موجود ہے بیان

لاہور (زیڈ این این) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان تجارتی اور اقتصادی تعاون بڑھانے کیلئے پیشرفت کو خوش آئند

سیکرٹری داخلہ پنجاب کا پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کا دورہ

ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے تربیتی مراحل، ویپن ہینڈلنگ، جیل لاز اور اصلاحی کورسز کا جائزہ لیا

لاہور (زیڈ این این) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کا دورہ کیا اور تربیتی مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران آئی جی پریزن میاں فاروق نذیر، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن عاصم رضا، ڈی جی پروبیشن اینڈ پیرول شاہد اقبال، ڈی آئی جی پریزن (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد کے رہائشیوں کیلئے پانی اور سیوریج چارجز بڑھانے کا فیصلہ

سی ڈی اے بورڈ نے واٹر اینڈ سینیٹیشن چارجز بڑھانے کی منظوری دے دی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے رہائشیوں کیلئے بری خبر، سی ڈی اے کی جانب سے پانی اور سیوریج چارجز بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سی ڈی اے بورڈ نے واٹر اینڈ سینیٹیشن چارجز بڑھانے کی منظوری دے دی، اسلام آباد میں دس مرلہ گھر کے واٹر چارجز 280 رو (بقیہ نمبر 35)

ڈی جی پاسپورٹس نے سینٹرل اور ساؤتھ پنجاب میں 4 سب زونز تشکیل دے دیے

لاہور (زیڈ این این) ڈی جی پاسپورٹس نے شہریوں کی سہولت کے لیے سینٹرل پنجاب اور ساؤتھ پنجاب زونز میں 4 نئے سب زونز تشکیل دے دیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈی جی پاسپورٹس مصطفیٰ جمال قاضی نے بتایا کہ سینٹرل پنجاب میں آر پی او لاہور اور آر پی او گوجرانوالہ نئے سب زونز ہوں گے، جبکہ ساؤتھ پنجاب میں آر پی او ملتان اور آر پی او بہاولپور نئے سب زونز کے طور پر کام کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ فیصلہ شہریوں کو پاسپورٹ کی بروقت اور بہتر سروس فراہم کرنے کے لیے کیا گیا۔

پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان کی بڑی کامیابی، فتنہ الخوارج کی دہشتگردی کی سازش ناکام

سرچ آپریشن کے دوران جادے والی قبرستان کے قریب نصب آئی ای ڈی (IED) برآمد

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کی دہشت گردی کی سازش ناکام کر دی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ غازی خان پولیس نے جادے والی، قبائلی علاقہ تھانہ وہوا میں دہشت گردوں کا مکروہ منصوبہ ناکام بنا دیا۔ ڈیرہ غازی خان پولیس، ایس او یو اور ایلیٹ ٹیموں نے سرحدی علاقے جادے والی میں سرچ آپریشن کیا۔ سرچ آپریشن کے دوران جادے والی قبرستان کے قریب نصب آئی ای ڈی (IED) برآمد، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا دیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ خوارجی دہشتگردوں کی جانب سے نصب کی گئی IED کا ہدف سکیورٹی فورسز تھیں تاہم بروقت کارروائی سے علاقہ بڑے سانحے سے محفوظ



پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان کے افسران و اہلکار علاقے کو گھیرے میں لیے ہوئے ہیں، دہشت گردوں کی طرف سے قبرستان کے قریب نصب آئی ای ڈی IEDO کو بم ڈسپوزل سکواڈ کا اہلکار ناکارہ بنا رہا ہے۔

لاہور ہائیکورٹ نے حافظ آباد شہریوں کی بازیابی کی درخواست نمٹا دی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں چار شہریوں کی عدم بازیابی سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس طارق محمود باجوہ کی سربراہی میں سماعت کے دوران درخواست گزار حافظ اسد نواز نے چار شہریوں کی بازیابی کے لیے عدالت سے رجوع کیا۔ ڈی پی او عاطف نذیر نے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل چوہدری فضاء اللہ کے ہمراہ عدالت کو آگاہ کیا۔

سرکاری سکولوں میں بچوں کو دودھ اور بسکٹ فراہم کرنے کا اعلان

لاہور (زیڈ این این) محکمہ سکول ایجوکیشن نے اعلان کیا ہے کہ سرکاری سکولوں میں بچوں کو دودھ کے ساتھ بسکٹ بھی فراہم کیے جائیں گے۔ یہ پروگرام ابتدائی طور پر پنجاب کے 8 اضلاع میں شروع کیا جا رہا ہے، جن میں بھکر، بہاولنگر، ڈیرہ غازی خان، لیہ، راجن پور، میانوالی، مظفرگڑھ اور رحیم یار خان شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے سکول میل پروگرام کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا ہے، جس میں فیصلہ کیا جائے گا کہ دودھ اور بسکٹ کس برانڈ یا کمپنی کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے۔

لاہور ڈولفن سکواڈ نے خاتون ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور ڈولفن سکواڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے جونیئر کلرک خاتون کو ہراساں کرنے والے ملزم فضل عباس شیرازی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کو کینال روڈ مغلپورہ سے گرفتار کیا گیا، جہاں وہ خاتون کو زبردستی موٹر سائیکل پر بٹھانے کی کوشش کر رہا تھا۔ خاتون کے منع کرنے پر ملزم نے دست درازی کی۔ ڈولفن ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو پکڑ کر مغلپورہ پولیس کے حوالے کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ڈی آئی جی آپریشنز برانچ میں تعینات ہے۔

لاہور: اندرون شہر میں کاریگر لوہے کی بالٹی تیار کر رہا ہے

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں بارش کے دوران کبوتروں کا جھنڈ چوبارے پر بیٹھا ہوا ہے

سی سی ڈی کے پولیس مقابلے جاری، 48 گھنٹوں میں 7 ملزمان ہلاک

مبینہ پولیس مقابلے فیکٹری ایریا، باٹا پور، سبزہ زار، شفیق آباد، چوہنگ، نشتر کالونی اور ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں ہوئے

سی سی ڈی کے لاہور کے مختلف علاقے میں 7 مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جن میں پولیس کے زیر حراست 7 ملزمان ہلاک ہو گئے

لاہور (این این آئی) لاہور میں 48 گھنٹوں کے دوران سی سی ڈی کے 7 مبینہ پولیس مقابلوں میں 7 ملزم ہلاک 5 زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ میں پولیس ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ سی سی ڈی کے لاہور کے مختلف علاقے میں 7 مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جن میں پولیس کے زیر حراست 7 ملزمان ہلاک ہو گئے جبکہ پانچ ملزم زخمی بھی ہوئے۔ ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارے گئے، مبینہ پولیس مقابلے فیکٹری ایریا، باٹا پور (بقیہ نمبر 37)

پنجاب حکومت نے سی سی ڈی کو مزید مضبوط کرنے کا فیصلہ کر لیا

سائبر کرائم، منشیات اور قبضہ گروپوں کیلئے جدید اختیارات فراہم کیے جائیں گے، حکام

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی بہتری کے لیے سی سی ڈی (کاؤنٹر کرائم ڈویژن) کو مزید مستحکم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ حکومت کی ہدایت کے مطابق سی سی ڈی کو مستقبل میں نئے ٹارگٹس دیے جائیں گے، جن میں سائبر کرائم، منشیات اور منظم قبضہ گروپس شامل ہیں۔ سی سی ڈی خواتین کو ہراساں کرنے اور دیگر سائبر کرائم کے خلاف ایکشن لے گی۔ جدید گیجٹس اور ڈیٹا تک رسائی فراہم کر کے اس کے تمام سسٹم کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا۔

لاہور ہائیکورٹ میں موسم گرما کی تعطیلات کا آٹھواں ہفتہ شروع

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں موسم گرما کی چھٹیوں کے آٹھویں ہفتے کا آغاز ہو گیا ہے۔ عدالت عالیہ میں اس دوران پرنسپل سیٹ پر قائم مقام چیف جسٹس سمیت 16 ججز مختلف مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چھٹیوں کے آٹھویں ہفتے کے دوران چار ڈویژن بنچ تشکیل دی گئی ہیں جبکہ قائم مقام چیف جسٹس سمیت 16 ججز سنگل بنچ کی حیثیت سے بھی مقدمات کی سماعت جاری رکھیں گے۔

لاہور میں آئندہ ہفتے کچرا اٹھانے کے بل بھیجنے کا آغاز

ایل ڈبلیو ایم سی نے شہریوں کو مرحلہ وار سینیٹیشن بل بھیجنے کی تیاری مکمل کر لی

لاہور (زیڈ این این) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) کا کہنا ہے کہ لاہور میں آئندہ ہفتے سے کچرا اٹھانے کے بل شہریوں کو بھیجے جائیں گے۔ ترجمان کے مطابق ابتدائی طور پر پوش علاقوں اور کمرشل مارکیٹس سے فی مرلہ کے حساب سے بل لیے جائیں گے۔ شہر کے 9 ٹاؤنز میں مرحلہ وار سینیٹیشن بل بھیجے جائیں گے، جبکہ بلوں کی پرنٹنگ کا عمل جاری ہے اور آئندہ ہفتے شہریوں کو بل موصول ہونا شروع ہو جائیں گے۔ شہر میں 5 تا 40 مرلہ عمارتوں کے لیے بل کی رقم 300 سے 5000 روپے ہوگی، جبکہ دیہات میں اسی رقبے کی عمارتوں کے لیے بل 200 سے 400 روپے کے درمیان مقرر کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر اور مؤثر بنانا ہے تاکہ شہری علاقوں اور مارکیٹس کی صفائی میں بہتری لائی جا سکے۔

محکمہ ہائر ایجوکیشن کا کالجز کے داخلوں کو شفاف بنانے کا اعلان

صوبہ بھر کے کالجز کی میرٹ لسٹیں آن لائن ویب سائٹس اور پورٹل پر اپلوڈ کر دی گئیں، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) محکمہ ہائر ایجوکیشن نے صوبہ بھر کے سرکاری کالجز میں داخلوں کو شفاف بنانے کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے کالجز کی میرٹ لسٹیں اپنی ویب سائٹس اور کالج ایڈمشن پورٹل پر اپلوڈ کر دی ہیں۔ ایچ ای ڈی کے مطابق پورٹل پر لاہور سمیت تمام صوبائی کالجز کی تازہ ترین میرٹ لسٹیں موجود ہیں اور امیدوار اپنی مراتب کے ساتھ داخلہ میرٹ بھی دیکھ سکتے ہیں۔ ہر کالج میں جاری (بقیہ نمبر 36)

وکلاء کے وفد استحکام پاکستان پارٹی کے صدر سے ملاقات

صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب نے پارٹی میں وکلاء کی شمولیت کا خیر مقدم کیا

لاہور (زیڈ این این) وکلاء کے وفد نے استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کے صدر ملک زمان نصیب سے ملاقات کی اور پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ ایڈووکیٹس ہائیکورٹ نے صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ صدر آئی پی پی لاہور ملک زمان نصیب نے پارٹی پرچم پہنا کر وکلاء کا استقبال کیا۔ ملاقات میں سید ذوہیب سعید، عاطف اسلم، میاں زوہیب اور دیگر ایڈووکیٹس نے شرکت کی۔

لاہور بادامی باغ سبزی منڈی میں دوکاندار گاہکوں کے منتظر ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور: پولیس کی نفری پریس کلب کے باہر احتجاج کے موقع پر کسی بھی خوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے تعینات ہے